تم کرو گے تو بیشک اللہ اسے خوب جانتا ہے۔ (۲۱۵) تم پر جہاد فرض کیا گیا خواہ وہ تمہیں اچھا نہ لگتا ہو۔
لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا
اور ہو سکتا ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرو مگر وہ تمہارے لیے بہتر ہو۔ اور کسی چیز کو تم پسند کرو
شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ ع ۲۶ ۱۰
مگر وہ تمہارے لیے بُری ہو۔ اور یہ اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ (۲۱۶)وہ آپ سے دریافت کرتے ہیں
عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ
کہ حُرمت والے مہینے میں جنگ کا کیا حکم ہے، فرمایئے کہ اُن میں جنگ بڑا گناہ ہے اور اللہ کی راہ
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۗ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ
سے روک دینا اور اس کے ساتھ کفر کرنااور مسجد حرام سے روکنا اور اس میں رہنے والوں کو
مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ
وہاں سے نکال دینا اللہ کے ہاں بڑے گناہ ہیں کیونکہ فتنہ قتل سے بھی بڑا گناہ ہے۔ اوروہ تم سے ہمیشہ لڑتے

يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ وَمَنْ

رہیں گےاور اُن سے ہوسکا تو تمہیں تمہارے دین سے ہٹانے کی کوشش کریں گے اور جو تم میں سے

يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ

اپنے دین سے پھر جائے اور وہ حالتِ کفر میں مر جائے، پس یہی لوگ ہیں جن کے اعمال

اَعْمَالُهُمْ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

دنیا اور آخرت میں ضائع ہو گئے۔ اور وہ لوگ دوزخی ہیں وہ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢١٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا

اس میں ہمیشہ رہیں گے۔(۲۱۷)بیشک وہ لوگ جو ایمان لائے اور جنہوں نے اللہ کے لئے ہجرت کی اور اللہ کے لیے

فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

جہاد کیا وہ اللہ کی رحمت سے اُمید رکھتے ہیں اور اللہ بخشنے

رَّحِيْمٌ ﴿٢١٨﴾ يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ

والارحیم ہے۔(۲۱۸)آپ سے شراب اور جوئے کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ آپ فرما دیجئے کہ اُن دونوں میں بڑا گناہ ہے

وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ وَيَسْــَٔلُوْنَكَ

اگرچہ تھوڑا نفع بھی ہے مگر اُن کا گناہ اُن کے نفع سے بڑا ہے۔ اور آپ سے پوچھتے ہیں

مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۗ قُلِ الْعَفْوَ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

کہ کیا خرچ کریں۔ تو اُنہیں بتا دیجئے کہ جو بچا ہو تو اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنی آیتیں بیان کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢١٩﴾ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَيَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ

تاکہ تم غور و فکر کرو۔(۲۱۹) دنیا اور آخرت کے بارے میں اور آپ سے یتیموں کے بارے میں پوچھتے ہیں۔

الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ؕ

فرمادیجئے کہ ان کی اصلاح کرنا نیکی ہے، اور اگر اُنہیں اپنے ساتھ ملا لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں۔

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ؕ

اور اللہ اصلاح کرنے والے ' فساد کرنے والے کو خوب جانتا ہے اور اللہ چاہتا تو تمہیں مشقت میں ڈالتا،

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٢٠﴾ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ

بیشک اللہ غالب حکمت والا ہے۔ (۲۲۰) اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہوجائیں۔

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بـ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" ۔تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّ لَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا

بیشک مسلمان لونڈی مشرکہ سے بہتر ہے خواہ وہ تمہیں کتنی اچھی کیوں نہ لگتی ہو ، اور نہ اپنی عورتوں کا

الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ

مشرکوں سے نکاح کرو جب تک وہ ایمان نہ لے آئیں۔ اور مومن غلام مشرک سے بہتر ہے

وَّ لَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۖۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا

خواہ وہ تمہیں اچھا لگتا ہو۔ وہ دوزخ کی طرف بلاتے ہیں اور اللہ اپنے حکم سے

اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ

جنت اور مغفرت کی طرف بلاتا ہے اور اپنی آیات لوگوں کے لیے بیان فرماتاہے تاکہ وہ

يَتَذَكَّرُوْنَ ۝٢٢١ وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ ع ٢٧ ٥ ١١

نصیحت حاصل کریں۔ (۲۲۱) اور آپ سے حیض کے متعلق پوچھتے ہیں۔ فرما دیں وہ گندگی ہے

فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَ لَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى

پس حیض کی حالت میں عورتوں سے الگ رہو۔ اور اُن کے پاک ہونے تک

يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ

اُن کے پاس نہ جاؤ۔ پھر جب وہ پاک ہو جائیں تو اُن کے پاس وہاں سے آؤ جہاں سے اللہ نے حکم دیا ہے

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝٢٢٢ نِسَآؤُكُمْ

بیشک اللہ توبہ کرنے والوں اور پاکیزہ رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (۲۲۲) تمہاری عورتیں

حَرْثٌ لَّكُمْ ۖ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَ قَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ؕ

تمہارے لیے کھیتی کی مانند ہیں، پس اپنی کھیتی میں آؤ جب تم چاہو۔ اور بھلائی کا کام اپنے لیے پہلے کرو۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝٢٢٣

اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ تم اس سے ملنے والے ہو۔ اور مومنین کے لیے بشارت ہے۔(۲۲۳)

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَ تَتَّقُوْا وَ

اور اللہ کو اپنی قسموں کا نشانہ نہ بناؤ یہ کہ نیکی کرو اور پرہیزگار بنو اور

تُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝٢٢٤ لَا يُؤَاخِذُكُمُ

لوگوں کے درمیان صلح کرا دو۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ (۲۲۴) اللہ اُن قسموں کے

غُنَّة: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ ۔ تین الف کے برابر ــ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ یُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ

بدلے میں نہیں پکڑتا جو بے ارادہ نکل جائیں ہاں البتہ اُن اعمال کا مواخذہ کرتا ہے جو تمہارے

قُلُوْبُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِیْنَ یُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآىٕهِمْ

دلوں نے کیے۔اور اللہ معاف کرنے والا حلم والا ہے۔ (۲۲۵) وہ لوگ جو اپنی بیویوں کے پاس نہ جانے کی قسم کھا بیٹھے ہیں

تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۲۶﴾

تو اُن کے لیے چار ماہ ہیں۔ پس اس میں رجوع کرلیں تو اللہ غفور ہے رحم والا ہے۔ (۲۲۶)

وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ

اور اگر وہ طلاق کا پختہ ارادہ کرلیں تو بیشک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔(۲۲۷) اورطلاق یافتہ عورتیں

یَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَلَا یَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ یَّكْتُمْنَ

اپنے آپ کو تین قروء۔ یعنی تین حیض تک روکے رکھیں اور اُن کے لیے جائز نہیں کہ اس کو چھپائیں

مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِیْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ یُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَ الْیَوْمِ

جو اللہ نے اُن کے پیٹ میں پیدا کیا ہے۔ بشرطیکہ وہ اللہ اور یوم آخرت پر ایمان

الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِیْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ؕ

رکھتی ہوں۔ اور اس مدت کے دوران اُن کے شوہروں کو اُنہیں رکھ لینے کازیادہ حق ہے اگر وہ اصلاح چاہیں۔

وَ لَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۪ وَلِلرِّجَالِ عَلَیْهِنَّ

اور عورتوں کا بھی اسی کے مثل جانا پہچانا حق ہے۔ اور مردوں کو اُن پر فضیلت حاصل ہے۔

دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ﴿۲۲۸﴾ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ ع ۲۸ ۷ ۱۲

اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔(۲۲۸) طلاق دوبار ہے پھر یا تو عمدہ طریقے سے اسے روک لیا جائے

اَوْ تَسْرِیْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ وَلَا یَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَیْتُمُوْهُنَّ

یا اچھے طریقے سے اسے چھوڑ دیا جائے او یہ تمہارے لیے درست نہیں کہ جو کچھ تم نے اُنہیں دیا تھا یعنی مہر اس

شَیْـًٔا اِلَّآ اَنْ یَّخَافَآ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا یُقِیْمَا

سے کچھ واپس لے لو مگر یہ کہ اگر دونوں کو یہ خوف ہو کہ وہ اللہ کی حدوں کو قائم نہ رکھ سکیں گے اس حال میں کہ

حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَا فِیْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ

حدود الٰہی قائم نہ رہیں گی تو اُن دونوں پر کچھ گناہ نہیں کہ عورت کچھ فدیہ دے کر علیحدگی حاصل کرلے۔ یہ

حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ

اللہ تعالٰی کی حدیں ہیں اُن سے تجاوز نہ کرو۔ اور جو اللہ کی حدود سے تجاوز کریں گے وہی لوگ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٢٩﴾ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى

ظالم ہوں گے ۔ (۲۲۹) پس تیسری بار طلاق دے دی تو اب وہ عورت اس وقت اس کے لیے حلال نہیں جب تک کہ وہ

تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ

کسی اور خاوند سے نکاح نہ کرے۔ پھر وہ دُوسرا اسے طلاق دیدے تو دونوں پر کچھ گناہ نہیں کہ اب رجوع کرلیں

اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا

بشرطیکہ وہ حدود اللہ کو قائم رکھیں، اور یہ اللہ کی حدیں ہیں جو اللہ

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٢٣٠﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ

اہل علم کے لیے بیان فرماتا ہے۔ (۲۳۰)اور جب عورتوں کو طلاق دے چکو اور وہ عدّت کی مدّت ختم کرنے والی ہوں

فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۠ وَلَا تُمْسِكُوْهُنَّ

تو اُنہیں عمدہ طریقے سے روک لو یا بھلائی کے ساتھ رُخصت کر دو۔ اور صرف ستانے کے لیے روکے رکھنا

ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا

زیادتی ہے۔ اور جو اس طرح کرے گا وہ بیشک اپنے اُوپر ظلم کرے گا۔ اور اللہ کی نشانیوں کو

تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۫ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ

مذاق نہ بناؤ۔ اور اپنے اُوپر اللہ کی دی گئی نعمت کو یاد کرو اور اس نے تم پر

عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

کتاب اور حکمت کو نازل فرمایا اس کے ذریعے تمہیں نصیحت کرتا ہے، اور اللہ سے ڈرو اور جان لوکہ

اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٣١﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ ع ٢٩ ٣ ١٣ الثلثة

بیشک اللہ ہر چیز کا عِلم رکھنے والا ہے۔ (۲۳۱) اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو تو پھر جب وہ

اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا

اپنی مدّت پوری کرلیں تو اُنہیں نہ روکو کہ وہ کسی اور شوہر کے ساتھ رضامندی سے عمدہ طریقے سے

بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ

نکاح کرلیں۔ یہ تم میں سے اُس کے لیے نصیحت ہے جو اللہ

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

● "مَدّ" ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَ اَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو۔ یہ تمہارے لیے پاکیزگی اور طہارت ہے، اور اللہ کو علم ہے

وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ

اور تم نہیں جانتے ہو۔ (۲۳۲) اور مائیں اپنی اولاد کو پورے دو سال تک

كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَ عَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ

دودھ پلائیں یہ اس کے لیے ہے جو پوری رضاعت کرنا چاہے اور اس دوران بچے والے

رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

پر کھانے اور کپڑے کا خرچہ دستور کے مطابق ہوگا۔ مگر کسی پر اس کی وسعت سے بڑھ کر بوجھ نہ ڈالا جائے۔

لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِهَا وَ لَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۗ وَعَلَى

نہ تو ماں کو تکلیف میں ڈالا جائے کہ بچہ اس کا ہے اور نہ والد کو بچے کی وجہ سے کوئی نقصان پہنچایا جائے اس کا حق

الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَ

مثل وارث کے ہے۔ پھر اگر ماں باپ دونوں آپس کی رضا مندی اور مشورے سے

تَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ وَ اِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا

دودھ چھڑانا چاہیں تو اُن پر کوئی گناہ نہیں۔ اور اگر تم دائیوں سے اپنے بچوں کو دودھ پلوانا چاہو

اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ

تو پھر بھی کوئی حرج نہیں جو خرچہ مقرر کیا ہو اسے اچھے انداز میں ادا کردو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ

اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ بیشک جو تم کرتے ہو اللہ اُسے جانتا ہے۔(۲۳۳) اور تم میں سے

يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَ يَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ

جو وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں تو اُنہیں چار مہینے دس دن مدت

اَشْهُرٍ وَّ عَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

عِدّت پوری کرنی چاہیے پھر جب عدّت کی مدت پوری ہو جائے تو تم پر کچھ مواخذہ نہیں کہ وہ

فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾

اپنے لیے جو بہتر طریقہ ہو اختیار کر لیں اور اللہ تمہارے ہر عمل سے خبردار ہے۔ (۲۳۴)

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

إِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ

اس پر کچھ گناہ نہیں کہ تم اُن عورتوں کو اشارتاً یا کنایۃً نکاح کا پیغام دو

اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ

یا اپنے دل میں پوشیدہ رکھو۔ اللہ خوب جانتا ہے کہ تم ضرور اُن سے ذکر کرو گے، لیکن

لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬ؕ وَلَا تَعْزِمُوْا

تم اُن سے پوشیدہ وعدہ نہ کرلو البتہ اتنی بات کہو جو ہر لحاظ سے عمدہ ہو۔ اورنکاح پختہ

عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

اس وقت تک نہ کرو جب تک عدّت ختم نہ ہوجائے، اور یاد رکھو کہ بیشک اللہ تمہارے دلوں کے پوشیدہ

مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ ع ۳۰ ۴ ۱۴

راز بھی جانتا ہے پس اس سے ڈرو۔ اور جان لو کہ بیشک اللہ بخشش والا حلم والا ہے۔ (۲۳۵)

لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ

تم پر کوئی گناہ نہیں کہ جس عورت کے ساتھ تم نے خلوت نہ کی ہو یا

تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖۚ وَّ مَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ

اس کا مہر مقرر نہ کیا ہو اُسے طلاق دے دو۔ مگر کچھ فائدہ ضرور دو، امیر اپنی طاقت کے مطابق

وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾

اور غریب اپنی ہمت کے مطابق دے عمدہ طریقے سے دینا اچھا ہے۔ یہ احسان کرنے والوں پر حق ہے۔(۲۳۶)

وَ اِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَ قَدْ فَرَضْتُمْ

اور اگر تم نے عورتوں سے خلوت کیے بغیر طلاق دے دی اور اُن کے لیے کچھ مہر مقرر کر چکے

لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا

تھے ، تو جتنا مقررہوا تھا اس کا نصف دینا ضروری ہے۔ اگر یہ معاف کر دیں یا وہ شخص معاف کردے

الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ؕ وَ

جس کے ہاتھ میں نکاح کی گرہ ہو تو جائز ہے۔ اور تمہارا معاف کردینا تقویٰ کے بہت قریب ہے۔اور

لَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾

آپس کے احسان کو فراموش نہ کرو۔ بیشک اللہ دیکھ رہا ہے جو تم کرتے ہو۔ (۲۳۷)

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

''مَدّ'' ۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۗ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿٢٣٨﴾

نمازوں کی حفاظت کرو اور خاص کر درمیانی نماز کی پابندی کرو اور اللہ کے حضور مؤدب ہو کر کھڑے رہا کرو۔(۲۳۸)

فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا

بدامنی میں پیدل ہو یا سوار نماز کی پابندی کرو، پس جب امن ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کا اس طرح ذکر کرو جس طرح

عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٣٩﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَ

اس نے تمہیں سکھایا ہے جسے پہلے تم نہیں جانتے تھے۔(۲۳۹) اور تم میں جو لوگ وفات پاجائیں اور

يَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ

بیویاں چھوڑ جائیں تو اُن کو چاہیے کہ اپنی ازواج کیلئے وصیت کرجائیں کہ سال بھر تک خرچے کا فائدہ اُٹھائیں۔

فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ

اور اُنہیں گھر سے نہ نکالا جائے، پس اگر وہ خود نکل جائیں توتم پرکوئی مواخذہ نہیں پھر جو وہ اپنی ذات کے لئے

مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٤٠﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ حَقًّا

بہتری کریں (تو کر لینے دو) اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔(۲۴۰) اور طلاق شدہ عورتوں کو اچھے طریقے سے کچھ دینا ضروری ہے

عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿٢٤١﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٢٤٢﴾ اَلَمْ ع ۳۱ ۷ ۱۵

کیونکہ یہ اہلِ تقویٰ پر حق ہے۔(۲۴۱) اللہ تعالیٰ اسی طرح تم پر اپنی آیات بیان فرما رہا ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔(۲۴۲) اے محبوب!

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۖ فَقَالَ

آپ نے نہ دیکھا کہ جو موت کے ڈر سے اپنے گھروں میں سے نکلے وہ ہزاروں تھے۔ تو اللہ تعالیٰ نے

لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۟ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَ

اُن سے کہا کہ مر جاؤ، پھر انہیں زندہ کیا۔ بیشک اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے اور

لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٢٤٣﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا

اکثر لوگوں میں ایسے ہیں جو شکر نہیں کرتے۔ (۲۴۳) اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور جان لوکہ

اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٤٤﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

بیشک اللہ سُنتا ہے جانتا ہے۔(۲۴۴) کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ کی صُورت میں قرض دے

فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۗ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۖ وَاِلَيْهِ

تو اللہ اس کے لیے اضافہ فرما دے جو اضافہ کثیرہ ہو۔ اور اللہ تنگی اور کشادگی کرنے والا ہے اور اسی کی

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وقف لازم

تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٤٥﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰی

طرف لوٹ کر جانا ہے۔(۲۴۵) اے محبوب! کیا آپ نے نہ دیکھا کہ بنی اسرائیل کا ایک گروہ تھا جو حضرت موسیٰؑ کے بعد ہوا۔

اِذْ قَالُوْا لِنَبِیٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ

تو جب اُنہوں نے اپنے نبی سے کہا کہ ہمارے لیے ایک بادشاہ نامزد کردیں تاکہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد کریں۔ تو نبی نے فرمایا

هَلْ عَسَیْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ قَالُوْا وَمَا

عنقریب تم پر جہاد فرض کر دیا جائے گا مگر تم پھر جہاد نہ کرو گے۔ تو وہ کہنے لگے کہ ہمیں

لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِیَارِنَا وَ

کیا ہوا ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں نہ لڑیں گے۔ کیونکہ ہمیں اپنے وطن سے اور اولاد سے

اَبْنَآىِٕنَا ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَ

نکال دیا گیا ہے۔ تو پھر جب اُن پر جہاد فرض کر دیا گیا تو وہ پھر گئے مگر تھوڑے سے رہ گئے، اور

اللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِالظّٰلِمِیْنَ ﴿٢٤٦﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِیُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ

اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ (۲۴۶) اور اُن کے نبی نے کہا کہ بیشک اللہ نے طالوت

لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْۤا اَنّٰی یَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَیْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ

کو تمہارا بادشاہ مقرر کردیا ہے۔ تو کہنے لگے کہ وہ ہمارا حکمران کیسے ہو سکتا ہے کیونکہ بادشاہت کا حق ہمارا زیادہ ہے

بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ یُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ

کیونکہ اسے مال میں وسعت نہیں دی گئی۔ فرمایا بیشک اللہ نے اسے تم پر منتخب کر لیا ہے

عَلَیْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِی الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ یُؤْتِیْ مُلْكَهٗ

کیونکہ اسے عِلم اور جسم کی بساط میں زیادہ کردیا گیا ہے۔ اور اللہ جسے چاہتا ہے اپنا ملک

مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿٢٤٧﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِیُّهُمْ اِنَّ اٰیَةَ مُلْكِهٖۤ

دے دیتا ہے، اور اللہ وسعت والا علم والا ہے۔(۲۴۷)اور اُن کے نبی نے اُن سے کہا کہ بادشاہی کی نشانی یہ ہے

اَنْ یَّاْتِیَكُمُ التَّابُوْتُ فِیْهِ سَكِیْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِیَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ

کہ تمہارے پاس تابوت آجائے گا جس میں تمہارے رب کی طرف سے سکون ہے

اٰلُ مُوْسٰی وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمْ

اور حضرت موسیٰؑ اور آل ہارون کے ترکہ کی کچھ بچی ہوئی چیزیں ہیں اسے فرشتے اُٹھائے ہوئے لائیں گے بیشک اس میں تمہارے لیے نشانی ہے

● غُنَّه: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بَ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

● "مَدّ" ،، تین الف کے برابر ⁓ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٤٨﴾ فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ ع ٣٢ ٢ ١٦

اگر تم اہل ایمان سے ہو۔(۲۴۸) پھر جب طالوت لشکر کے ساتھ شہر سے نِکلا تو اس نے کہا کہ بیشک اللہ

مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ

تمہیں ایک نہر سے آزمانے والا ہے پس جو کوئی اس میں پانی پیے گا تو وہ میرا ساتھی

فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا

نہ ہوگا۔اور جو نہ پیے تو بیشک وہ میرا ہوگا لیکن اپنے ہاتھ میں چلو بھر پانی لینے میں کوئی حرج نہیں۔تو اس نہر میں سے ماسوائے چند کے

مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا

سب نے پانی پیا ، پھر جب طالوت اور جو ایمان لائے تھے نہر کے پار اُن کے ساتھ گئے تو کہنے لگے کہ آج

الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا

ہم میں جالوت کے لشکر کے ساتھ مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں۔ جن لوگوں کو اللہ سے ملاقات پر یقین تھا،

اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ مَعَ

نے کہا کہ کئی مرتبہ تھوڑی جماعت اللہ کے حکم سے کثیر جماعت پرغالب آجاتی ہے اور اللہ صبر کرنے والوں

الصّٰبِرِيْنَ ﴿٢٤٩﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا

کے ساتھ ہے۔(۲۴۹) اور پھر جب جالوت اور اس کی فوج کے سامنے آئے تو دُعا کی کہ اے ہمارے رب! ہمارے صبر میں

صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٥٠﴾ فَهَزَمُوْهُمْ

زیادتی فرما اور ہمیں ثابت قدم کردے اورکافروں کی قوم پر ہماری مدد فرما۔(۲۵۰) تو اُنہوں نے اللہ کے حکم سے

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۣۙ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَ

اُنہیں بھگا دیا، اور حضرت داؤدؑ نے جالوت کوقتل کردیا اور اللہ تعالیٰ نے اُنہیں مملکت اور حکمت عطا فرمائی اور

عَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَاۗءُ ۭ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ

اپنی چاہت کے مطابق عِلم عطا فرمایا۔ اور اگر اللہ بعض لوگوں کے ذریعے بعض کو دفع نہ کرے

لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٥١﴾ تِلْكَ

تو زمین میں فساد برپا ہوتا رہے مگر اللہ ساری دُنیا پر فضل کرنے والا ہے۔(۲۵۱) یہ اللہ

اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٥٢﴾

کی آیتیں ہیں جنہیں ہم حق کے ساتھ بیان کرتے ہیں، اور بیشک آپ اللہ تعالیٰ کے مرسلین میں سے ہیں۔(۲۵۲)

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

إِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ

یہ رسول ہیں جن میں سے بعض کو ہم نے بعض پر فضیلت دے رکھی ہے اُن میں سے

كَلَّمَ اللّٰهُ وَ رَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

بعض وہ ہیں جن سے اللہ نے کلام کیا اور بعض کے درجات ہیں۔ اورعیسیٰ ابن مریم کو ہم نے

الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ

روشن نشانیاں عطاکیں اور روح القدس سے اُن کی تائید کی، اور اللہ چاہتا تو اُن سے بعد میں آنے والے لوگ

مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا

اپنے پاس کھلی نشانیاں آنے کے بعد آپس میں نہ لڑتے لیکن اُنہوں نے اختلاف کیا

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۗ

اُن میں سے کچھ تو ایمان لے آئے اور کچھ نے انکار کیا۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ قتل نہ کرتے۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ﴿٢٥٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا ع ٣٣ ٥

مگر اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ (۲۵۳) اے ایمان والو! جو رزق ہم نے تمہیں

رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّ

دے رکھا ہے اُس میں سے اس دن کے آنے سے پہلے خرچ کرو جس میں نہ تجارت اور نہ کافروں کے لئے

لَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٥٤﴾ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

دوستی اور نہ شفاعت کام آئے گی۔اور کافرہی ظالم ہیں۔(۲۵۴) اللہ ہی معبود برحق ہے اُس کے سوا کوئی نہیں ،وہ

اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

زندہ قائم ہے، اُسے اونگھ اور نیند نہیں آتی، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ

اُسی کا ہے۔ کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیراس کے پاس شفاعت کرے۔ وہ جانتا ہے

مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ

جو اُن کے آگے ہے اور جو کچھ پیچھے ہوا ہے اور وہ اس کے عِلم میں سے کسی چیز کا

عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَ

احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اور اس کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کا احاطہ کیا ہوا ہے۔اور

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ۔۔تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

لَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي

اُن کی حفاظت اس پر دشوار نہیں، اور وہ عالی عظمت والا ہے۔ (۲۵۵) دین اسلام میں

الدِّيْنِ ۙۗ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

زبردستی نہیں ہے۔ تحقیق کہ سیدھی راہ گمراہی سے الگ ہو چکی ہے۔ پس جو کوئی اُن کی پوجنے والی چیزوں کا

وَ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ

انکار کرے اور اللہ پر ایمان لائے تو اس نے مضبوط رسی تھام رکھی ہے جو کبھی ٹوٹنے والی

لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ

نہیں۔ اور اللہ سُننے والا جاننے والا ہے۔ (۲۵۶) اللہ اہلِ ایمان کا مدد گار ہے جو اُنہیں ظلمت سے

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ

نکال کر نور میں لاتا ہے۔ اور کافر لوگوں کے دوست شیطان ہیں۔

يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ

جو اُنہیں نور سے ظلمت کی طرف لے جاتے ہیں۔ وہی لوگ آگ کا عذاب پانے والے ہیں جس میں وہ

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِىْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِىْ رَبِّهٖٓ اَنْ ع ۳۴ ۴ ۲

ہمیشہ رہیں گے۔(۲۵۷) اے محبوب! آپ نے اسے نہیں دیکھا جس نے اپنے رب کے بارے میں

اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِىْ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۙ وقف لازم

حضرت ابراہیمؑ سے جھگڑا کیا کہ اللہ نے اسے بادشاہت دے رکھی تھی، جب حضرت ابراہیمؑ نے کہا کہ میرا رب وہ ہے جو مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے

قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَ اُمِيْتُ ۗ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ

تو اس نے کہا کہ میں بھی زندہ کرتا ہوں اور مارتا بھی ہوں تو حضرت ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ میرا رب مشرق سے سورج طلوع کرتا ہے

مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِىْ كَفَرَ ۗ

پس تو اسے مغرب سے طلوع کر کے لا ، پس جس نے کفر کیا تھا اس کے ہوش اُڑ گئے

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٥٨﴾ اَوْ كَالَّذِىْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ

اور اللہ تعالیٰ ظالموں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔(۲۵۸) اس کی مثال یوں سمجھئے کہ ایک شخص ایسی بستی سے گزرا

وَّ هِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ

جو اپنی چھتوں پر اُلٹی گری پڑی تھی۔ تو اس نے کہا کہ اللہ اسے ختم کرنے کے بعد

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ

کیسے زندہ کرے گا۔تو اللہ تعالیٰ نے سو برس اُسے مردہ رکھنے کے بعد زندہ فرمادیا۔تو اس سے پوچھا گیا کہ تم کتنا عرصہ ٹھہرے تو اس نے کہا

قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ

کہ میں دن بھر یا اس سے کچھ کم ٹھہرا ہوں گا۔ تو اللہ نے کہا کہ تم یہاں سو سال ٹھہرے ہو۔ اپنے

فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ

کھانے کی طرف دیکھو اور اپنے پینے والے پانی کی طرف دیکھو وہ خراب نہیں ہوا۔ اور اپنے گدھے کی طرف دیکھو کہ وہ مر پڑا

وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا

ہے اور ہم اسے لوگوں کیلئے نشانی کر دینا چاہتے ہیں اور دیکھو اس کی ہڈیاں کس طرح بکھری پڑی ہیں

ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

پھر ہم اُن پر گوشت کیسے چڑھاتے ہیں۔ پس جب اس پر یہ حقیقت ظاہر ہوگئی تو اس نے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ بیشک اللہ تعالیٰ

شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٥٩﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِىْ كَيْفَ تُحْىِ الْمَوْتٰى ؕ

ہر چیز پر قادر ہے۔(۲۵۹) اور جب حضرت ابراہیمؑ نے کہا کہ اے میرے ربّ مجھ پر ظاہر فرما کہ تو موت کے بعد

قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِىْ ؕ قَالَ فَخُذْ

کیسے زندہ کرتا ہے تو اللہ نے کہا کہ آپ مجھ پر ایمان نہیں لائے تو حضرت ابراہیمؑ نے کہاہاں،لیکن میں اپنے دل کا اطمینان چاہتا ہوں۔تو

اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ

اللہ نے کہا کہ چار پرندے لیں۔ پھر انہیں اپنی طرف مانوس کرلیں پھر (ذبح کرکے) ہر پہاڑ پر اُن کا ایک ایک ٹکڑا

مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

رکھ دیں پھر انہیں اپنی طرف بلائیں تو وہ تمہاری طرف دوڑتے ہوئے آئیں گے اور جان لو کہ بیشک اللہ غالب

حَكِيْمٌ ﴿٢٦٠﴾ ع مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ ع ٣٥ ٢ ٣

حکمت والا ہے۔(۲۶۰) جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے ہیں اُن کی مثال ایک دانے کی مثل ہے

حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِىْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ

جس میں سات بالیاں نکلیں اور ہر بالی میں ایک سو دانہ ہو، اور

وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦١﴾ اَلَّذِيْنَ

اللہ تعالیٰ اضافہ فرما دیتا ہے جس کے لیے چاہے۔ اور اللہ وسیع علم والا ہے۔ (۲۶۱) جو لوگ

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

”مَدّ“ ۔تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا
اللہ کی راہ میں اپنے مال کو خرچ کرتے ہیں پھر اس کے سبب نہ احسان جتلاتے ہیں
مَنًّا وَّ لَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
اور نہ دُکھ دیتے ہیں۔ اُن کے لیے اپنے رب کے ہاں اجر ہے اور اُن پر نہ کوئی خوف ہے
وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٦٢﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ مَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ
اور نہ وہ غمزدہ ہوں گے۔ (۲۶۲) اچھی بات کہنا اور خطا معاف کردینا اس صدقہ سے
صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿٢٦٣﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
بہتر ہے جس کے پیچھے اذیت ہو، اور اللہ تعالیٰ غنی ہے حلم والا ہے۔(۲۶۳) اے ایمان
اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَ الْاَذٰى ۙ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ
والو! اپنے صدقات کو احسان جتلا کر اور اذیت دے کر ضائع نہ کرو۔ اس شخص کی طرح
مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ
جو اپنے مال کولوگوں میں دکھاوے کے لیے خرچ کرتا ہے اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا ۔ اس کی مثال
كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ
یوں ہے کہ صاف پتھر پر مٹی پڑی ہو پھر اس پر بارش پڑے تو اسے بالکل صاف کرجائے۔
لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
پس وہ یعنی ریاکار اس سے جو انہوں نے کمایا کچھ حاصل نہ کر سکیں گے اور اللہ انکار کرنے والی قوم کو
الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٦٤﴾ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ
ہدایت نہیں دیتا۔(۲۶۴) اور اُن کی مثال جو اپنے مال کو اللہ کی رضا کے لیے خرچ کرتے ہیں اور اپنے
اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ
نفس کو ثابت قدم رکھتے ہیں اس باغ کی مثل ہے جو ایک بلند مقام پر ہو پھر اس پر
فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا
زور سے بارش ہو جس سے اس کا پھل دوگنا ہوگیا ہو پھر اگر اس پر بارش نہ برسے تو اس کے لیے شبنم کافی ہو۔ اور اللہ
تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٢٦٥﴾ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ
دیکھتا ہے جو تم عمل کرتے ہو۔(۲۶۵) کیا تم میں سے کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کا ایک باغ

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز کھڑا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لا لَهٗ فِيْهَا مِنْ

کھجوروں اور انگوروں کا ہو جس کے نیچے نہریں بہتی ہوں۔ اس کے علاوہ اس میں

كُلِّ الثَّمَرٰتِ لا وَ اَصَابَهُ الْكِبَرُ وَ لَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ صلے فَاَصَابَهَآ

ہرطرح کے پھل بھی ہوں اور وہ خود بوڑھا ہو اور اس کی اولاد بھی کمزور ہو۔ کیا اس حال میں وہ چاہے

اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ط كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

کہ آگ کا ایک شعلہ جو اس کے باغ کو راکھ کر دے۔اسی طرح اللہ تعالی تمہارے لیے اپنی آیتیں بیان کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ع ﴿٢٦٦﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ ٣٦ ع ٢ ٤

تاکہ تم فکر کرو۔ (٢٦٦) اے ایمان والو! اپنی پاکیزہ کمائی میں سے خرچ کرو اور اس میں

مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ص وَ لَا تَيَمَّمُوا

سے جو ہم نے تمہارے لیے زمین میں سے نکالا ہے۔ اور اپنی کمائی میں سے

الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَ لَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا

ناقص چیز خرچ کرنے کا ارادہ نہ کرو حالانکہ اگر تمہیں کوئی ناقص چیز دے تو تم نہ لو گے جب تک کہ تم اس میں

فِيْهِ ط وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٢٦٧﴾ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ

چشم پوشی نہ کرو، اور جان لو بیشک اللہ غنی ہے تعریف کیا گیا ہے۔(٢٦٧) شیطان تنگ دستی سے تمہیں خوفزدہ

الْفَقْرَ وَ يَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ج وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ

کرتا ہے اور فحاشی کی طرف راغب کرتا ہے۔ حالانکہ اللہ تم سے اپنی مغفرت عطا کرنے اور

وَفَضْلًا ط وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ صلے لا ﴿٢٦٨﴾ يُّؤْتِى الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ج

فضل کا وعدہ فرماتا ہے، اور اللہ تعالی وسعت والا علم والا ہے۔(٢٦٨) جسے چاہتا ہے حکمت عطا فرمادیتا ہے

وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ط وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ

اور جسے حکمت عطا فرما دی جائے وہ سمجھے کہ یہ عطا شدہ حکمت خیر کثیر ہے۔ اور نصیحت عقل والے

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٦٩﴾ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ

ہی تسلیم کرتے ہیں۔ (٢٦٩) اور جو تم نفقہ میں سے خرچ کرتے ہو یا مانی ہوئی نذر میں سے

نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ط وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿٢٧٠﴾ اِنْ

نذر دیتے ہوتو یقیناً یہ بات اللہ کے علم میں ہے، اور ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں ہے۔ (٢٧٠) اگر چہ

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ ... تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ

صدقات کو ظاہری طور پر دینا اچھی بات ہے اور اگر اسے فقراء تک خفیہ طور پر پہنچا دیا جائے تو یہ تمہارے لیے

فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

بہت ہی بہتر ہے، اور صدقات کی وجہ سے وہ تمہاری بُرائیوں کو تم میں سے ختم کردے گا اور اللہ تمہارے اعمال کی

خَبِيْرٌ ﴿٢٧١﴾ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

خبر رکھتا ہے۔ (۲۷۱) آپ کے ذمے اُنہیں راہ ہدایت پر لانا نہیں لیکن اللہ جسے چاہتا ہے

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ

ہدایت دے دیتا ہے۔اور جو تم اپنے مال میں سے خرچ کروتو وہ تمہارے لیے بہتر ہے، اور تمہیں خرچ نہیں کرنا چاہیئے سوائے اس کے

وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٢﴾

کہ اس میں اللہ کی رضا ہو، اور جو مال تم خرچ کرو گے وہ تمہیں پُورا ملے گا اور تم سے ناانصافی نہیں ہوگی۔(۲۷۲)

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

خیرات اُن فقراء کے لیے ہے جو اللہ کی راہ میں روکے گئے ہوں، زمین میں چلنے کی استطاعت نہ رکھتے ہوں،

ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ز يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ

نادان اُنہیں سوال نہ کرنے کے باعث غنی سمجھ لیتے ہیں۔ اے محبوب!آپ اُنہیں اُن کی صُورت سے پہچان لیں گے۔

تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا

یہ لوگوں سے گڑ گڑا کر سوال نہیں کرتے۔ اورجو کچھ تم اپنے مال سے

مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿٢٧٣﴾ ع اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ الربع ع ۳۷ ۵

خرچ کرو گے تو بلاشبہ اللہ تعالٰی اسے جانتا ہے۔ (۲۷۳) جو لوگ رات اور دن میں اپنے مال کو

بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ

ظاہراً یا پوشیدہ خرچ کرتے ہیں تو ایسے لوگوں کے لیے اُن کے ربّ کے ہاں اجر موجود ہے

وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٤﴾ اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا وقف منزل

اور نہ اُنہیں کچھ خوف ہے اور نہ وہ غمزدہ ہوں گے۔ (۲۷۴) وہ لوگ جو سُود کھاتے ہیں

لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ

قیامت کے روز اس شخص کی طرح کھڑے ہوں گے جسے شیطان نے چھو کر مخبوط الحواس

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" ۔تین الف کے برابر۔پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وقف لازم

الْمَسِّ ۗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَ اَحَلَّ

بنا دیا ہو۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے بیع کو سُود کی مانند قرار دیا، حالانکہ اللہ نے بیع کو حلال

اللّٰهُ الْبَيْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا ۗ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ

اور سُود کو حرام قرار دیا ہے پس جس کے پاس اُس کے رب کی طرف سے آگاہی آگئی

فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۗ وَ اَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۗ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ

تو وہ رُک گیا تو اس کے لیے جائز ہے جو وہ کرچکا ہے اور اس کا کام اللہ کے سُپرد ہے اور جو اَب سُود کھائے گا

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٧٥﴾ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِى

وہ دوزخی ہو گا، دوزخی جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ (۲۷۵) اللہ تعالیٰ سُود کو مٹا تا ہے اور صدقات

الصَّدَقٰتِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

کو بڑھاتا ہے، اور اللہ تعالیٰ ناشکرے گنہگار کو پسند نہیں کرتا۔(۲۷۶) بیشک جواہل ایمان سے ہو

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ

اور اچھے عمل کرے اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے اُن کے لیے

اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٧﴾

اُن اعمال کا اجران کے ربّ کے ہاں ہے۔ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔(۲۷۷)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور جو سُود باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو اگر تم

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧٨﴾ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ

مومنین میں سے ہو۔ (۲۷۸) پس اگر تم ایسا نہ کرو تو اللہ اوراس کے رسُول کی طرف سے تمہارے

وَ رَسُوْلِهٖ ۚ وَ اِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ

خلاف اعلانِ جنگ ہے، اور اگر تم توبہ کرلو، تو اپنا اصل مال لے لو۔ اس طرح نہ تم سے زیادتی ہوگی

وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٩﴾ وَ اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۗ

اور نہ تم سے کسی پر ظلم ہو گا۔(۲۷۹) اور اگر مقروض تنگ دست ہو تو اُسے آسودہ حال ہونے تک مہلت دو

وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨٠﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا

اور اگر اسے قرضہ معاف کردو تو یہ تمہارے لیے بہت بہتر ہے اگر تم اسے تسلیم کرلو۔(۲۸۰) اور اس دن سے ڈرو

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَ

جب کہ تم اللہ کی طرف جمع کیے جاؤ گے ہر ایک کو اس کے کسب کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور

هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ ع ۳۸ ۸ ۲

ان پر زیادتی نہ ہو گی۔ (۲۸۱) اے ایمان والو! جب تم مقررہ وقت تک کسی کو رقم دو

اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪

تو اسے لکھ لیا کرو۔ اور تمہارے درمیان لکھنے والا انصاف سے لکھے۔

وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ

اور لکھنے والا لکھنے سے انکار نہ کرے جیسا کہ اللہ نے اسے علم دیا ہے اسے لکھ دے۔ اور جس کے

الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ

ذمے حق یعنی قرضہ ہے اسے لکھوائے اور اللہ سے ڈرے جو اس کا رب ہے اور ذرّہ بھر بھی کمی نہ کرے۔

فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ

پھر اگر وہ شخص جس پر قرض ہے بے عقل ہو یا ناتواں ہو یا خود لکھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو

اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ وَ اسْتَشْهِدُوْا

تو اس کا سرپرست انصاف کے ساتھ لکھا دے۔ اور اپنے مردوں میں سے

شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ

دو گواہ بنا لیا کرو۔ اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں

وَّ امْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا

اُن لوگوں میں سے گواہ بنا لیں جن سے تم راضی ہو تاکہ ایک عورت اگر بھول جائے

فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ

تو دوسری اُسے یاد دلا دے۔ اور گواہوں کو اِنکار نہیں کرنا چاہیے جبکہ اُنہیں گواہی کے لیے

وَلَا تَسْـَٔمُوْۤا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰۤى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ

بلایا جائے، رقم خواہ تھوڑی ہو یا زیادہ اسے مقرّرہ مدت تک ضرور لکھ لیا کرو۔ یہ دستاویز

اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَ اَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَ اَدْنٰۤى اَلَّا تَرْتَابُوْۤا اِلَّاۤ

اللہ کے نزدیک عدل کے لیے ہے اور گواہی قائم کرنے کے لیے ہے اور شبہ سے بچانے والی ہے اگر

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

أَنْ تَكُونَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيرُونَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ

کوئی تجارت حاضر مال کی دست بدست ہو تو اس میں کچھ حرج نہیں کہ

جُنَاحٌ أَلَّا تَكْتُبُوهَا ۗ وَأَشْهِدُوا إِذَا تَبَايَعْتُمْ ۚ وَلَا يُضَارَّ

لین دین کو لکھا نہ جائے مگر خرید و فروخت میں گواہ بنا لینا اچھا ہے۔ لکھنے والے

كَاتِبٌ وَلَا شَهِيدٌ ۚ وَإِنْ تَفْعَلُوا فَإِنَّهُ فُسُوقٌ بِكُمْ ۗ وَاتَّقُوا

اور گواہ کو کوئی تکلیف نہ دی جائے اور اگر تکلیف دوگے تو یہ تمہاری طرف سے فسق ہوگا اور اللہ تعالیٰ سے

اللَّهَ ۖ وَيُعَلِّمُكُمُ اللَّهُ ۗ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٢٨٢﴾ وَإِنْ كُنْتُمْ

ڈرو اور یہ سب کچھ تمہیں اللہ سکھاتا ہے، اور اللہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے۔ (۲۸۲) اور اگر تم

عَلَىٰ سَفَرٍ وَلَمْ تَجِدُوا كَاتِبًا فَرِهَانٌ مَقْبُوضَةٌ ۖ فَإِنْ أَمِنَ

سفر میں ہو اور تمہیں لکھنے والا نہ ملے تو کسی چیز کو گروی رکھ لو اور قبضہ دے دو۔ پھر اگر کوئی

بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللَّهَ

دُوسرے پر اعتبار کرے تو جسے اس نے امانتدار سمجھا تھا اپنی امانت ادا کرے۔ اور اللہ سے ڈرے جو اُس

رَبَّهُ ۗ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۚ وَمَنْ يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ ۗ

کا رب ہے۔ اور گواہی کو نہ چھپاؤ اور جو گواہی کو چھپائے گا تو بیشک اس کا دل گناہ میں مبتلا ہوا۔

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ﴿٢٨٣﴾ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي ۳۹ ع ۷

اور اللہ تعالیٰ جو تم کرتے ہو جاننے والا ہے۔ (۲۸۳) جو کچھ آسمانوں اور

الْأَرْضِ ۗ وَإِنْ تُبْدُوا مَا فِي أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ

زمین میں ہے اللہ ہی کے لئے ہے۔ اورجو کچھ تمہارے دل میں ہےتم اسے ظاہر کرو یا چھپاؤ اللہ تعالیٰ اس کا حساب لے گا۔

اللَّهُ ۖ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ

پس جسے چاہے گا معاف کردے گا اور جسے چاہے عذاب دے گا اور اللہ ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٨٤﴾ آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ

پر قادر ہے۔(۲۸۴) رسول اس پر ایمان لایا جو اس کی طرف اُس کے رب کی طرف سے

وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ قف

اُترا ہے، اور مومن بھی ایمان لائے۔ اور ایمان والے اللہ تعالیٰ پر اور تمام فرشتوں اور کتابوں اور رسولوں پر ایمان لائے

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ ... تین الف کے برابر ــ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫

اور اس کے کسی رسول کے بارے میں فرق نہیں رکھتے اور کہا کہ ہم نے سنا اور مانا۔

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا

اے ہمارے رب! تیری طرف سے مغفرت ہو اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔(۲۸۵) اللہ کسی شخص پر اس کی حیثیت سے بڑھ کر

وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ

بوجھ نہیں ڈالتا۔اچھی کمائی کا نتیجہ اچھا ہوگا۔ اور بُری کمائی کا نتیجہ بُرا ہوگا۔ اے ہمارے رب! ہمارے بھُولنے

اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا

اور خطا کرنے پر مواخذہ نہ کر۔ اے ہمارے رب ہم پر بھاری وزن نہ ڈال جیسا کہ

حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ

تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالاتھا۔ اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جسے

لَنَا بِهٖ ۚ وَ اعْفُ عَنَّا ۥ وَ اغْفِرْ لَنَا ۥ وَ ارْحَمْنَا ۥ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا

برداشت کرنے کی ہم میں طاقت نہیں، ہمیں معاف فرما اور ہماری مغفرت فرما اور ہم پر رحم فرما، تو ہمارا مولیٰ ہے، پس کافروں کی

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ ع ۴۰ ع ۳ ۸

قوم پر ہماری مدد فرما۔ (۲۸۶)

سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ ٣ مَدَنِيَّةٌ ٨٩ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيٰتُهَا ٢٠٠ رُكُوْعَاتُهَا ٢٠

سورۃ آل عمران مدنی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ — اس میں ۲۰۰ آیات اور ۲۰ رکوع ہیں۔

الٓمّٓ ﴿١﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ﴿٢﴾ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

الف۔ لام۔ میم۔(۱)اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ قائم ہے۔(۲)جس نے تم پرحق کے ساتھ یہ کتاب

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَ اَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ ﴿٣﴾

اُتاری ہے جواس کی تصدیق کرتی ہے جو پہلے ہے اور اسی نے اس سے پہلے توریت اور انجیل کو نازل کیا۔(۳)

مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ اَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

جو لوگوں کے لیے ہدایت تھی اور اب فرقان اُتارا ہے۔ بیشک جن لوگوں نے

كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو

ہماری آیتوں کا اِنکار کیا اُن کے لیے شدید عذاب ہے، اور اللہ زبردست بدلہ

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

انْتِقَامٍ ﴿٤﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَ لَا

لینے والا ہے۔ (۴) بیشک اللہ تعالیٰ سے زمین اور آسمان میں کوئی چیز

فِي السَّمَآءِ ﴿٥﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ

مخفی نہیں ہے۔(۵) وہی ہے جو ماؤں کے پیٹ میں جیسی چاہتا ہے تمہاری صُورت بنا دیتا ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

اس کے سوا کوئی معبود نہیں جو غالب حکمت والا ہے۔(۶) وہی ہے جس نے تم پر یہ کتاب اُتاری ہے

مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ

اس کی کچھ آیات محکم یعنی واضح ہیں جو کتاب کی اصل ہیں اور کچھ متشابہ ہیں یعنی جن کا مطلب پوشیدہ ہے۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ

پس جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ متشابہ آیتوں کی پیروی کرتے ہیں، تاکہ اُن کے

ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ وَ مَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ذریعے فتنہ پیدا ہو اوراُن کی غلط تاویل تلاش کرتے ہیں، اور اُن کی صحیح تاویل صِرف اللہ

اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ

وقف لازم — وقف منزل

جانتاہے اور جو علم میں راسخ ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم اِس پر ایمان لائے یہ سب کچھ ہمارے رب

رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٧﴾ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ

کے پاس ہے اورصرف عقل والے ہی نصیحت پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔(۷) اے ہمارے رب! ہدایت عطا کرنے کے بعد

اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾

ہمارے دلوں کو کسی اور طرف نہ پھیر اور ہمارے لیے رحمت کا نزول فرما، بیشک تو بہت عطاکرنے والا ہے۔(۸)

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ

اے ہمارے ربّ توسب لوگوں کو اس دن جمع کرنے والا ہے جس میں شک نہیں، بیشک اللہ مقرر شدہ وقت

الْمِيْعَادَ ﴿٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَ

ع ۹ / ۹

بدلتا نہیں۔ (۹) بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اُن کا مال اور

لَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ﴿١٠﴾ ۙ

اولاد اللہ سے اُنھیں بے نیاز نہ کر سکے گا۔ اور وہی لوگ دوزخ کا ایندھن ہیں۔(۱۰)

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ

جیسا کہ آلِ فرعون اور اُن سے پہلے لوگوں کا طریقہ تھا۔ کہ انہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا۔

فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۱﴾ قُلْ

تو اللہ تعالیٰ نے اُن کے گناہوں کے باعث اُنہیں پکڑ لیا۔ اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔ (۱۱) اے محبوب!

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَ تُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَ بِئْسَ

اہلِ کفر سے کہہ دیجیے کہ عنقریب تم مغلوب ہوکر جہنم کی طرف جمع کیے جاؤ گے۔ اور وہ بُرا

الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ

ٹھکانا ہے۔(۱۲) بیشک تمہارے لیے نشانی تھی جب دو گروہ آپس میں مدِ مقابل ہوئے۔ اُن میں سے ایک گروہ

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ اُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ؕ

اللہ کے راستے میں لڑا تھا جب کہ دُوسرا کافر تھا۔ اُنہیں مسلمان اپنی آنکھوں سے دوگنے دکھائی دیتے تھے۔

وَ اللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي

اور اللہ اپنی مدد سے تائید فرماتا ہے جس کی چاہے بیشک اہلِ بصیرت کے لیے

الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَ الْبَنِيْنَ

عبرت ہے۔ (۱۳) لوگوں کے لیے یہ (دنیا) عورتوں سے بیٹوں سے اور سونے چاندی کے جمع کیے ہوئے

وَ الْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَ الْفِضَّةِ وَ الْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

خزانوں سے اور نشان لگائے ہوئے گھوڑوں اور مویشیوں اور کھیتی سے آراستہ کرکے

وَ الْاَنْعَامِ وَ الْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَ اللّٰهُ عِنْدَهٗ

پُرکشش پیدا کردی گئی ہے۔ یہ سب دُنیا کی زندگی کا متاع ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے پاس

حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا

اچھا ٹھکانا ہے۔ (۱۴) فرما دیجئے کہ کیامیں تمہیں اس سے بہتر چیز کی خبر دوں کہ اہلِ تقویٰ کے لیے

عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَ

اللہ تعالیٰ کے ہاں جنّت ہے جس میں نہریں بہتی ہیں وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے وہاں

اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۚ ﴿۱۵﴾

پاکیزہ ازواج اور اللہ کی رضا بھی ہوگی۔ اور اللہ بندوں کو دیکھتا ہے۔(۱۵)

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ

یہ جنت اُن کے لئے ہے جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب بیشک ہم ایمان لائے پس ہمارے گناہ معاف فرمادے اور ہمیں آگ کے

النَّارِ ﴿١٦﴾ اَلصّٰبِرِيْنَ وَ الصّٰدِقِيْنَ وَ الْقٰنِتِيْنَ وَ الْمُنْفِقِيْنَ وَ

عذاب سے بچا۔ (۱۶) صبر کرنے والےاور سچ بولنے والے اور ادب کرنے والے اور خرچ کرنے والے اور

الْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿١٧﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ

سحری کے وقت استغفار کرنے والے ہیں۔(۱۷) اللہ تعالیٰ نے گواہی دی کہ اُس کے سواکوئی معبود نہیں

وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ

اور فرشتوں اور اہلِ علم نے انصاف کے تقاضے کو قائم رکھتے ہوئے گواہی دی کہ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں جو غلبے والا اور

النصف

الْحَكِيْمُ ﴿١٨﴾ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۫ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ

حکمت والاہے۔(۱۸) بیشک اللہ کے نزدیک دین دینِ اسلام ہی ہے اور جنھیں کتاب دی گئی تھی اُنہوں نے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ

اختلاف نہ کیا مگر جب تک کہ اُن کے پاس علم نہ آیا تھا یہ اُن کی آپس کی جلن تھی

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿١٩﴾ فَاِنْ

جو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کرے گا تو بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ (۱۹) پھر اگر وہ

حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَ مَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَ قُلْ

آپ سے جھگڑا کریں تو فرما دیجئے کہ میری اتباع کرنے والوں نے اور میں نے اپنا چہرہ اللہ کے حضور جھکا دیا ہے۔ اور

لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ

اہلِ کتاب سے اور اَن پڑھوں سے فرمادیجئے کہ کیا تم نے تسلیم کرلیا ہے۔پس اگر وہ تسلیم کرلیں تو وہ ہدایت

ع ۲ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٢٠﴾ ع

پر آگئے اور اگر وہ منہ پھیریں تو تمہارا کام یہی ہے کہ تم نے اُن کو تبلیغ کردی۔اور اللہ اپنے بندوں کو دیکھ رہاہے۔(۲۰)

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ

بیشک وہ لوگ جنھوں نے اللہ کی آیتوں کا انکار کیا اور انبیاء کو ناحق شہید کیا ہے،

وَّ يَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ

اور جو انصاف کا حکم کرنے والوں کو قتل کر دیتے تھے تو ایسے لوگوں کے لیے عذاب

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

بِعَذَابٍ اَلِیۡمٍ ﴿۲۱﴾ اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فِی الدُّنۡیَا

الیم کی بشارت ہے۔ (۲۱) یہ وہی لوگ ہیں جن کے اعمال دُنیا

وَالۡاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِیۡنَ ﴿۲۲﴾ اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ اُوۡتُوۡا

اور آخرت میں ضائع ہو گئے اور اُن کے لیے کوئی مددگار نہیں ہے۔(۲۲) کیا آپ نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جنھیں

نَصِیۡبًا مِّنَ الۡکِتٰبِ یُدۡعَوۡنَ اِلٰی کِتٰبِ اللّٰهِ لِیَحۡکُمَ بَیۡنَهُمۡ ثُمَّ

کتاب کا کچھ حِصّہ مِلا اُنہیں اللہ کی کتاب کی طرف بلایا جاتا کہ اُس سے اُن کے درمیان فیصلہ ہو جائے مگر

یَتَوَلّٰی فَرِیۡقٌ مِّنۡهُمۡ وَهُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ﴿۲۳﴾ ذٰلِکَ بِاَنَّهُمۡ قَالُوۡا لَنۡ

اُن میں سے ایک فریق معترض ہوکر اس سے پھر جاتا۔(۲۳) یہ بات اُن میں اس لیے پیدا ہوئی کہ اُنہوں نے کہا

تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَیَّامًا مَّعۡدُوۡدٰتٍ ۪ وَغَرَّهُمۡ فِیۡ دِیۡنِهِمۡ مَّا کَانُوۡا

کہ ہمیں آگ گِنتی کے چند دنوں کے سوا ہرگز نقصان نہ دے گی۔ اور دین میں اُنہیں اس جھوٹ سے دھوکہ ملا جو

یَفۡتَرُوۡنَ ﴿۲۴﴾ فَکَیۡفَ اِذَا جَمَعۡنٰهُمۡ لِیَوۡمٍ لَّا رَیۡبَ فِیۡهِ ۟ وَ وُفِّیَتۡ

انہوں نے بنالیا تھا۔ (۲۴) تو کیا حال ہو گا جس دن کے بارے میں شک نہیں ہے جب ہم اُنہیں جمع کریں گے۔ اور ہر شخص

کُلُّ نَفۡسٍ مَّا کَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا یُظۡلَمُوۡنَ ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِکَ

کو اس کی کمائی کا پورا پورا حِصّہ دیا جائے گا اور اُن پر کسی طرح کاظلم نہ ہوگا۔(۲۵) اس طرح کہیں کہ اے اللہ! مُلک کے

الۡمُلۡکِ تُؤۡتِی الۡمُلۡکَ مَنۡ تَشَآءُ وَتَنۡزِعُ الۡمُلۡکَ مِمَّنۡ تَشَآءُ ۫ وَ

مالک تو جسے چاہے مُلک عطاکرے اور جس سے چاہے مُلک چھین لے اور تو جسے چاہے عزّت عطا کرے۔ اور

تُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ بِیَدِکَ الۡخَیۡرُ ؕ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ

جسے چاہے ذلت دے۔ بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے۔ بیشک تو ہر چیز پر

شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۲۶﴾ تُوۡلِجُ الَّیۡلَ فِی النَّهَارِ وَتُوۡلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیۡلِ ۫

قادر ہے۔(۲۶) اے اللہ! تو رات سے دن کو ظاہر کرتا ہے اور دن کو رات میں تبدیل کرتا ہے۔

وَتُخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ الۡمَیِّتِ وَتُخۡرِجُ الۡمَیِّتَ مِنَ الۡحَیِّ ۫ وَتَرۡزُقُ مَنۡ

اور زندہ کو مُردے سے پیدا کرتا ہے اور مُردے کو زندہ سے نکالتا ہے اور جسے چاہے بغیر

تَشَآءُ بِغَیۡرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾ لَا یَتَّخِذِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ الۡکٰفِرِیۡنَ اَوۡلِیَآءَ

حساب کے رزق دیتا ہے۔ (۲۷) مومنوں کو چاہیے کہ مومنوں کے سوا کافروں کو

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفۡخِیۡم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلۡقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

"مدّ" ۔ تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ

دوست نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا تو اس کا اللہ تعالیٰ سے کوئی تعلق نہیں مگر

شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَ

یہ کہ تم اُن سے کچھ ڈرو اور اللہ تمہیں اپنے غضب سے ڈراتا ہے۔ اور

اِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ

اللہ ہی کی طرف لوٹ کرجانا ہے۔(۲۸) آپ فرمادیجئے کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اُسے چھپاؤ یا

يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ۭ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى

ظاہر کرواللہ اسے جانتا ہے۔ اور اللہ جوکچھ آسمانوں او رزمین میں ہے اُسے بھی جانتا ہے اور اللہ

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ

ہر چیز پر قادر ہے۔ (۲۹) جس دن ہر شخص اپنا کیا ہوا اچھا عمل سامنے پائے گا اور جو

مُّحْضَرًا ۚۖ وَّ مَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًۢا

بُرا عمل ہوگا وہ بھی سامنے ہوگا۔ وہ چاہے گا کہ کاش میرے عمل اور اس دن کے درمیان

بَعِيْدًا ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٣٠﴾ ع قُلْ

بہت فاصلہ ہوتا، اور اللہ تمہیں اپنے عذاب سے ڈراتا ہے۔ اور اللہ اپنے بندوں کے ساتھ بڑا مہربان ہے۔ (۳۰) آپ فرما دیجئے

اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ

کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو، اللہ تم سے محبت کرنے لگے گا اور تمہارے گناہ معاف فرمادے گا،

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣١﴾ قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ

اور اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔(۳۱) آپ فرما دیجئے کہ اللہ اوراس کے رسول کی اطاعت کرو، پھراگر وہ پھر جائیں تو

اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓي اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ

اللہ کافروں کوپسند نہیں کرتا۔ (۳۲) بیشک اللہ تعالیٰ نے آدمؑ اور نوحؑ اور آل

اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٣﴾ لا ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۭ

ابراہیمؑ اور آل عمران سب کو دُنیا میں منتخب کرلیا۔ (۳۳) یہ ایک دُوسرے کی نسل سے ہیں۔

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾ ج اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّىْ نَذَرْتُ

اور اللہ سُننے والا جاننے والا ہے۔(۳۴) جب عمران کی بیوی نے یہ بات کہی کہ اے میرے رب! جو میرے پیٹ میں ہے اسے تیری

معانقة ۲ ع ۳ ۱۰

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٥﴾

خدمت میں رکھنے کی منت مانتی ہوں پس تو قبول فرما لے۔ بیشک تو سننے والا جاننے والا ہے۔(۳۵)

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

تو پھر جب اس نے جنا تو بولی میرے ربّ یہ تو لڑکی ہوگئی ہے، اور اللہ جانتا ہے

بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَ لَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَ

جو کچھ اس سے پیدا ہوا تھا۔ اور جو لڑکا اس نے مانگا تھا وہ لڑکی جیسا نہ تھا۔ اور میں نے اس کا نام مریمؑ رکھا اور

اِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿٣٦﴾ فَتَقَبَّلَهَا

میں اسے اور اس کی اولاد کو راندھے ہوئے شیطان سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔(۳۶)تو اس کے رب نے اسے احسن انداز

رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّ اَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّ كَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ

میں قبول کرلیا اور اسے احسن طریقے سے جوان کیا اور اسے حضرت زکریا کی کفالت میں دے دیا۔

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ

جب حضرت زکریاؑ اس کے پاس محراب میں جاتے تواس کے پاس رزق پاتے تو کہتے

يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ

کہ اے مریم یہ کہاں سے آیا ہے؟ تو وہ جواب دیتیں کہ یہ اللہ کی طرف سے آیا ہے بیشک اللہ جسے چاہتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ

بلا حساب رزق دیتا ہے۔(۳۷) جہاں حضرت زکریاؑ نے اپنے رب سے دُعا کی کہ اے میرے رب

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿٣٨﴾ فَنَادَتْهُ

مجھے اپنے ہاں سے صالح اولاد عطا کر۔ بیشک تو دُعا کو سننے والا ہے۔(۳۸) تو فرشتوں نے

الْمَلٰٓئِكَةُ وَ هُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ

اُسے آواز دی اور وہ اپنے محراب میں کھڑا ہو کر نماز پڑھ رہا تھا۔ بیشک اللہ تمہیں حضرت یحییٰؑ کی

بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ سَيِّدًا وَّ حَصُوْرًا وَّ نَبِيًّا

بشارت دیتا ہے جو اللہ کی طرف سے کلمہ کی تصدیق کرے گا جو سردار اور پاکدامن اور صالحین

مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٣٩﴾ قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّ قَدْ بَلَغَنِيَ

میں سے نبی ہوگا۔ (۳۹) حضرت زکریاؑ نے کہا کہ اے میرے رب! میرے ہاں بیٹا کیسے پیدا ہوگا جبکہ میں

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
● مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿۴۰﴾ قَالَ

بوڑھا ہوچکا ہوں اور میری بیوی بانجھ ہے۔ تو جواب مِلا کہ اللہ یوں ہی کرتا ہے جیسے کرنا چاہتا ہے۔(۴۰) تو عرض کی

رَبِّ اجْعَلْ لِّيْۤ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ

کہ اے میرے رب!میرے لیے کوئی نشانی ظاہر فرما، تو جواب مِلا کہ اس کی علامت یہ ہے کہ تو تین دن

اِلَّا رَمْزًا ؕ وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّ سَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۴۱﴾ ع ۴ ۱۱/۱۲

اشارے کے سوا کسی سے بات نہ کرسکے گا۔ اور اپنے رب کا کثرت سے ذکر کر اور صبح وشام اس کی تسبیح کر۔(۴۱)

وَ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَ طَهَّرَكِ

اور جب فرشتوں نے حضرت مریم سے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آج تجھے سارے جہاں کی عورتوں سے

وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۲﴾ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَ

چُنا ہے اور تجھے پاکیزہ کیا ہے۔(۴۲) اے مریم! اپنے ربّ کے حضور جھک جا

اسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ

اور سجدہ کر اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کر۔(۴۳) یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم آپ پر

نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ

وحی کرتے ہیں۔ اور آپ اُن کے پاس نہ تھے جب وہ قرعہ اندازی کے لیے اپنی قلموں کو ڈالتے تھے

يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۴﴾ اِذْ قَالَتِ

کہ حضرت مریمؑ کی کفالت کون کرے گا۔ اور نہ ہی آپ اُن کے پاس تھے جب اس بارے میں جھگڑرہے تھے۔(۴۴) جب فرشتوں نے کہا

الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖۗ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ

اے مریم کہ بیشک اللہ تجھے اپنے پاس سے ایک بشارت دیتا ہے ، اس کا نام مسیح عیسیٰ بن مریمؑ ہوگا

عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ لا

اور وہ دُنیا میں معزز ہوگا اور آخرت میں مقربین میں سے ہوگا۔(۴۵)

وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَتْ رَبِّ

اور وہ اپنے عہد طفولیت ہی میں لوگوں سے کلام کرے گا اور وہ خاصوں میں سے ہوگا۔(۴۶) حضرت مریم کہنے لگیں

اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّ لَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ

اے میرے رب مجھ سے بچہ کیسے پیدا ہوگا جبکہ مجھے کسی مرد نے ہاتھ ہی نہیں لگایا۔ جواب مِلا کہ اللہ ایسے ہی

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٤٧﴾

پیدا کر دیتا ہے جس سے چاہتا ہے۔ جب وہ کسی کام کے کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہوجاتا ہے۔(۴۷)

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿٤٨﴾ وَرَسُوْلًا

اور اللہ اسے کتاب، حکمت، تورات اور انجیل سکھائے گا۔ (۴۸) اور بنی اسرائیل

اِلٰى بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ اَنِّىْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّىْٓ

کی طرف رسول ہوگا۔ جب وہ کہے گا کہ میں تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس

اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ

نشانی لایا ہوں بیشک میں تمہارے لیے مٹی سے پرندہ بناتا ہوں۔ پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ

طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْىِ الْمَوْتٰى

اللہ کے حکم سے اُڑنے والا پرندہ بن جاتا ہے، اور میں اللہ کے حکم سے مادر زاد اندھے، کوڑھے کو درست اور مردے کوزندہ

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِىْ بُيُوْتِكُمْ ؕ

کرتا ہوں اور جو تم کھاتے ہو اور اپنے گھروں میں جمع کرتے ہو اس کی خبر دیتا ہوں۔

اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٤٩﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا

یہ معجزات ہیں جن میں تمہارے لیے نشانی ہے اگر تم اہل ایمان میں سے ہو۔(۴۹) اور تصدیق کرنے والا ہوں

بَيْنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِىْ حُرِّمَ

تورات کی جو تمہارے پاس ہے اور حلال قرار دیتا ہوں بعض اُن چیزوں کو جو تم پرحرام تھیں اور

عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۟ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿٥٠﴾

میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانی لایا ہوں۔ پس اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اطاعت کرو۔(۵۰)

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّىْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٥١﴾ فَلَمَّآ

بیشک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے پس اس کی عبادت کرو۔ یہی سیدھا راستہ ہے۔ (۵۱) پھر حضرت

اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِىْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ

عیسیٰؑ نے اُنہیں کفر میں مبتلا پایا تو کہا کہ کون ہے جو اللہ کے لیے میری مدد کرے گا؟ تو حواریوں نے کہا

الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٥٢﴾

کہ ہم اللہ کی طرف سے تمہارے مددگار ہیں۔ہم اللہ پر ایمان لائے۔اور آپ گواہ ہیں کہ ہم مسلمان ہیں۔ (۵۲)

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿٥٣﴾ وَ

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے اس پر جو تو نے رسول پر اُتارا ہے پس ہمیں گواہوں میں سے شمار کرلے۔(۵۳) کافروں

مَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿٥٤﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى الثلثة ع ۵ ۱۴

نے مکر کیا اور اللہ نے خفیہ تدبیر کی اور اللہ بہترتدبیر کرنے والا ہے۔(۵۴) یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے کہا کہ اے عیسیٰ

اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَىَّ وَ مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ

بیشک میں تمہاری عمر کی مدت کو پورا کروں گا اور اپنی طرف اُٹھالوں گا اور کافروں کی

جَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ

صحبت سے پاک کردوں گا اور تیری اتباع کرنے والوں کو کافروں پر قیامت تک فوقیت دے دوں گا۔

ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٥٥﴾

پھر تم جب لوٹ کرمیری طرف آؤ گے تو جن باتوں میں تم اختلاف کرتے ہو اُن میں فیصلہ کردوں گا۔(۵۵)

فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِى الدُّنْيَا

پس جنہوں نے کفر کیا اُن کو دنیا اور آخرت میں سخت عذاب دوں گا۔

وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٥٦﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

اور اُن کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔ (۵۶) اور جو لوگ ایمان لائے اور صالح عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥٧﴾

تو اُن کو پورا پورا اجر دیاجائے گا۔ اور اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(۵۷)

ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿٥٨﴾ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى

یہ جو ہم آپ کو پڑھ کر سناتے ہیں وہ آیات ہیں اور حکمت والی نصیحتیں ہیں۔ (۵۸) بیشک اللہ کے نزدیک حضرت عیسیٰؑ کی مثال

عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٥٩﴾

حضرت آدم علیہ السلام کی طرح ہے کہ پہلے اُنہیں مٹی سے بنایا پھر فرمایا ہوجا تووہ ہوگیا۔(۵۹)

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ

اے سننے والے! یہ تمہارے رب کی طرف سے حق ہے تو اے مخاطب! شک کرنے والوں میں سے نہ ہو۔(۶۰) پھر اگر یہ لوگ حضرت عیسیٰؑ

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ

کے بارے میں آپ سے جھگڑا کریں بعداس کے کہ آپ کو علم ہو چکا ہے تو کہہ دیں کہ آؤ ہم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ، پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ۟ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ

بلاتے ہیں اورتم اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلاؤ اور ہم بھی آتے ہیں اورتم خود بھی آؤ۔ پھر اللہ کے حضور مباہلہ یعنی التجا

لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿٦١﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَ

کرتے ہیں کہ جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ہے۔ (٦١) بیشک یہ تمام قصہ حق ہے اور

مَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٢﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا

اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں ۔ اور یقیناً اللہ غلبے والا حکمت والا ہے۔(٦٢) پھر اگر یہ لوگ

فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٣﴾ ع قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى ع ٦ ٩ ١٤

پھر جائیں تو بیشک اللہ تعالٰی فساد کرنے والوں کو جاننے والا ہے۔(٦٣) فرمادیجئے کہ اے اہل کتاب جو کلمہ ہمارے اور

كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ

تمہارے درمیان ایک جیسا ہے اس کی طرف آؤ، وہ یہ ہے کہ اللہ کے سوا ہم کسی

شَيْئًا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا

اورکی عبادت نہ کریں اورکسی چیز کواس کا شریک نہ بنائیں اور ہم میں سے کوئی اللہ تعالٰی کے سواکسی اورکو اپنارب نہ بنائے۔ پھر اگر

فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ

وہ اس سے پھرجائیں تو فرما دو کہ گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں۔(٦٤) اے اہل کتاب! تم حضرت ابراہیمؑ کے بارے

فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ۭ

میں کیوں جھگڑتے ہو حالانکہ تورات اور انجیل اُن کے بعد نازل ہوئی ہیں۔

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٥﴾ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ

تو کیا تمہیں عقل نہیں ہے۔(٦٥) سُن لو کہ تم ہی وہ ہو جو اس معاملے کے بارے میں حجت کرتے ہو کہ جس کے متعلق تمہیں

تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

کچھ علم تھا مگر ایسی بات جس کے متعلق تمہیں کچھ علم نہیں اس کے بارے میں کیوں جھگڑتے ہو، اور اللہ جانتا ہے اورتم نہیں جانتے ہو۔(٦٦)

مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا

حضرت ابراہیمؑ نہ یہودی تھے اور نہ ہی نصرانی تھے بلکہ سب سے جُدا ہو کر حق پر قائم رہنے والے

مُّسْلِمًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦٧﴾ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ

مسلمان تھے، اور وہ اہل شرک میں سے نہ تھے۔(٦٧) بیشک تمام لوگوں میں سے حضرت ابراہیمؑ

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِيُّ

کے وہی قریب تھے جو اُن کی اتباع کرتے تھے اور یہ نبی اور یہ جو ایمان لائے۔ اور اللہ تعالیٰ مومنوں

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَدَّتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

کا دوست ہے۔ (۶۸) اہل کتاب میں بعض اس بات کے خواہش مند ہیں کہ تمہیں گمراہ کردیں۔

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٦٩﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

مگر وہ اپنے آپ کو ہی گمراہ کریں گے اور اُنہیں شعور نہیں۔ (۶۹) اے اہل کتاب!

لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ اَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

اللہ کی آیتوں کاکیوں انکار کرتے ہو حالانکہ تم خود ہی گواہ ہو۔(۷۰)اے کتاب والو!

لِمَ تَلْبِسُوْنَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَ تَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَ اَنْتُمْ

تم حق کو باطل کے ساتھ کیوں ملاتے ہو اور حق کو کیوں چھپاتے ہو اور یہ کہ تم خود

تَعْلَمُوْنَ ﴿٧١﴾ ع وَقَالَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ ع ٨ ١٥

جانتے ہو۔ (۷۱) اور اہل کتاب میں سے ایک جماعت نے کہا کہ اہل ایمان پر جونازل ہوا ہے اس پر

اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ وَ اكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ

دن کے شروع کے حصے میں ایمان لے آؤ اور شام کو منکر ہو جاؤ شاید کہ

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٧٢﴾ ج صلے وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ؕ قُلْ

وہ بھی پھر جائیں۔ (۷۲) اپنے دین کی اتباع کرنے والے کے سوا کسی اور پریقین نہ لاؤ۔ آپ فرما دیجئے

اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ

کہ ہدایت تو اللہ ہی کی ہدایت ہے۔ اگر کوئی کہے کہ جیسا کلام تمہیں ملا ہے کسی اور کو بھی دیا

اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ

جاسکتا ہے تو بالکل نہ ماننا یاکوئی تمہارے رب کے پاس سے تم پر حجت قائم کرسکتا ہے توفرمادیجئے کہ بیشک فضل اللہ کے ہاتھ

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ ج لا يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

میں ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ وسعت والاعلم والا ہے۔ (۷۳) جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے لئے مخصوص کرلیتا ہے،

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ

اور اللہ عظیم فضل والا ہے۔ (۷۴) اور اہل کتاب میں سے کوئی ایسا بھی ہے کہ اگر

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا
تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ ،، - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تَأْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ

تو اس کے پاس مال کا ڈھیر بھی امانت رکھے تو ویسا ہی واپس کردے گا۔ اور اُن میں سے کوئی ایسا بھی ہے کہ اگر تو ایک دینار بھی

لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۗ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا

اُس کے پاس امانت رکھے تو وہ واپس نہ دے گا جب تک کہ تو اس کے سر پر کھڑا نہ رہے گا۔ یہ اس لیے کہ اُنہوں نے کہہ دیا ہے

لَيْسَ عَلَيْنَا فِى الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

کہ اَن پڑھوں کے بارے میں ہم سے کوئی مواخذہ نہ ہوگا۔ اوروہ اللہ پرجھوٹ کہتے ہیں

وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ

حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ (۷۵) ہاں جو شخص اپنے وعدے کو پورا کرے اور(اللہ) ڈرے تو بیشک اللہ

يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ

ڈرنے والوں کے ساتھ محبت کرتا ہے۔(۷۶) بیشک وہ لوگ جو اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے میں تھوڑی سی قیمت لیتے ہیں

ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

تو اُن کا آخرت میں کچھ حصہ نہیں ہو گا اور اللہ اُن سے کلام نہیں کرے گا

اللّٰهُ وَ لَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۠ وَلَهُمْ

اور نہ ہی قیامت کے دن اُن کی طرف نگاہ شفقت کرے گا اور نہ اُنہیں پاکیزہ کرے گااور اُن کے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ

لیے عذاب الیم ہے۔ (۷۷) اور اُن میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو کتاب یعنی تورات کو اچھے لہجے سے نہیں پڑھتے

لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَ يَقُوْلُوْنَ هُوَ

تاکہ تم یہ خیال کرلوکہ یہ کتاب میں سے ہے۔ حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں ہوتا۔ اور کہتے ہیں کہ وہ

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَ يَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

اللہ کی طرف سے ہے، حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں۔ اور وہ اللہ تعالیٰ پر

الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ

دیدہ دانستہ جھوٹ منسوب کرتے ہیں۔ (۷۸) کسی آدمی کا یہ حق نہیں کہ اللہ اُسے کتاب

وَ الْحُكْمَ وَ النُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّىْ مِنْ

اور حکومت اور نبوّت عطا کردے پھر وہ لوگوں کو یہ بات کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِیّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ
بن جاؤ ۔ہاں یہ کہے گا کہ اللہ والے ہو جاؤ، اس کی وجہ یہ ہے کہ تم اُنہیں کتاب کی تعلیم دیتے ہو
وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَلَا یَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ
اور اس سے اُنہیں درس دیتے ہو۔(۷۹) اور نہ تمہیں یہ حکم دے گا کہ تم فرشتوں
وَالنَّبِیّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَیَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۰﴾
اور نبیوں کو رب بنالو، نہ ہی کوئی نبی تمہیں مسلمان ہونے کے بعد کافر بننے کے لیے حکم دے گا۔(۸۰)
وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَآ اٰتَیْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّ حِكْمَةٍ
اور یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے نبیوں سے عہد لیا کہ جب میں تمہیں کتاب عطا کروں اور حکمت دوں
ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ
پھر تمہارے پاس وہ رسول تشریف لائیں جو اس کی تصدیق کریں جو تمہارے پاس ہے تو ضرور اس پر ایمان لے آنا اور اُن کی ضرور مدد کرنا۔
قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَ اَخَذْتُمْ عَلٰی ذٰلِكُمْ اِصْرِیْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ
فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر ذمّہ داری قبول کی، اُنہوں نے کہا کہ ہم نے اقرار کیا۔
قَالَ فَاشْهَدُوْا وَ اَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنْ تَوَلّٰی
اللہ نے کہا کہ تم ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں تم سب پر گواہ ہوں۔(۸۱) پھر اس کے بعد
بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ
اگر کوئی پھر جائے تو وہ فاسقوں میں سے ہوگا۔(۸۲) کیا یہ اللہ کے دین کے علاوہ کسی اور چیز کو
وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ اِلَیْهِ
بھی تلاش کرتے ہیں حالانکہ آسمان والے اور زمین والے خوشی سے اور مجبوری سے اُسی طرف
یُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا وَ مَآ اُنْزِلَ
لوٹ کر جائیں گے۔(۸۳) آپ کہیں ہم اللہ پر اور جو ہماری طرف نازل ہوا
عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ یَعْقُوْبَ وَ الْاَسْبَاطِ
اور جو حضرت ابراہیم اورحضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق اور حضرت یعقوب (علیہم السلام) اور اُن کی اولاد پر نازل
وَمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰی وَ عِیْسٰی وَ النَّبِیُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۪ لَا نُفَرِّقُ
ہوا اس پر ایمان لائے اور جو کچھ حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ اور انبیاء کو اُن کے رب کی طرف سے ملا ہم اُن میں سے

ع ۹ ۱۶ ۸

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر سے پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۡ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ

کسی میں فرق نہیں ڈالتے اور ہم اُسے تسلیم کیے ہوئے ہیں۔(۸۴) اور جو اسلام کے علاوہ کسی اور

الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَ هُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ

دین کا طالب ہو گا تو اس سے ہر گز قبول نہ ہوگا اور وہی آخرت میں نقصان برداشت کرنے

الْخٰسِرِيْنَ ﴿٨٥﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ

والوں میں سے ہو گا۔ (۸۵) اللہ تعالیٰ ایسی قوم کو کیوں ہدایت دے جو ایمان لانے کے بعد کافر ہوجائے حالانکہ

وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّ جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَ اللّٰهُ لَا

وہ گواہی دے چکے ہیں کہ بیشک رسُول حق پر ہیں اورجو اُن کے پاس نشانیوں کے ساتھ آئے۔ اور اللہ ظالم

يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٦﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ

قوم کو راہ ہدایت نہیں دیتا۔ (۸۶) اُن کا بدلہ یہ ہے کہ اُن پر اللہ تعالیٰ

لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ

اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔ (۸۷) وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٨﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا

اُن کے عذاب میں تخفیف نہیں کی جائے گی اور نہ ہی اُنہیں مہلت دی جائے گی۔(۸۸) البتہ جنھوں نے اس کے بعد

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْا ۫ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٨٩﴾ اِنَّ

توبہ کرلی اور اصلاح کرلی تو بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ (۸۹) بیشک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ

جو ایمان لانے کے بعد کافر ہوگئے پھراُن کا کفر بڑھ گیا تو اُن کی توبہ ہرگز قبول نہ ہو گی اور وہی

تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿٩٠﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَ

لوگ گمراہ ہیں۔ (۹۰) بیشک جنھوں نے کفر کیا اور اُسی کفر کی حالت میں مر گئے

هُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّ لَوِ

تو اُن میں اگر کوئی زمین کے برابر سونا فدیے میں دے تو وہ بھی قبول نہیں

افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّ مَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٩١﴾ ع ٩ ١١ ١٧

کیا جائے گا۔ اُن کے لیے دردناک عذاب ہے اور اُن کا کوئی مددگار نہیں ہے۔(۹۱)

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا

تم ہر گز نیکی کو نہیں پا سکتے جب تک کہ تم اپنی محبوب چیز کو اس کی راہ میں خرچ نہیں کروگے اور

مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا

جو چیز تم خرچ کرو تو اللہ اُسے جانتا ہے۔ (۹۲) بنی اسرائیل پر تورات کے نزول سے قبل

لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ

تمام چیزیں حلال تھیں سوائے اِس کے کہ جو بنی اسرائیل نے خود اپنے اوپر حرام کر لی تھیں

قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ

قبل اس کے کہ تورات نازل ہو چکی تھی۔ آپ فرما دیں کہ تورات لا کر پڑھو۔ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ

تم سچے ہو۔ (۹۳) پھر اس کے بعد اگر کوئی اللہ پر جھوٹ منسوب کرے

ذٰلِكَ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۫ فَاتَّبِعُوْا

وقف جبریل

تو وہ ظالموں میں سے ہو گا۔ (۹۴) آپ کہیں کہ اللہ سچا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام

مِلَّةَ اِبْرٰهِیْمَ حَنِیْفًا ؕ وَ مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۹۵﴾ اِنَّ

کے دین کی اتباع کرو، اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے۔(۹۵) بیشک

اَوَّلَ بَیْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِیْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّ هُدًى

پہلا گھر جو لوگوں کے لیے مقرر ہوا وہ مکّہ میں ہے جو سب جہاں کے لیے برکت والا اور

لِّلْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۶﴾ فِیْهِ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِیْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ

ہدایت والا ہے۔ (۹۶) اس میں مقام ابراہیم واضح نشانی ہے اور جو اس میں داخل ہو جائے وہ

كَانَ اٰمِنًا ؕ وَ لِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ

امن کی جگہ پر آگیا۔ اور اللہ کی طرف سے لوگوں کے لیے اس گھر کا حج کرنا فرض ہے بشرطیکہ اس کے پاس سفر

اِلَیْهِ سَبِیْلًا ؕ وَ مَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۹۷﴾

کے اخراجات ہوں اور جواس کا انکار کرے گا تو اللہ تعالٰی تمام جہانوں سے بے نیاز ہے۔ (۹۷)

قُلْ یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ۖۗ وَاللّٰهُ شَهِیْدٌ

فرما دیجئے اے کتاب والو! اللہ تعالٰی کی آیتوں کا کیوں انکار کرتے ہو۔ اور اللہ اس پر گواہ ہے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر، پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز کھڑا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ

جو تم کرتے ہو۔(۹۸) فرما دیجئے اے کتاب والو تم ایمان والوں کو اللہ کے

سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّ اَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَ

راستے سے کیوں روکتے ہو اس میں ٹیڑھا پن تلاش کرتے ہو حالانکہ تم خود گواہ ہو اور

مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا

جو عمل کرتے ہو اللہ اس سے بے خبر نہیں ہے۔ (۹۹) اے ایمان والوں! اگر کتاب کے ایک فریق

فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ

کی اطاعت کرو تو وہ تمہیں ایمان لانے کے بعد کفر کی طرف

كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَ

مائل کر دیں گے۔(۱۰۰) اور تم کیسے انکار کرسکتے ہو جب کہ تم پر اللہ کی آیتوں کی تلاوت کی جاتی ہے اور

فِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ

تم میں اس کا رسول ہے اور جس نے اللہ کی رسی کو پکڑ لیا تو بیشک اسے صراط مستقیم کی طرف

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا ۱۰ ع ۱۰ ۱

ہدایت ہو گئی۔ (۱۰۱) اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے اس طرح ڈرو جس طر ح کہ ڈرنے

تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا

کا حق ہے اورمسلمان ہونے کے علاوہ کسی اور صورت میں نہ مرنا۔(۱۰۲) اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبُوطی سے تھام لو

وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۪ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً

اور تفرقہ نہ ڈالنا اور اللہ کی نعمت کو یاد کرو جبکہ تم آپس میں دشمن تھے تو اس نے تمہارے

فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ

دلوں میں محبت ڈال دی تو تم اس کی نعمت کے باعث بھائی بھائی بن گئے اور تم آگ

عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ چکے تھے تو اس نے تمہیں اس سے بچا لیا۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح اپنی

اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ

آیتوں کو بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پا جاؤ۔(۱۰۳) اور تم میں سے ایک جماعت ایسی ہونی چاہئے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِیْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ يَنْهَوْنَ عَنِ

جو بھلائی کی دعوت دے اور امر معروف کا حکم دے اور بری باتوں سے

الْمُنْكَرِ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

منع کرے، اور وہی لوگ فلاح پائیں گے۔ (۱۰۴) اور اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ

تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَ اُولٰٓئِكَ

جنہوں نے تفرقہ ڈالا اور واضح نشانیاں آنے کے بعد اختلاف کیا۔ اور وہی لوگ ہیں

لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۵﴾ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّ تَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ

جن کے لیے بڑا عذاب ہے۔(۱۰۵) جس دن کچھ چہرے سفید اورروشن ہوں گے

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۫ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ

اور کچھ سیاہ ہوں گے۔ جن کے چہرے سیاہ ہوں گے تو وہ ایسے لوگ ہوں گے جنہوں نے ایمان کے بعد کفر اختیار کرلیا

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ

پس وہ اپنے کفر کرنے کے باعث عذاب برداشت کریں گے۔ (۱۰۶) اور جن لوگوں کے

ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

چہرے سفید ہوں گے تو اُن پر اللہ کی رحمت ہوگی وہ ہمیشہ اُس میں رہیں گے۔(۱۰۷)

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَ مَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا

یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو حق کے ساتھ سنائی جاتی ہیں اور اللہ جہان والوں پر ظلم

لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ اِلَى اللّٰهِ

نہیں چاہتا۔ (۱۰۸) اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ ہی کا ہے۔اور اللہ ہی کی طرف

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۱۰۹﴾ ع كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ ع ۱۱ ۸ ۲

ہر امر راجع ہوگا۔ (۱۰۹) جتنی اُمتیں لوگوں میں بنائی گئی ہیں تم اُن میں سب سے بہتر ہو کیونکہ تم امرِ معروف

بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَ لَوْ اٰمَنَ

کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔ اور اگر اہل کتاب

اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ اَكْثَرُهُمُ

بھی ایمان لے آتے تو اُن کے لیے بہت اچھا ہوتا۔ اُن میں تھوڑے سے اہل ایمان بھی ہیں مگر

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بٍ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ

زیادہ فاسق ہیں۔(۱۱۰) یہ تمہیں معمولی اذیّت کے سوا کچھ تکلیف نہ دے سکیں گے، اور اگر تم سے لڑیں گے تو پیٹھ پھیر

الْاَدْبَارَ ۟ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا

جائیں گے پھر اُن کی مدد نہ ہوگی۔ (۱۱۱) ذلّت اُن پر مسلط کردی گئی ہے خواہ وہ کہیں پر ہوں مگر جب تک

اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ

وہ اللہ کی رسی اور اس کے بندوں کی رسی کو نہ پکڑیں گے اُنہیں اللہ کا غضب پہنچے گا

اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ

اور اُن پر ناداری مسلط کر دی گئی یہ اس وجہ سے ہوا کہ اُنہوں نے اللہ کی

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّ

آیتوں کا انکار کیا اور انبیاء کو ناحق شہید کیا۔ پس یہ نافرمانی کرنے والے

كَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ

اور حد سے آگے زیادتی کرنے والے تھے۔ (۱۱۲) اہل کتاب میں سے سب ایک جیسے نہیں بلکہ کچھ ایسے بھی ہیں جو

يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

حق پر قائم ہیں رات کے وقت اللہ کی آیتوں کی تلاوت کرتے ہیں اور سجدے کرتے ہیں۔(۱۱۳) اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

لاتے ہیں اور نیک کام کرنے کا حکم دیتے ہیں اور بُرائی سے روکتے ہیں اور

يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا

نیک اعمال کرنے میں سرعت کرتے ہیں یہی لوگ صالحین میں سے ہیں۔(۱۱۴) اور وہ جو بھی

مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

بھلائی کریں اس کا حق دیا جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ متقین کو خوب جاننے والا ہے۔(۱۱۵) بیشک جن لوگوں

كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ

نے کفر کیا اور اُن کے مال اور اولاد اُنہیں اللہ سے ذرّہ بھر بھی بے نیاز نہ کر سکیں گے۔

شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا

اور وہی لوگ ہیں جو آگ میں جائیں گے وہاں ہمیشہ رہیں گے۔ (۱۱۶) جو لوگ اس دنیا

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا • تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا • قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا • کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مدّ ۔۔۔ تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

یُنْفِقُوْنَ فِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا كَمَثَلِ رِیْحٍ فِیْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ

کی زندگی میں مال کو خرچ کرتے ہیں اُن کی مثال اُس ہوا کی طرح ہے جس میں شدید سردی ہو اور وہ

حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَ مَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَ

قوم کی کھیتی پر چلے جو خود پر ظلم کرتے تھے تو اُنہیں ہلاک کر ڈالے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اُن پر ظلم نہیں کیا بلکہ

لٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا

وہ خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ (۱۱۷) اے ایمان والو! غیروں کو اپنا راز دار

بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا یَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ

نہ بناؤ وہ تمہاری بُرائی میں کمی نہیں کرتے اور تمہیں ایذا پہنچنے کے خواہاں رہتے ہیں۔ تحقیق

بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖۚ وَ مَا تُخْفِیْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ

بغض اُن کی باتوں سے ظاہر ہو چکا ہے۔ جو کچھ اُن کے سینوں میں ہے وہ اس سے بھی بڑا ہے۔

قَدْ بَیَّنَّا لَكُمُ الْاٰیٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ هٰۤاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ

ہم نے کھول کر نشانیاں بیان کردی ہیں اگر تم میں عقل ہو۔ (۱۱۸) دیکھو تم تو اُنہیں چاہتے ہو مگر

وَ لَا یُحِبُّوْنَكُمْ وَ تُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَ اِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْۤا

وہ تمہیں پسندنہیں کرتے اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو۔ اور وہ جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں

اٰمَنَّا ۖۚ وَ اِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَیْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَیْظِ ؕ قُلْ

کہ ہم ایمان لائے اور جب علیحدہ ہوتے ہیں تو غصے سے انگلیاں مُنہ میں ڈالتے ہیں۔ تم فرما دو

مُوْتُوْا بِغَیْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ

کہ غصے میں مر جاؤ۔ بیشک اللہ تمہارے سینوں کی باتوں کو جانتا ہے۔ (۱۱۹) جب تمہیں

تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۫ وَ اِنْ تُصِبْكُمْ سَیِّئَةٌ یَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ

آسودگی حاصل ہوتی ہے تو اُنہیں بُری لگتی ہے اور جب تمہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ اس سے خوش ہوتے ہیں۔

وَ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا لَا یَضُرُّكُمْ كَیْدُهُمْ شَیْــًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا

اور اگر تم صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو تواُن کا فریب تمہارا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ بیشک اُن کے تمام

یَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ ﴿۱۲۰﴾ ع وَ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِیْنَ ع ۱۲ ۱۱ ۳

اعمال اللہ تعالیٰ کے احاطہ اختیار میں ہیں۔(۱۲۰) اور یاد کرو اے محبوب! جب تم اپنے گھر سے نکلے اور مسلمانوں کو لڑائی کے مورچوں

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾ اِذْ هَمَّتْ طَّآىِٕفَتٰنِ

پر قائم کرنے لگے۔ اور اللہ سنتا اور جانتا ہے۔(۱۲۱) اس وقت دو گروہوں کا دل

مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَ اللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۗ وَ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

چھوڑ دینے کو چاہا مگر اللہ نے اُن کی مدد کی۔ اور مومنوں کو اللہ تعالیٰ پر توکل

الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا

کرنا چاہیے۔ (۱۲۲) اور البتہ اللہ تعالیٰ نے بدر میں مدد کی جب کہ تم بے سروسامان تھے۔ پس اللہ سے

اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ

ڈرو تاکہ تم شکر کرو۔ (۱۲۳) جب آپ مومنوں سے کہتے تھے کہ کیا تمہارے لیے یہ کافی

اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ ط

نہیں ہے کہ تمہارا رب تین ہزار فرشتے اُتار کر تمہاری مدد کرے۔ (۱۲۴)

بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَ يَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ

ہاں کیونکہ اگر تم صبر کرو اور ڈرو اور کافر یکدم تم پر آ پڑیں

رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓىِٕكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَمَا جَعَلَهُ ع

تو تمہارا رب پانچ ہزار نشان والے فرشتے بھیجے گا۔ (۱۲۵) اور اس مدد کو

اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَىِٕنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۗ وَ مَا النَّصْرُ اِلَّا

اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے بشارت بنایا تاکہ تمہارے دلوں میں اس سے اطمینان ہو۔ اور مدد تو اللہ تعالیٰ ہی کے

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ

پاس ہے جو غلبے والا حکمت والا ہے۔ (۱۲۶) یہ اس لیے ہوا کہ کافروں کا ایک حصہ

كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآىِٕبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ

کٹ جائے یا اُنہیں ذلیل کرے تاکہ وہ نامراد ہو کر لوٹ جائیں۔ (۱۲۷) یہ بات تمہارے ہاتھ میں نہیں

شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَ

یا یہ کہ وہ تائب ہو جائیں یا یہ کہ اُنہیں عذاب دے کہ وہ ظالم ہیں۔ (۱۲۸) اور

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ۗ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ

جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ ہی کا ہے۔ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ ،، ۔ تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

ع ۱۳ ۹ ۴

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور اللہ تعالٰی مغفرت والا رحم والا ہے۔(۱۲۹) اے ایمان

اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰۤوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ

والو! دو گنا اور چوگنا سؤد نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تاکہ تمہاری

تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْۤ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ

فلاح ہو۔ (۱۳۰) اور اِس آگ سے ڈرو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔(۱۳۱) اور اللہ اور اُس کے

وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَسَارِعُوْۤا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ

رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ (۱۳۲) اور مغفرت کی طرف جلدی سے آجاؤ جو تمہارے رب کی

وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِيْنَ

طرف سے ہے اور اس جنت کی طرف آجاؤ جس کا عرض آسمان اور زمین کے برابر ہے جو اہل تقویٰ کیلئے تیار کی گئی ہے۔(۱۳۳) وہ جو

يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ

خوشحالی اور غربت میں اللہ کے لیے خرچ کرتے ہیں اور غصہ پی جاتے ہیں اور لوگوں سے درگزر

عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا

کرتے ہیں۔ اور اللہ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (۱۳۴) اور وہ لوگ جو بے حیائی کر

فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْۤا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۪

بیٹھیں یا اپنی جانوں پر ظلم کرلیں تو اللہ تعالٰی کا ذکر کر کے اُنہیں اپنے گناہوں کے لئے

وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۫ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَ

استغفار کرنا چاہیئے اور اللہ کے سوا اور کون ہے جو گناہ معاف کرے۔ اور وہ اپنے کیے پر جان بوجھ کر

هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ

اصرار نہ کریں۔ (۱۳۵) ایسے لوگوں کی جزا اُن کے رب کی طرف سے مغفرت ہے اور جنت ہے

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾

جس میں نہریں بہتی ہیں اُس میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ نیک کام کرنے والوں کے لیے بہت اچھا اجر ہے۔(۱۳۶)

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا

تم سے پہلے کتنے لوگ اور زمانے گزر چکے ہیں۔ پس زمین پر سیر کر کے دیکھو

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٣٧﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى

کہ جھوٹے لوگوں کا انجام کیا ہوا۔ (۱۳۷) یہ بیان یعنی قرآن لوگوں کے لیے ہدایت

وَّ مَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿١٣٨﴾ وَ لَا تَهِنُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا وَ اَنْتُمُ

اور اہل تقویٰ کے لیے نصیحت ہے۔ (۱۳۸) اور نہ سستی کرو اور نہ غم کھاؤ اگر تم

الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ

سچے مومن ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔ (۱۳۹) اگر تمہیں زخم لگے ہیں تو تمہارے

مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَ تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ

دشمنوں کو بھی اسی طرح کے زخم لگ چکے ہیں ۔ اور یہ دن ہیں ہم انہیں لوگوں میں بدلتے رہتے ہیں۔

وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ

تاکہ اللہ اہل ایمان کی پہچان کروا دے اور تم میں سے گواہ بنائے اور اللہ تعالیٰ

لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٠﴾ لا وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ

ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔(۱۴۰) اور اللہ اہل ایمان کو صحیح معنوں میں مومن کردے اور کافروں کو

الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٤١﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَ لَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ

مٹا دے۔ (۱۴۱) کیا تم نے گمان کرلیا ہے کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے

الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٤٢﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ

نہ جہاد کرنے والوں اور نہ صبر کرنے والوں کو آزمایا ہے۔ (۱۴۲) اور البتہ تم اُس کے ملنے سے

الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۠ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿١٤٣﴾ ع ۱۴ ۱۴ ۵

پہلے موت کی تمنا کیا کرتے تھے۔ پس اِسے تم نے اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھ لیا۔ (۱۴۳)

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ

اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تو ایک رسول ہیں۔اُن سے پہلے بھی رسُول ہوچکے ہیں تو کیا اگر وہ انتقال فرما جائیں

اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ

یا شہید ہو جائیں تو تم اُلٹے پاؤں پھر جاؤ گے اور جو اُلٹے پاؤں پھر جائے تو وہ ہرگز اللہ

فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٤٤﴾ وَمَا كَانَ

کا کچھ بھی نقصان نہ کرے گا، اور عنقریب اللہ شکر کرنے والوں کو جزا دے گا۔ (۱۴۴) اور کوئی شخص

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَ مَنْ يُّرِدْ

اللہ کے حکم کے بغیر مر نہیں سکتا سب کا وقت لکھا ہوا ہے۔ اور جو کوئی دنیا

ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ

کاانعام چاہے ہم اُسے اس میں سے دے دیتے ہیں اور جو کوئی آخرت کاانعام چاہے ہم اُسے اس میں

مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِی الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ

سے دے دیتے ہیں، اور اللہ عنقریب شکر کرنے والوں کو جزا دے گا۔(۱۴۵) اور بہت سے نبی ہوئے ہیں جن کے ساتھ بہت سے اللہ والوں نے

رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَاۤ اَصَابَهُمْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ مَا

مل کر جہاد کیا ہے، تو وہ اُن مصیبتوں کے باعث نہ تو ست ہوئے نہ کمزور ہوئے اور

ضَعُفُوْا وَ مَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَ مَا

نہ دبے جو اُنہیں اللہ کی راہ میں برداشت کرنا پڑیں اور اللہ صابرین سے محبت رکھتا ہے۔ (۱۴۶) اور وہ

كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ اِسْرَافَنَا

ان الفاظ کے سوا اور کچھ نہ کہتے تھے کہ اے ہمارے رب ہمارے گناہ معاف کردے اورکاموں میں ہماری

فِیْۤ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

زیادتیاں بھی معاف کردے اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کی قوم پر ہماری مدد فرما دے۔(۱۴۷)

فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَ اللّٰهُ

تو اللہ نے اُنہیں دُنیا میں اچھا بدلہ دیا اور آخرت میں اِس سے بہتر انعام دے گا۔ اور اللہ تعالیٰ

يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ ع ۱۵ ۵ ۲

نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔(۱۴۸) اے ایمان والو! اگر تم کافروں کی اطاعت کرو گے تو

كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ

وہ تمہیں اُلٹے پاؤں پھیر کر مُرتد کردیں گے تو پھر تم خسارہ اُٹھانے والوں میں سے ہوجاؤ گے۔(۱۴۹) بلکہ اللہ تعالیٰ

مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ

تمہارا مولیٰ ہے اور وہ سب سے بہتر مدد گار ہے۔(۱۵۰) ہم ابھی کافروں کے دلوں میں رُعب ڈال

كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَاۤ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَ

دیں گے اس لیے کہ اُنہوں نے اللہ کے ساتھ شرک کیا جس کی اُس نے کوئی دلیل نازل نہیں کی۔ اور

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" - تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ
اُن کا ٹھکانا آگ ہے اور ظالموں کے لیے بہت بُرا ٹھکانا ہے۔ (۱۵۱) اور بیشک اللہ تعالیٰ نے
اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَ
اپنا وعدہ سچ کردیا یعنی اس وقت جب اُس کے حکم سے کافروں کو قتل کرتے تھے حتیٰ کہ تم نے ہمت ہار دی اور
تَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ
حکم میں جھگڑا ڈال دیا اور اس کی نافرمانی کی حتیٰ کہ اس کے بعد اس نے تمہیں وہ چیز دکھادی جسے تم چاہتے تھے یعنی
مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ
مال غنیمت، تم میں سے کوئی دُنیا کا ارادہ کرتا تھا اور تم میں سے کوئی آخرت کا ارادہ کرتا تھا پھر
صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَ لَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ
اس نے تمہیں آزمانے کے لیے تمہارا مُنہ پھیر دیا تھا۔ اور بیشک اُس نے تمہیں معاف کردیا۔ اور اللہ تعالیٰ
فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَ لَا تَلْوٗنَ عَلٰٓى
مومنوں پر فضل کرنے والا ہے۔(۱۵۲) جب دُور چلے جارہے تھے اور پیچھے کسی کو نہ دیکھتے تھے
اَحَدٍ وَّ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ
اور رسول پچھلی جماعت میں تمہیں بلا رہے تھے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہیں غم پہ غم
لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَ لَا مَآ اَصَابَكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ خَبِيْرٌۢ
پہنچا تاکہ تم کھوئی ہوئی چیز پر اور پہنچی ہوئی مصیبت پر غمگین نہ ہو۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے
بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً
باخبر ہے۔ (۱۵۳) پھر تم پر غم کے بعد امن کو نازل کیا جس نے تم میں
نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَ طَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ
سے ایک جماعت کو ڈھانپ لیا اور ایک جماعت کو اپنی جانوں کا فکر لاحق تھا
اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ
وہ عہد جہالت کی سی بدگمانی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ پر ناحق بدگمان ہو رہے تھے ۔ وہ کہتے تھے
هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ
کہ کیا ہمارا اس کام میں کچھ دخل ہے؟ فرما دیجئے کہ بیشک ہر حکم اللہ ہی کا ہے۔

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ

کچھ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں اور آپ پر ظاہر نہیں کرتے۔ کہتے ہیں کاش

لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ

کہ اس کام میں ہمارا کچھ دخل ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے۔ آپ فرمائیے کہ جن لوگوں کا

بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ

قتل کیا جانا لکھا جاچکا ہے وہ اپنے مقام قتل پر ضرور آجاتے خواہ وہ گھروں ہی میں کیوں نہ ہوتے۔

وَ لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَ لِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ

اور اِس سے اللہ نے تمہارے سینے کی باتوں کو آزمانا تھا تاکہ تمہارے دلوں میں اخلاص پیدا ہو جائے۔

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ

اور اللہ دلوں کی باتوں کو خوب جاننے والا ہے۔(۱۵۴) بیشک جو لوگ تم میں سے اُحد کے دن جب دونوں

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ

جماعتیں آمنے سامنے ہوئی تھیں بھاگ گئے تھے۔ تواُن کے بعض کاموں کی وجہ سے شیطان نے اُنہیں پھسلا دیا تھا۔

ع ١٦/٧ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۵۵﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

بیشک اللہ نے اُنہیں معاف کردیا۔ بیشک اللہ مغفرت کرنے والا حلم والا ہے۔(۱۵۵) اے ایمان

اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا

والو! کافروں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے اپنے بھائیوں کے بارے میں کہا جو سفر

فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ

یا جہاد پر گئے کہ اگر وہ ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے۔

لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۭ

تاکہ اللہ اُن کے دلوں میں یہ بات حسرت کر دے۔ اور اللہ ہی زندہ کرتا ہے اورمارتا ہے۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَىِٕنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اور اللہ جو تم کرتے ہو دیکھتا ہے۔ (۱۵۶) اور البتہ اگر تم اللہ کی راہ میں مارے جاؤ

اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَ

یا مر جاؤ تو تمہارے لیے اللہ کی مغفرت اور رحمت ہے جو ہر قسم کی جمع شدہ دولت سے بہتر ہے ۔ (۱۵۷) اور

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ ,, ۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

لَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاۡاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿١٥٨﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ

اگر تم مرگئے یا مارے گئے تو اللہ کے حضور جمع کیے جاؤ گے۔ (۱۵۸) تو اللہ کی رحمت سے آپ

اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا

ان کے لئے نرم دل ہوئے اور اگر آپ تند مزاج ، سخت دل ہوتے تو وہ آپ کے ارد گرد

مِنْ حَوْلِكَ ۠ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ

سے بھاگ جاتے، تو آپ درگزر اختیار کیجیے اور اُن کے لئےبخشش طلب کیجیے اور اِس کام میں اُن سے مشورہ لیجیے۔

فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿١٥٩﴾

پھر جب آپ عزم کرلیں تو اللہ پر بھروسہ کریں بیشک اللہ تعالیٰ بھروسہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔(۱۵۹)

اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ

اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو پھر تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا، اور اگر وہ تمہیں بے مدد چھوڑ دے تو پھر اس کے بعد

يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١٦٠﴾ وَمَا

ایسا کون ہے جو تمہاری مدد کرے۔ اور مومنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے۔(۱۶۰) اور

كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۭ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ

کسی نبی پر یہ گمان نہ کریں کہ وہ چھپائے رکھے اور جو کچھ چھپائے رکھے وہ قیامت کے روز چھپائی ہوئی چیز کو لے آئے گا۔

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿١٦١﴾ اَفَمَنِ

پھر ہر ایک جان کواس کی کمائی کا حصہ پورا دیا جائے گا اور اُن پرظلم نہ ہوگا۔(۱۶۱) رضائے الٰہی

اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَاۗءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ

پر چلنے والا کیا اس جیسا ہو سکتا ہے جو اللہ کے غضب کے ساتھ لوٹا ہے اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿١٦٢﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا

جو بہت ہی بُرا ٹھکانا ہے۔(۱۶۲) وہ اللہ کے ہاں مختلف درجات والے ہیں اور جو وہ کرتے ہیں اللہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿١٦٣﴾ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا

دیکھنے والا ہے۔(۱۶۳) بیشک اللہ نے مومنوں پر بڑا احسان فرمایا ہے کہ اُنہی میں سے ایک رسُول مبعوث فرمایا

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ

جو اُن پر اس کی آیتیں تلاوت کرتا ہے اور اُن کا تزکیہ کرتا ہے کتاب

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

النصف

وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٦٤﴾ اَوَلَمَّآ

اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔اور بیشک وہ اس سے قبل کھلی گمراہی میں تھے۔(۱۶۴) کیا جب

اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ

تمہیں کوئی مصیبت پہنچی تحقیق اس جیسی مصیبت اُنہیں پہنچا چکے ہو۔ پھر بھی تم نے کہا

هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٦٥﴾ وَمَآ

کہ یہ کہاں سے آئی؟ ، کہہ دو کہ وہ تمہاری ہی طرف سے ہے۔ بیشک اللہ تعالی ہر چیز پر قادر ہے ۔(۱۶۵) اور

اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٦٦﴾ ۙ

دونوں فوجوں کے آمنے سامنے آنے کے دن جو تکلیف آئی وہ اللہ کے حکم سے تھی تاکہ مومنوں کی پہچان ہو جائے۔(۱۶۶)

وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۖۚ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ

اور منافقوں کا بھی پتہ چل جائے۔ اور جب اُن سے کہا گیا کہ اللہ کی راہ میں لڑنے

اللّٰهِ اَوِ ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا تَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ

کے لیے آؤ یا دُشمن کو دُور کرنے کے لئے آؤ۔ تو اُنہوں نے کہا کہ اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ لڑائی ہوگی تو ضرور تمہارے ساتھ جاتے ۔ وہ اُس دن

يَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ

ایمان کی نسبت کفر کے زیادہ نزدیک تھے۔ اپنی زبانوں سے وہ بات کہتے ہیں جو اُن کے دل

فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿١٦٧﴾ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ

میں نہیں۔ اور اللہ جانتا ہے جسے وہ چھپاتے ہیں۔(۱۶۷) وہ جنہوں نے اپنے شہید بھائیوں کے بارے

وَقَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ

میں کہا کہ اگر وہ بیٹھے رہتے اور ہماری بات مانتے تو وہ مارے نہ جاتے ۔ آپ فرما دیجئے کہ تم اپنی موت ٹال

الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١٦٨﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ

دو اگر تم سچے ہو۔ (۱۶۸) اور اللہ کی راہ میں شہید ہونے والوں کو

سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿١٦٩﴾ ۙ فَرِحِيْنَ

ہرگز مُردہ خیال نہ کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کے ہاں سے رزق دیئے جاتے ہیں۔(۱۶۹) وہ خوش ہیں کہ

بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا

جو اللہ نے اپنے فضل سے اُنہیں عطا کیا ہے اور اپنے پچھلوں کے بارے میں جو ابھی اُن سے ملے نہیں

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ◉ تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ◉ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿١٧٠﴾ وقف لازم

یہ بشارت پا کر خوش ہوتے ہیں اُن پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی کوئی غم ہوگا۔(۱۷۰)

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ ۙ وَّ اَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

وہ اللہ کی نعمت اور فضل پر خوش ہیں اور بیشک اللہ مومنوں کا

اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٧١﴾ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ ع ۱۷/۸

اجر ضائع نہیں کرتا۔(۱۷۱) گہرا زخم لگنے کے باوجود جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کے حکم

اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَ اتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿١٧٢﴾ مع ۲

کو قبول کر لیا۔ اُن میں نیکی کرنے والوں اور ڈرنے والوں کے لیے بڑا اجر ہے۔(۱۷۲)

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ

جن سے لوگوں نے آ کر کہا کہ کافروں نے تمہارے مقابلے کے لیے لشکر جمع کیا ہے تو تم اُن سے ڈرو تو اُن کا

فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖۗ وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿١٧٣﴾ فَانْقَلَبُوْا

ایمان اور زیادہ ہو گیا۔ اور اُنہوں نے کہا کہ ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہ بہتر کارساز ہے۔(۱۷۳) پھر وہ اللہ کی

بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّ اتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ؕ

نعمتوں اور فضل کے ساتھ واپس لوٹے اُنہیں کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا اور وہ رضائے الٰہی کے تابع رہے

وَ اللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ﴿١٧٤﴾ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ

اور اللہ فضل والا عظمت والا ہے۔(۱۷۴) یہ تو شیطان ہے جو تمہیں اپنے دوستوں سے

اَوْلِيَآءَهٗ ۠ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَ خَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٧٥﴾

ڈراتا ہے۔پس اس سے نہ ڈرو اور اگر تم مومن ہو تو مجھ سے ڈرو۔ (۱۷۵)

وَ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا

وہ لوگ جو کفر کی طرف تیزی سے بڑھتے ہیں آپ کو غمگین نہ کریں۔ بیشک وہ اللہ کو کچھ بھی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

اللّٰهَ شَيْئًا ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَهُمْ

اللہ چاہتا ہے کہ آخرت میں اُن کے لیے کچھ نہ رہے۔ اور اُن کے لیے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ

عذاب عظیم ہے۔ (۱۷۶) بیشک جنہوں نے ایمان کے بدلے میں کفر خریدا وہ ہرگز اللہ کو ذرّہ

غُنَّه: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

● "مَدّ" - تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

بھر نقصان نہ پہنچا سکیں گے، اُن کے لیے عذاب الیم ہے۔(۱۷۷) کفر کرنے والے یہ خیال نہ کریں

كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا

کہ جو مہلت ہم اُنہیں دے رہے ہیں وہ اُن کے لیے بہتر ہے یہ مہلت اس لیے دیتے ہیں کہ اُن کے

اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

گناہ زیادہ ہو جائیں اور اُن کے لیے ذلت آمیز عذاب ہے۔(۱۷۸) اللہ تعالیٰ مومنوں کو اس حال میں

عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۭ وَمَا كَانَ

جس میں تم ہونہیں رہنے دے گا جب تک ناپاک کو طیّب سے علیحدہ نہیں کرے گا۔ اورنہ ہی اللہ تمہیں

اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ

غیب سے مطلع کرے گا البتہ اللہ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہتا ہے منتخب

مَنْ يَّشَاۗءُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ

کرلیتا ہے۔ پس اللہ اوراس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اگر تم ایمان لاؤ اور تقویٰ اختیار کرو توتمہارے

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىھُمُ اللّٰهُ

لیے اجرِ عظیم ہے۔ (۱۷۹) اور بخل کرنے والے یہ گمان نہ کریں کہ جو اللہ تعالیٰ نے اُنہیں

مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّھُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّھُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ

اپنے فضل میں سے دیا ہے وہ اُن کے لیے بہتر ہے، بلکہ وہ اُن کے لیے شر ہے۔ قیامت کے

مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۭ

روز اُنہیں بخل کے سبب طوق ڈالا جائے گا۔ آسمانوں اور زمین کا

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ ع لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا ع ۱۸ ۹ وقف لازم

وارث اللہ ہے۔اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔(۱۸۰) بیشک اللہ تعالیٰ نے اُن لوگوں کا یہ کہنا سُن لیا جنہوں نے

اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَاۗءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَھُمُ

یہ کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم غنی ہیں جو بات اُنہوں نے کہی ہے اُسے اور اُن کا نبیوں کو

الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾ ذٰلِكَ

ناحق قتل کرنا لکھ رکھیں گے۔ اور ہم کہیں گے کہ آگ کے عذاب کا مزہ چکھو۔ (۱۸۱) یہ اس کا

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مدّ: ۔۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡكُمۡ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيۡسَ بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِيۡدِ ۚ﴿۱۸۲﴾

بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا ہے اور بیشک اللہ اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔ (۱۸۲)

اَلَّذِيۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيۡنَاۤ اَلَّا نُؤۡمِنَ لِرَسُوۡلٍ حَتّٰى

جن لوگوں نے کہا کہ بیشک اللہ نے ہم سے عہد لیا ہے کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ

يَاۡتِيَنَا بِقُرۡبَانٍ تَاۡكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلۡ قَدۡ جَآءَكُمۡ رُسُلٌ مِّنۡ

وہ ہمارے پاس ایسی قربانی نہ لائے جسے آگ کھا جائے۔ فرمادیجئے کہ مجھ سے پہلے تمہارے پاس بہت سے

قَبۡلِىۡ بِالۡبَيِّنٰتِ وَ بِالَّذِىۡ قُلۡتُمۡ فَلِمَ قَتَلۡتُمُوۡهُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ

رسول واضح دلائل اور یہ نشانی بھی لے آ کر آئے جس کے بارے میں تم نے کہا ہے پھر تم نے اُنہیں شہید کیوں کیا؟ اگر

صٰدِقِيۡنَ ﴿۱۸۳﴾ فَاِنۡ كَذَّبُوۡكَ فَقَدۡ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنۡ قَبۡلِكَ

تم سچے ہو۔(۱۸۳) اگر وہ تمہاری تکذیب کرتے ہیں تو اُنہوں نے آپ سے پہلے بھی بہت سے رسولوں

جَآءُوۡ بِالۡبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالۡكِتٰبِ الۡمُنِيۡرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَةُ

کو جھٹلایا ہے جو روشن نشانیوں اور آسمانی صحیفے اور روشن کتاب کے ساتھ آئے تھے۔(۱۸۴) ہر شخص کو موت آکے

الۡمَوۡتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوۡنَ اُجُوۡرَكُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ فَمَنۡ زُحۡزِحَ عَنِ

رہے گی۔ اور تمہارے کاموں کا بدلہ قیامت کے روز دیا جائے گا۔ پس جو کوئی آگ سے

النَّارِ وَاُدۡخِلَ الۡجَنَّةَ فَقَدۡ فَازَ ؕ وَمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَاۤ اِلَّا مَتَاعُ

بچا لیا گیا تو اُسے جنت میں داخل کیا جائے گا تو وہی کامیاب ہوگا۔ اور دنیا کی زندگی تودھوکے کا

الۡغُرُوۡرِ ﴿۱۸۵﴾ لَتُبۡلَوُنَّ فِىۡۤ اَمۡوَالِكُمۡ وَ اَنۡفُسِكُمۡ ۟ وَلَتَسۡمَعُنَّ مِنَ

سامان ہے۔ (۱۸۵) تمہیں تمہارے مال اور جان میں آزمایا جائے گا اور البتہ ضرور تم سنو گے

الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ وَمِنَ الَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡۤا اَذًى

اُن لوگوں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی اور اُن لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا بہت اذیّت ملے گی

كَثِيۡرًا ؕ وَاِنۡ تَصۡبِرُوۡا وَتَتَّقُوۡا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ ﴿۱۸۶﴾

اور اگر تم صبر کرو اور تقویٰ کرو تو بیشک یہ بڑے عزم والے کام ہیں۔(۱۸۶)

وَاِذۡ اَخَذَ اللّٰهُ مِيۡثَاقَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ

جن لوگوں کوکتاب دی گئی تھی اللہ تعالیٰ نے اُن سے عہد لیا کہ تم اِس کتاب کو لوگوں میں کھول کر بیان کرو گے

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفۡخِیۡم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلۡقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَ لَا تَكْتُمُوْنَهٗ ۫ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا

اور اسے بالکل نہ چھپاؤ گے۔ تو اُنہوں نے اِس عہد کو پیچھے ڈال دیا اور اِس کے عوض میں تھوڑا سا معاوضہ

قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ

لے لیا تو اُن کی یہ خرید بہت ہی بُری ہے۔ (۱۸۷) ہرگز یہ خیال نہ کریں کہ جو لوگ اپنے کاموں پر خوش ہوتے ہیں

بِمَآ اَتَوْا وَّ يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ

اور اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ اُن کے اِس کام کی تعریف کی جائے جو اُنہوں نے نہیں کیا تو اُن کے بارے میں یہ

بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ

گمان نہ کرو کہ وہ عذاب سے نجات پاجائیں گے بلکہ اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔(۱۸۸) آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۸۹﴾ ع اِنَّ فِيْ ع ۱۹ ۹ ۱۰

زمین کی بادشاہت اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔(۱۸۹) بیشک

خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ

آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں اور رات دن کے اختلاف میں عقل والوں کے لیے

لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ ج الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ

نشانیاں ہیں۔ (۱۹۰) جو کھڑے بیٹھے اور لیٹے ہوئے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں اور

عَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَ يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ

زمین و آسمان کی تخلیق میں غور و فکر کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾

اے ہمارے رب تو نے مخلوق کو بے مطلب نہیں بنایا۔ تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔(۱۹۱)

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

اے ہمارے رب جسے تو آگ میں داخل کرے گا تو وہ ضرور رسوا ہوا، اور ظالموں کا

مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ

کوئی مددگار نہیں ہے۔ (۱۹۲) اے ہمارے ربّ ہم نے منادی کرنے والے کو سُنا جو ایمان کی طرف بلاتا تھا کہ

اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖۗ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا

اپنے رب پر ایمان لے آؤ پس ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے رب ہمارے گناہ معاف کردے اور ہم سے تمام بُرائیوں کو دُور کر دے

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

● ”مَدّ“ ، - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَتَوَفَّنَا مَعَ الۡاَبۡرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدۡتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ

اور ہمیں ابراروں (نیکوں) کے ساتھ موت دے۔(۱۹۳) اے ہمارے رب ہمیں وہ عطا کر جس کا تو نے اپنے رسولوں سے وعدہ کیا اور

لَا تُخۡزِنَا يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسۡتَجَابَ

ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کرنا۔ بیشک تو اپنے وعدہ کے خلاف نہیں جاتا۔ (۱۹۴) پس اُن کے

لَهُمۡ رَبُّهُمۡ اَنِّىۡ لَاۤ اُضِيۡعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنۡكُمۡ مِّنۡ ذَكَرٍ اَوۡ

رب نے اُن کی دعا قبول کرلی کہ بیشک میں کسی عمل کرنے والے مرد یا عورت کا عمل ضائع نہیں کرتا۔

اُنۡثٰى ۚ بَعۡضُكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡضٍ ۚ فَالَّذِيۡنَ هَاجَرُوۡا وَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ

تم ایک دوسرے میں سے ہو جن لوگوں نے میرے لیے ہجرت کی اور گھروں سے نکالے

دِيَارِهِمۡ وَ اُوۡذُوۡا فِىۡ سَبِيۡلِىۡ وَقٰتَلُوۡا وَ قُتِلُوۡا لَاُكَفِّرَنَّ عَنۡهُمۡ

گئے اور اللہ کی راہ میں اُنہیں اذیّت دی گئی اور لڑے اور قتل کیے گئے تو اُن کے گناہ

سَيِّاٰتِهِمۡ وَ لَاُدۡخِلَنَّهُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ۚ

دور کر دیے جائیں گے اور میں اُنہیں ضرور جنت میں داخل کروں گا جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔

ثَوَابًا مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنۡدَهٗ حُسۡنُ الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾

یہ اللہ کے پاس اُن کا ثواب ہے۔ اور اللہ ہی کے پاس اچھا ثواب ہے۔ (۱۹۵)

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا فِى الۡبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيۡلٌ ۟

اے سننے والے! شہروں میں کافروں کا چلنا پھرنا تجھے ہر گز دھوکے میں نہ ڈالے۔(۱۹۶) یہ متاع قلیل ہے۔

ثُمَّ مَاۡوٰٮهُمۡ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا

پھر اُن کا ٹھکانا جہنم ہے جو بہت بُرا ٹھکانا ہے۔(۱۹۷) جو لوگ اپنے رب سے

رَبَّهُمۡ لَهُمۡ جَنّٰتٌ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا

ڈرتے ہیں، اُن کے لیے جنت ہے جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ اِس میں ہمیشہ رہیں گے۔

نُزُلًا مِّنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ ؕ وَمَا عِنۡدَ اللّٰهِ خَيۡرٌ لِّلۡاَبۡرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَ اِنَّ الثلثة

وہاں اللہ کی طرف سے مہمانی ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ ابراروں کے لیے بہت بہتر ہے۔ (۱۹۸) اور بیشک

مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ لَمَنۡ يُّؤۡمِنُ بِاللّٰهِ وَ مَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكُمۡ

اہل کتاب میں سے کچھ ایسے ہیں جو اللہ پر اور جو تمہاری طرف نازل ہوا اور جو اُن کی طرف

غُنّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

وَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

نازل ہوا اِس پرایمان لاتے ہیں اور اُن میں خشیت الٰہی ہے وہ اللہ کی آیتوں کو تھوڑے داموں

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

میں نہیں بیچتے۔ وہی لوگ ہیں جن کے لیے اُن کے رب کے پاس اجر ہے۔ بیشک اللہ جلد حساب

الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۟

کرنے والا ہے۔ (۱۹۹) اے ایمان والو! صبر کرو اور صابر بنو اور مقابلے کے لیے کمر بستہ رہو۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ ع ۲۰ ۱۱

اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاجاؤ۔(۲۰۰)

سُوْرَةُ النِّسَآءِ ٤ مَدَنِيَّةٌ ۹۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۷۶ رُكُوْعَاتُهَا ۲۴

سورۃ النساء مدنی ہے اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔اس میں ۱۷۶ آیات اور ۲۴ رکوع ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تمھیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی میں

وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّ

سے اس کا جوڑا بنایا اور اُن دونوں کے ذریعے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلا دیں۔اور

نِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اللہ سے ڈرو جس کے واسطے سے سوال کرتے ہو۔ اور صلۂ رحمی کا لحاظ رکھو بیشک اللہ تعالیٰ

كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ﴿۱﴾ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا

تم پر نگرانی کررہا ہے۔ (۱) اور یتیموں کو اُن کا مال دے دو اور اُن کے اچھے مال

الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۠ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

کو اپنے ناقص مال سے مت تبدیل کرو اور نہ اُن کا مال اپنے مال میں ملا کر کھاؤ۔ بیشک یہ بہت

حُوْبًا كَبِيْرًا ﴿۲﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِى الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا

بڑا گناہ ہے۔ (۲) اور اگر تمھیں اندیشہ ہو کہ یتیم بچیوں کے ساتھ انصاف سے

مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ

نہ چل سکو گے تو اُن کے سوا جو عورتیں تمھیں پسند آئیں دو دو ، تین تین اور چار چار نکاح میں لاؤ۔ پھر اگر اِس بات

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اَلَّا تَعۡدِلُوۡا فَوَاحِدَةً اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُكُمۡ ؕ ذٰلِكَ اَدۡنٰۤى اَلَّا

کا خدشہ ہو کہ انصاف نہ کر سکو گے تو ایک عورت کافی ہے یا لونڈی جس کے تم مالک ہو۔ اِس سے تم بے انصافی کرنے سے بچ

تَعُوۡلُوۡا ؕ ﴿۳﴾ وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحۡلَةً ؕ فَاِنۡ طِبۡنَ لَكُمۡ

جاؤ گے۔ (۳) اور عورتوں کو اُن کے مہر خوشی سے دے دیا کرو۔ پھر اگر وہ اپنی خوشی سے تمہیں کچھ

عَنۡ شَىۡءٍ مِّنۡهُ نَفۡسًا فَكُلُوۡهُ هَنِيۡٓــًٔا مَّرِيۡٓــًٔا ﴿۴﴾ وَلَا تُؤۡتُوا

مہر چھوڑ دیں تو اُسے ٹگن اور خوشگوار انداز سے کھاؤ۔ (۴) اور نادانوں کو

السُّفَهَآءَ اَمۡوَالَـكُمُ الَّتِىۡ جَعَلَ اللّٰهُ لَـكُمۡ قِيٰمًا وَّارۡزُقُوۡهُمۡ

اُن کے مال نہ دو جو تمہارے پاس ہیں۔ جن کو اللہ نے تمہاری گزر اوقات کا ذریعہ بنایا ہے

فِيۡهَا وَاكۡسُوۡهُمۡ وَقُوۡلُوۡا لَهُمۡ قَوۡلًا مَّعۡرُوۡفًا ﴿۵﴾ وَابۡتَلُوا الۡيَتٰمٰى

اور اُنہیں اس میں کھلاؤ اور پہناؤ اور اُن سے معقول بات کہو۔ (۵) اور یتیموں کی نگہداشت کرتے رہو

حَتّٰۤى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنۡ اٰنَسۡتُمۡ مِّنۡهُمۡ رُشۡدًا فَادۡفَعُوۡۤا

حتیٰ کہ وہ نکاح کی عمر کو پہنچ جائیں۔ پس اگر تم اُن میں عقلمندی دیکھو تو اُن کے مال اُن کے

اِلَيۡهِمۡ اَمۡوَالَهُمۡ ۚ وَلَا تَاۡكُلُوۡهَاۤ اِسۡرَافًا وَّبِدَارًا اَنۡ يَّكۡبَرُوۡا ؕ

سپرد کر دو۔اور اُسے فضول خرچی کے ذریعے نہ کھاؤ اور نہ ہی جلد بازی میں اُڑا جاؤ کہ وہ

وَمَنۡ كَانَ غَنِيًّا فَلۡيَسۡتَعۡفِفۡ ۚ وَمَنۡ كَانَ فَقِيۡرًا فَلۡيَاۡكُلۡ

بڑے ہو کر اپنا مال تم سے واپس لے لیں گے اور جو غنی ہو وہ اس سے بچے۔ اور جو ضرورت مند ہو اُسے چاہیئے مناسب طریقے سے اُن کے مال

بِالۡمَعۡرُوۡفِ ؕ فَاِذَا دَفَعۡتُمۡ اِلَيۡهِمۡ اَمۡوَالَهُمۡ فَاَشۡهِدُوۡا

کو مصرف میں لائے۔ پھر جب اُن کا مال اُن کے حوالے کرنے لگو تو اس پر گواہ بنالو۔

عَلَيۡهِمۡ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيۡبًا ﴿۶﴾ لِلرِّجَالِ نَصِيۡبٌ مِّمَّا تَرَكَ

اور اللہ حساب لینے کے لیے کافی ہے۔(۶) اس مال میں سے مردوں کا حِصّہ ہے جسے والدین

الۡوَالِدٰنِ وَالۡاَقۡرَبُوۡنَ ۖ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيۡبٌ مِّمَّا تَرَكَ الۡوَالِدٰنِ

اور عزیز و اقارب چھوڑ کر مر جائیں۔ اور اِسی طرح عورتوں کا حِصّہ جسے اُن کے والدین اور رشتہ دار

وَالۡاَقۡرَبُوۡنَ مِمَّا قَلَّ مِنۡهُ اَوۡ كَثُرَ ؕ نَصِيۡبًا مَّفۡرُوۡضًا ﴿۷﴾ وَاِذَا

چھوڑ جائیں تھوڑا ہو یا زیادہ یہ حِصّہ داری مقرر ہے۔(۷) اور تقسیم کے

غُنَّه: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفۡخِيۡم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلۡقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخۡفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

"مَدّ" ۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ
وقت اگر رشتہ دار اور یتیم اور مساکین آجائیں تو اُنہیں بھی کچھ اس میں
مِّنْهُ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿۸﴾ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا
سے دے دو اور اُن سے معروف بات کہو۔ (۸) اور ایسے لوگوں کو ڈرنا چاہئے جو اپنے پیچھے
مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۖ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ
اپنی اولاد میں چھوٹے ناتواں بچے چھوڑ جائیں اور اُن کو اُن کے بارے میں خوف ہو کہ بعد میں اُن کا کیا ہوگا پس اللہ
وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى
سے ڈرو اور سیدھی بات کہو۔ (۹) بیشک جو لوگ یتیموں کا مال ظلم کے ذریعے سے کھاتے ہیں
ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۰﴾ ع ۱۰/۱۲
بیشک وہ اپنے پیٹوں میں آگ بھرتے ہیں اوروہ عنقریب دھکتی ہوئی آگ میں چلے جائیں گے۔ (۱۰)
يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ
اللہ تعالیٰ تمہاری اولاد کے بارے میں تمہیں حکم دیتا ہے کہ لڑکے کا حِصّہ دو لڑکیوں کے برابر ہے۔
فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ
پھر اگر صِرف لڑکیاں ہوں، خواہ وہ دو سے زیادہ ہوں تو اُنہیں کل ترکے کا دو تہائی ملے گا، پھر اگر
كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ؕ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا
ایک ایک لڑکی ہو تو اُسے نِصف ملے گا اور مرحوم کے والدین کے لیے ہر ایک کا ترکے میں
السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ
سے چھٹا حِصّہ ہے بشرطیکہ اُس کی اولاد ہو۔ پھر اگر اس کی اولاد نہ ہو اور صِرف ماں باپ
وَّ وَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ
ہی اس کے وارث ہوں تو ماں کے لیے ایک تہائی حِصّہ ہے اور اگر مرحوم کا بھائی ہو تو اس کا چھٹا حِصّہ ہو گا
السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ اٰبَآؤُكُمْ وَ
اور یہ تقسیم میّت کی وصیّت کے بعد ہے یا ادائیگی قرض کے بعد ہے۔ تمہیں معلوم نہیں کہ تمہارے
اَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ؕ فَرِيْضَةً مِّنَ
اجداد اور تمہارے بیٹوں میں فائدے کے لحاظ سے کون تمہارے قریب ہے۔ اللہ کی طرف سے حِصّہ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ

مقرر ہے۔ بیشک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ (۱۱) اورتمہارے لیے بیویوں کے ترکے میں

اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ

آدھا حِصّہ ہے اگر اُن کی اولاد نہ ہو اگر اُن کی اولاد ہو تو تمہارے لیے اُن کے

الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ

ترکے میں سے ادائیگی وصیّت اور قرضہ دینے کے بعد چوتھا حِصّہ ہوگا۔

وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ

اور اگر تمہاری اولاد نہ ہو تو اس میں سے تمہاری بیوی کا چوتھا حِصّہ ہے اگر اُن کی

لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

اولاد ہو تو تمہارے لیے ترکہ میں سے وصیّت اور قرض کی ادائیگی کے بعد آٹھواں حِصّہ ہو گا۔

تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ

اور اگر ایسے مرد اور عورت کا ورثہ ہو جس کا نہ باپ ہو اور نہ

امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ

بیٹا مگر اس کے بہن بھائی ہوں تو اُن میں سے ہر ایک کے لیے چھٹا حِصّہ ہے۔ اور اگر

كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ

کثیر تعداد میں ہوں تو سب ایک تہائی میں شریک ہوں گے یہ حصّے بھی وصیت

وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ

کو پورا کرنے اور ادائیگی قرض کے بعد ہوں گے بشرطیکہ اُن سے مرنے والے کاکوئی نقصان نہ ہوا ہو، یہ اللہ کا حکم ہے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور اللہ عِلم والا حِلم والا ہے۔ (۱۲) یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی

يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ

اطاعت کرے اُسے جنت میں داخل کیا جائے گا جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں ہمیشہ اُس میں رہے گا اور

ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ

یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔(۱۳) اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا اور

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر – پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۠ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾

اس کی حدود سے تجاوز کرے گا تو اسے آگ میں داخل کیا جائے گا اس میں ہمیشہ رہے گا اور اُس کے لیے ذلت والا عذاب ہوگا۔(۱۴)

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ

اور عورتوں میں جو بدکاری کی مرتکب ہوں تو اُن پر اپنے لوگوں میں سے چار کی گواہی لو اگر

اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى

وہ اُن کی بدکاری کی گواہی دیں تو اُنہیں گھروں میں روک لو حتیٰ کہ

يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا

اُنہیں موت آ جائے یا ،اللہ اُن کے لیے کوئی اور راہ نکال لے۔(۱۵) اور تم میں سے جو مرد یا عورت

مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

ایسا کام کرے تو اسے ایذا دو۔ پھر اگر وہ توبہ کرلے اور اصلاح کرلے تو اُن دونوں سے منہ موڑ لو۔ بیشک اللہ

كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ

توبہ قبول کرنے والا رحم والا ہے۔ (۱۶) بیشک اللہ اُن لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے جو نادانی سے

السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ

ایسا کام کر بیٹھتے ہیں پھر جلد توبہ کرلیتے ہیں تو ایسے لوگوں کی توبہ اللہ قبول کرلیتا ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ

اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔(۱۷) اور ایسے لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہوتی جو ساری عمر بُرائی کرتے ہیں۔

حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ

جب اُن میں سے کسی پر موت آنے والی ہو جاتی ہے تو وہ کہنے لگتے ہیں کہ ہماری توبہ،ایسی توبہ قبول نہیں اور نہ ہی

يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾ يٰٓاَيُّهَا

کفر پر مرنے والوں کی توبہ قبول ہوتی ہے ایسے لوگوں کے لیے بہت دردناک عذاب تیار کیا گیا ہے۔(۱۸) اے ایمان

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ

والو!تمہارے لیے یہ بات حلال نہیں کہ تم عورتوں کے ترکہ کے زبردستی وارث بن جاؤ، اور اس نیّت سے اُنہیں

لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ

نہ روکو کہ جوکچھ تم نے اُنہیں دیا ہے اس میں سے کچھ لے لو بشرطیکہ وہ صریحاً بے حیائی کا کام کریں۔

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز کھڑا اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

سورۃ الانعام مکی ہے ۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔اس میں ۱۶۵ آیات اور ۲۰ رکوع ہیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ

حمد اللہ ہی کے لیے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور جس نے تاریکی

وَالنُّوْرَ ۬ؕ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿١﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

اور نور بنایا۔ پھر بھی کفر کرنے والے کسی اور کو اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں۔(۱) وہی ہے جس نے تمہیں مٹی

مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

سے پیدا کیا پھر ایک معیاد مقرر کردی اور اس کے ہاں معیاد مقرر ہے پھر بھی تم شک

تَمْتَرُوْنَ ﴿٢﴾ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَ

کر رہے ہو۔ (۲) آسمانوں اور زمین میں وہی اللہ ہے جو تمہارے راز

جَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿٣﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ

اور ظاہر باتیں جانتا ہے اور وہ جو عمل کرتے ہیں وہ جانتا ہے۔ (۳) اور اللہ کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی اُن کے

رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٤﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ

پاس نہیں آتی مگر وہ مُنہ موڑ لیتے ہیں۔(۴) پس جب اُن کے پاس حق آیا تو اُسے بھی جھٹلا دیا

فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٥﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ

عنقریب اس کے متعلق خبریں پہنچیں گیں جس کا وہ مذاق کرتے تھے۔ (۵) کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز کھڑا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ ۔ تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ

کہ اُن سے پہلے ہم نے کتنی قوموں کو ہلاک کردیا ہے جنھیں ہم نے زمین میں اقتدار دیا تھا

لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ

جو تمھیں نہیں دیا اور ہم نے اُن پر آسمان سے خوب بارشیں کیں ۔ اور اُن کے نیچے نہریں بہا دیں

مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا

پھر ہم نے اُنھیں اُن کے گناہوں کے باعث ہلاک کردیا اور اُن کے بعد دوسرے دور کی قومیں

اٰخَرِيْنَ ﴿٦﴾ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ

اُبھار دیں۔(٦) اور اگر ہم آپ پر کاغذوں پرلکھی ہوئی کتاب بھی نازل کردیتے جسے وہ اپنے ہاتھوں سے چُھو بھی

لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧﴾ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ

لیتے تو بھی کافروں نے یہی کہنا تھا کہ یہ کھلم کھلا جادو ہے۔ (٧)اور کہتے ہیں کہ اُن پر فرشتہ

عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ﴿٨﴾ وَ

کیوں نہ اُترا۔ اور اگر ہم فرشتہ نازل کرتے تو فیصلہ ہوگیا ہوتا پھر اُنھیں مہلت نہ دی جاتی۔ (٨)اور

لَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿٩﴾

اگر ہم کِسی فرشتے کو بھیجتے تووہ مرد ہی کی صورت میں ہوتا اور اس پر بھی وہ وہی شبہ کرتے جس شبے میں اب مبتلا ہیں۔ (٩)

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ

اور تحقیق اے محبوب! آپ سے پہلے بہت سے رسولوں کے ساتھ مذاق کیا گیا ہے اُن میں سے جو لوگ مذاق

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٠﴾ ع قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا

کیا کرتے تھے تو اسی مذاق نے اُنھیں گھیر لیا۔ (١٠) فرما دیجئے کہ زمین میں سیر کرو پھر دیکھو کہ

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١١﴾ قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

جھٹلانے والوں کا انجام کیا ہوا۔(١١) آپ فرما دیجئے کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے یہ کس کا ہے۔

قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

کہہ دیجئے کہ اللہ ہی کا ہے۔اللہ نے اپنی ذات پر رحمت کرنا فرض کررکھا ہے۔وہ تم سب کوقیامت کے دن جس میں شک نہیں

لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢﴾ وَلَهٗ

جمع کرے گا۔ وہ جنھوں نے خود کو خسارے میں کررکھا ہے وہ ایمان نہیں لاتے۔(١٢) اور رات دن

ع ١ / ٧

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَدّ ،،۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣﴾ قُلْ اَغَيْرَ

میں جو کچھ مخلوق رہ رہی ہے اسی کی ہے۔ اور وہ سننے والا جاننے والا ہے۔(۱۳) آپ فرمایئے کہ

اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ

میں اللہ کو چھوڑ کر کسی اور کو مددگار بنالوں اُسی نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور وہ سب کو کھلاتا ہے اور خود نہیں کھاتا۔

قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

آپ فرما دیجئے کہ مجھے تو حکم ہوا ہے کہ میں سب سے پہلے اسلام لانے والا ہوں اور ہرگز مشرکین میں

الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٤﴾ قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ

سے نہ ہوجانا۔ (۱۴) فرما دیجئے کہ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بیشک میں بڑے دن کے عذاب سے

عَظِيْمٍ ﴿١٥﴾ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ

ڈرتا ہوں۔(۱۵) جس شخص سے اس دن عذاب ٹال دیاجائے گا تو بیشک اس پر رحم ہوا۔ اور یہ نمایاں

الْمُبِيْنُ ﴿١٦﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَ

کامیابی ہے۔ (۱۶) اور اگر تجھے اللہ کی طرف سے کوئی سختی پہنچے تو اُسے اس کے سوا کوئی دورکرنے والا نہیں ہے۔ اور

اِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٧﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ

اگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔(۱۷) وہ اپنے بندوں پرمکمل فوقیت

فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿١٨﴾ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ

رکھتا ہے۔ اور وہ حکمت والا خبر والا ہے۔(۱۸) آپ فرمایئے کہ سب سے بڑی گواہی کس کی ہے۔

قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۣ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ

کہیے اللہ وہ میرے اورتمہارے درمیان گواہ ہے۔ اورمجھ پر اس قرآن کی وحی کی گئی ہے کہ اس سے

بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ

تمہیں تنبیہ کردوں اورجس پر یہ پہنچے کیاتم لوگ اس کی شہادت دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہیں۔کہیے

لَّآ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿١٩﴾ وقف لازم باختلاف

کہ میں گواہی نہیں دیتا۔فرمایئے کہ بیشک وہ معبود واحد ہے اور بیشک میں اس سے بری الذمہ ہوں جوتم شرک کرتے ہو۔(۱۹)

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ وقف لازم

جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی وہ اس نبی کو اس طرح پہچانتے ہیں جس طرح اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔جنھوں نے

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
● مَدّ ، ــ تین الف کے برابر ــ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

٢ ع ١٠ ٨

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٢٠﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

خود کو خسارے میں ڈال رکھا ہے وہ ایمان نہیں لائیں گے۔(۲۰)اوراس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو اللہ پر

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢١﴾ وَيَوْمَ

جھوٹا بہتان لگائے یا اس کی نشانیوں کو جھٹلائے۔ بیشک ظالم فلاح نہیں پائیں گے۔(۲۱) اور جس دن

نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِيْنَ

ہم سب لوگوں کوجمع کریں گے پھر شرک کرنے والوں سے کہیں گے کہ آج تمہارے شریک کہاں ہیں جن کا تم

كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا

دعویٰ کرتے تھے۔ (۲۲) پھر اس کے سوا کوئی فتنہ نہ ڈالیں گے مگر یہ کہیں گے کہ ہمیں اپنے رب اللہ کی قسم

مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿٢٣﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

کہ ہم مشرک نہ تھے۔ (۲۳) دیکھو اُنہوں نے اپنی جانوں پر کیسا جھوٹ بولا اورجووہ افتراء باندھا

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰى

کرتے تھے وہ سب اُن سے جاتا رہا۔(۲۴) اور اُن میں کوئی ایسا بھی ہے جوتمہاری طرف کان لگاتا ہے اور ہم نے اُن کے دلوں پر پردے

قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ

ڈال دیئے ہیں تا کہ وہ نہ سمجھیں اور اُن کے کانوں میں گرانی ڈال دی۔ اور اگر وہ سب نشانیاں

اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

دیکھ بھی لیں تو اس پر ایمان نہ لائیں گے ۔یہاں تک کہ وہ آپ کے پاس آکر جھگڑیں تو اُن میں سے جنھوں نے

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٥﴾ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَ

کفر کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ قرآن پہلے لوگوں کے قصے کہانیاں ہیں۔(۲۵)اور اس سے روکتے ہیں اور خودبھی دُور بھاگتے ہیں

يَنْــَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَوْ

اور یہ کہ وہ اپنی جانوں کو ہلاک کرتے ہیں مگر اُنہیں شعور نہیں ہے۔ (۲۶) اور کاش تم

تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ

دیکھو جب وہ دوزخ کے کنارے کھڑے کیے جائیں گے تو کہیں گے کہ کاش کہ ہمیں دُنیا میں واپس بھیج دیا

رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ

جائے اور ہم اپنے رب کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں اور ہم ایمان والوں میں سے ہوجائیں۔(۲۷) ہاں وہ اس سے پہلے جو چھپایا کرتے تھے

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ ،، تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾

وہ اُن پر بے نقاب ہوگیا۔ اور اگر یہ دنیا میں لوٹائے بھی جائیں تو جن کاموں سے اُنہیں منع کیا گیا تھا پھر وہی کرنے لگ جائیں گے۔(۲۸)

وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَلَوْ

بیشک وہ جھوٹے ہیں اور کہتے ہیں کہ دنیا کی زندگی بس زندگی ہے اور ہم زندہ نہ کیے جائیں گے۔(۲۹) اور پھر اگر

تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ

تو اُنہیں اس وقت دیکھے جبکہ یہ اپنے رب کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے اللہ کہے گا کہ دوبارہ زندہ ہونا حق نہیں ہے کہیں گے

رَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ ع ۳ ۱۰ ۹

کیوں نہیں ہمارے رب ،اللہ کہے گا کہ اس حقیقت کا انکار کرنے کے باعث عذاب کا مزہ چکھو۔(۳۰) جنھوں نے اللہ سے ملاقات کو

كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا

جھٹلایا تو وہ نقصان میں رہ گئے۔ حتیٰ کہ جب اُن پر اچانک قیامت آجائے گی تو کہیں گے ہائے افسوس کہ اس

عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا

معاملے میں ہم سے تقصیر ہوئی اور وہ اپنی پیٹھوں پر اپنے عملوں کا بوجھ اُٹھائے ہوئے ہیں۔ وہ بہت

سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ

بُرا بوجھ اُٹھائے ہوئے ہیں۔ (۳۱) اور دنیا کی زندگی کھیل تماشا ہے۔ اوراہل تقویٰ کے لیے

الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ

آخرت کا گھر بہتر ہے۔ تم عقل کیوں نہیں کرتے۔(۳۲) ہمیں معلوم ہے کہ آپ کو وہ بات رنج

الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

پہنچاتی ہے جو یہ کہہ دیتے ہیں لیکن یہ آپ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم لوگ تو اللہ کی آیتوں کا انکار

يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا

کرتے ہیں۔(۳۳) اور البتہ تم سے پہلے بہت سے رسول جھٹلائے جاچکے ہیں مگر اُنہوں نے اس جھٹلانے اور

كُذِّبُوْا وَ اُوْذُوْا حَتّٰٓى اَتٰهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ

ایذا پانے پر صبر کیا حتیٰ کہ ہماری مدد آگئی۔ اور اللہ کے کلام کو بدلنے والا کوئی

وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ

نہیں ہے۔اورتمہارے پاس پہلے رسولوں کی خبریں آچکی ہیں۔(۳۴)اور اگر اُن کا منہ پھیرنا تمہیں صدمے والا لگا

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا • تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا • قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو غنّہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا • کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مدّ: تین الف کے برابر ـــ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا
ہے تو اگر تم سے ہوسکے تو زمین میں کوئی سرنگ نکال لو یا آسمان پر سیڑھی
فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى
لگالو اور پھر اُن کے لیے کوئی نشانی لاؤ۔ اور اگر اللہ چاہتا تو سب کو ہدایت پرجمع کردیتا
فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؔؕ
تو اے سننے والے! ہرگز نادان نہ بن جانا۔(۳۵) بیشک وہی قبول کرتے ہیں جو سنتے ہیں۔
وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ
اور اللہ اُن مُردہ دلوں کواُٹھائے گا پھر اسی کی طرف لوٹنا ہے۔(۳۶)اور یہ کہتے ہیں کہ ان پر اُن کے رب کی طرف
عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰۤى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّ
سے کوئی نشانی کیوں نہ اُتری۔ آپ فرمادیں کہ اللہ قادر ہے جو نشانی چاہے اُتارے، لیکن ان میں
لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ
سے اکثر جانتے نہیں ہیں۔ (۳۷) اور زمین میں چلنے والا جانور اور اپنے پروں پر اُڑنے والا
يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّاۤ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ
پرندہ سب تمہاری طرح اُمتیں ہیں۔ ہم نے نوشتۂ تقدیر میں کوئی بات نہیں چھوڑی،
ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّ بُكْمٌ
پھر یہ سب اپنے رب کی طرف اُٹھائے جائیں گے۔(۳۸) اور جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا بہرے ،گونگے
فِي الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ
اندھیروں میں ہیں۔ اللہ جسے چاہتا ہے بھٹکا دیتا ہے۔اور جسے چاہتا ہے صراط مستقیم
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٣٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ
پر لگا دیتا ہے۔ (۳۹) آپ کہیں ذرا غور کرکے بتاؤ کہ اگر تم پر اللہ کاعذاب آجائے یاتم پر قیامت آ جائے
اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٤٠﴾ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ
تو اللہ کے سوا کس کو پکاروگے۔ اگرتم سچے ہو۔ (۴۰) بلکہ اسی کو پکارو گے اگر وہ
فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿٤١﴾ وَلَقَدْ
چاہے تو تم سے مصیبت کو ہٹا دے جس کے لیے تم اُسے پکارتے ہو اور تم اپنے شریکوں کو بھول جاتے ہو۔(۴۱)اور بیشک

النصف وقف منزل
وقف غفران عند البعض علی یسمعون
ع ١١ ١٠

غُنَّه: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مَدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

ہم نے آپ سے پہلے بہت سی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے، پھر ہم نے اُنہیں سختی اور تکلیف سے پکڑ لیا

يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ

تاکہ وہ عاجزی کریں۔(۴۲) تو ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب اُن پر مصائب آئے تو وہ گڑگڑاتے، لیکن اُن کے دل سخت ہوگئے

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ

جو کام وہ کرتے تھے شیطان نے ان میں ان کے لیے زینت پیدا کردی۔(۴۳) پھر جب وہ نصیحت کی گئی چیز کو بھول

فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا

گئے تو ہم نے اُن کے لیے ہر چیز کے دروازے کھول دیئے۔ حتیٰ کہ اُنہیں جو کچھ دیا گیا تھا اس پر خوش

اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿٤٤﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ

رہنے لگے تو ہم نے اچانک پکڑ لیا وہ نا اُمید ہو کررہ گئے۔(۴۴) تو اس ظالم قوم کی ہم نے جڑ کاٹ دی

ظَلَمُوْا ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٥﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ

اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو جہانوں کارب ہے۔(۴۵) آپ فرمایئے کہ ذرا تم دیکھو کہ اگر اللہ تمہارے

سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ

کان اور آنکھیں لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا کون ایسا معبود ہے جو تمہیں

يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿٤٦﴾

یہ چیزیں لاکر دے۔ دیکھیے ہم کس انداز میں دلائل دیتے ہیں مگر پھربھی وہ منہ پھیرے ہوئے ہیں۔ (۴۶)

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ

فرما دیجیے تم غور کرو اور اگر تم پر اچانک یاظاہر ہو کر اللہ کاعذاب آجائے تو ظالم

يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا

قوم کے علاوہ اور کون ہلاک ہوگا۔(۴۷) اور ہم ایسے رسولوں کو بھیجتے رہے ہیں جو

مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

بشارتیں دینے والے اورڈرانے والے ہیں۔پھر جو ایمان لائے اوراصلاح کرلے تو اُنہیں کچھ خوف نہ ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ

اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔(۴۸) اور جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا تو اُنہیں عذاب ملے گا کیونکہ

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
"مَدّ" ،، ۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ

وہ فسق کرتے تھے ۔(۴۹) آپ فرمائیے کہ میں نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں

وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى

اور نہ یہ کہوں کہ خود غیب جان لیتاہوں اور نہ یہ کہوں کہ میں فرشتہ ہوں میں تو اُسی کی اتباع کرتاہوں جو مجھے

اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَ ع ۵ ۹ ۱۱

وحی آتی ہے۔ فرمائیے کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہو سکتے ہیں۔ کیا تم تفکر نہیں کرتے۔(۵۰) اور

اَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ

اُنہیں قرآن کے ذریعے ڈرائیں جن لوگوں کو یہ خوف ہوکہ اُنہیں اپنے رب کی طرف جمع کیا جائے گا

مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ

اُس کے سوا ان کے لئے نہ کوئی دوست اور نہ کوئی سفارشی ہوگا تاکہ وہ متقی ہو جائیں۔(۵۱) جواپنے رب کو صبح اور شام

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ

پکارتے ہیں اور اس کی رضا چاہتے ہیں تو اُنہیں اپنے پاس سے دُور نہ کریں۔ ان کے حساب

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

سے آپ پر کچھ نہیں اور نہ آپ کے حساب سے ان پر کچھ ہے، پھر اگر اُنہیں

فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ

دور کرو تو بات انصاف کے تقاضے کے بعید ہوگی۔ (۵۲) اور اسی طرح ہم نے ان میں سے بعض کو ایک

لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ

دوسرے کے لیے فتنہ بنا دیا امیر کافر غریب مسلمان کو دیکھ کر یہ کہیں کہ کیا یہ وہ ہیں جن پر اللہ نے احسان کیا ہے۔ کیا اللہ شکر کرنے والوں کو

بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ

نہیں جانتا۔(۵۳) اور جب آپ کی خدمت اقدس میں وہ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو اُن سے

عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ

کہہ دیں کہ تم پر سلام ہو تمہارے رب نے اپنی ذات پر تمہارے لیے رحم کرنا فرض کر لیا تم میں سے کوئی

سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾

نادانی سے بُرائی کر بیٹھے پھر اس کے بعد توبہ کرلے اور اصلاح کرلے تو بیشک وہ بخشنے والا رحم والا ہے۔ (۵۴)

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ ع ٦ ۵ ۱۲

اور ہم اسی طرح اپنی آیتوں کو تفصیل سے بیان کرتے ہیں تاکہ گناہ کرنے والوں کی راہ کا پتہ چل جائے۔(۵۵)

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ

آپ کہہ دیجئے کہ مجھے منع کیا گیا ہے کہ میں اللہ کے سوا عبادت کے لیے کسی اور کو پکاروں جنہیں تم پکارتے ہو ۔ آپ

اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵٦﴾

فرمایئے کہ میں تمہاری خواہشوں کی پیروی نہیں کرتا ورنہ میں بہک جاؤں اور میں ہدایت پر نہ رہ سکوں۔(۵٦)

قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا

آپ فرمایئے بیشک میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں جسے تم جھٹلاتے ہو۔ جس چیز یعنی عذاب کی تم

تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ

جلدی کررہے ہو۔ میرے پاس نہیں ایسا حکم اللہ کے پاس ہے ۔ وہ سچی بات بیان کرتاہے اور وہ بہتر فیصلہ

الْفٰصِلِيْنَ ﴿۵٧﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ

کرنے والا ہے۔ (۵٧) آپ فرما دو کہ جس کی تم جلدی کررہے ہواگر وہ میرے پاس ہوتی تو میرے اورتمہارے

بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ

درمیان فیصلہ ہوجاتا۔ اور اللہ ظالموں کو جانتا ہے ۔ (۵۸) اور اُسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں

لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ

اس کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔جوکچھ خشکی اور بحر میں ہے وہ جانتا ہے اور جو پتا گرتا ہے وہ اُسے بھی

اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ

جانتا ہے۔ اور زمین کے اندھیروں میں کوئی دانہ ایسا نہیں اور نہ کوئی تر اور خشک چیز مگر وہ روشن کتاب

كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ

میں موجود ہے۔(۵۹) اور وہی ہے جورات کو تمہیں سُلادیتا ہے اور جو تم نے دن میں کمایا ہے وہ جانتا ہے

بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ

پھر تمہیں دن کے وقت بیدار کرتاہے تاکہ تمہاری مقرر عُمر پوری کردی جائے پھر تم اُسی کی طرف لوٹو گے

ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٦۰﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَ ع ٧ ۵ ۱۳

پھر جو تم کرتے ہو، اس سے تمہیں باخبر کر دے گا۔(٦۰) اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ۔ کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

"مَدّ" ، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

يُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ

پر حفاظت کرنے والے بھیجتا ہے۔یہاں تک کہ تم میں سے جب کسی کو موت آتی ہے ۔تو ہمارے فرشتے اس کی روح

رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا

قبض کرلیتے ہیں اور وہ کوتاہی نہیں کرتے۔(٦١) پھراللہ ہی کی طرف لوٹائے جائیں گے جو اُن کا برحق والی ہے۔خبردار!

لَهُ الْحُكْمُ ۣ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾ قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ

حکم اسی کا ہے اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔(٦٢) فرما دیجیے کہ تمہیں خشکی اور سمندر

ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَىِٕنْ اَنْجٰىنَا مِنْ

کے اندھیروں میں سے کون نجات دیتا ہے جسے تم گریہ زاری اور خفیہ طریقے سے پکارتے ہو۔ اور یہ کہتے ہو کہ اگر اللہ ہمیں اس تنگی

هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٣﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ

سے نجات دے تو ہم شکر کرنے والوں میں سے ہوجائیں گے۔(٦٣)فرمائیے کہ اللہ ہی تمہیں اس سے اور ہرمصیبت

كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓي اَنْ يَّبْعَثَ

سے نجات دیتا ہے اس کے باوجود تم شرک کرتے ہو۔(٦٤)فرمائیے کہ وہ اس پر قادر ہے کہ تم پر اوپر سے

عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ

یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے عذاب بھیجے یا تمہیں گروہوں میں

شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ

منتشر کردے اور ایک دوسرے کو سختی کا مزا چکھائے۔ آپ دیکھیں کہ ہم کس طرح

الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ

اپنی آیتیں بیان کرتے ہیں تا کہ وہ سمجھ جائیں۔ (٦٥)اور اسے آپ کی قوم نے جھٹلایا اور یہی حق ہے ۔ فرما دیجیے

لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿٦٦﴾ ۭ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٧﴾

کہ میں تم پر وکیل نہیں ہوں۔ (٦٦) ہر چیز کی خبر کا وقت مقرر ہے اور عنقریب تمہیں علم ہو جائے گا۔(٦٧)

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰي

اور اے سننے والے! جب ہماری آیتوں کا خود ساختہ مطلب نکالتے دیکھو تو ان سے منہ پھیر لو حتیٰ کہ وہ

يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ

کسی اور بات میں ملوث ہوجائیں۔ اور اے مخاطب! اگر شیطان کوئی بات تجھے بھلادے تو یاد

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● مدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٨﴾ وَ مَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ

آنے کے بعد اس ظالم قوم کے پاس نہ بیٹھو۔(۶۸) اور تقویٰ اختیار کرنے والوں پر ان کے

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّ لٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَ ذَرِ

حساب سے کچھ بوجھ نہیں ہے، البتہ ان پر نصیحت کرنا فرض ہے تاکہ وہ باز آجائیں۔(۶۹)اور جن

الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ لَهْوًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ

لوگوں نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنا لیا ہے اُنہیں چھوڑ دیں اور دنیا کی زندگی نے اُنہیں

ذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖۗ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

دھوکے میں ڈال دیا ہے اور قرآن سے اُنہیں سمجھاؤ تاکہ کوئی شخص اپنے کیے کی وجہ سے ہلاک نہ ہوجائے اللہ کے علاوہ اُن کا

وَلِيٌّ وَّ لَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ

کوئی ولی اور سفارشی نہیں ہے۔ اگروہ کوئی چیز معاوضے میں دینا چاہیں تو اسے قبول نہ کیا جائے گا۔ یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّ عَذَابٌ اَلِيْمٌۢ

جو اپنے کیے ہوئے کی بنا پر ہلاکت میں ڈالے گئے،اُن کے پینے کے لئے کھولتا ہوا پانی اور دُکھ دینے والا عذاب ہے

بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَ ع ١٠ ١٤

اس لیے کہ وہ کفر کرتے تھے۔(۷۰) فرمادیں کہ کیا ہم اللہ کے سوا اُن کو پوجیں جو ہمیں نہ نفع اور نہ

لَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ

نقصان پہنچا سکتے ہیں اور اللہ سے ہدایت ملنے کے بعدپھر ہم اُلٹے پاؤں پھر جائیں اُس کی طرح جسے

الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ اِلَى

شیاطین نے زمین میں بھٹکا دیا ہو اور وہ حیران ہو۔اس کے ساتھی اسے بلا رہے ہوں کہ ہمارے

الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ

پاس ہدایت میں آجا۔ فرما دیجیے کہ ہدایت یافتہ تو وہی ہے جسے وہ دے دیتا ہے۔ اور ہم کو حکم ہے کہ ہم جہانوں

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾ۙ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ

کے رب کے سامنے سر تسلیم خم کردیں۔(۷۱) اور یہ کہ نماز پڑھتے رہو اور اس سے ڈرتے رہو اور وہی ذات ہے جس کی طرف

تُحْشَرُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَيَوْمَ

جمع کیے جائیں گے۔ (۷۲) اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ اور جس دن

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا کرنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بے ہو) کی آواز کو غنہ (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

الثلثة

يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ؕ

وہ کہے گا ہوجا تو وہ ہو جائے گا۔ اس کا قول حق ہے۔جس دن صور پھونکا جائے گا تو اسی کی حکومت ہوگی،

عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿٧٣﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ

غیب اور ظاہر کو جاننے والاہے۔ اوروہی حکمت والا خبر والا ہے۔(۷۳) اورجب حضرت ابراہیمؑ نے

لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ

اپنے باپ آذر سے کہا کہ تم بتوں کو معبود بناتے ہو، بیشک میں تجھے اور تمہاری قوم کو صریح گمراہی میں

مُّبِيْنٍ ﴿٧٤﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ

مبتلا دیکھتا ہوں۔(۷۴) اور اسی طرح ہم حضرت ابراہیمؑ کو زمین اور آسمانوں کی بادشاہت دکھانے لگے تا کہ ان کا یقین پختہ

مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ

ہو جائے۔(۷۵) پھر جب ان پر رات کی تاریکی چھائی توانہوں نے ایک ستارہ دیکھا تو کہا کہ اسے میرا رب

فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿٧٦﴾ فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا

ٹھہراتے ہو پھر جب وہ غائب ہوگیا تو کہا کہ غائب ہونے والے کو میں نہیں چاہتا۔(۷۶) پھر جب چاند کو دیکھا تو کہا کہ اسے میرا رب بتاتے ہو۔

رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ

پھر جب وہ بھی غروب ہوگیا تو کہنے لگے کہ اگر میرا رب مجھے ہدایت نہ دے تو میں ضرور گمراہ قوم

الضَّآلِّيْنَ ﴿٧٧﴾ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ

سے ہوجاتا۔(۷۷) پھرجب چمکتے ہوئے سورج کو دیکھا تو کہا کہ کیا یہ میرارب ہے، یہ بہت بڑا ہے پھرجب وہ

اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿٧٨﴾ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ

بھی غروب ہوگیا تو کہا اے قوم میں اس شرک سے بری الذمہ ہوں جوتم کرتے ہو۔ (۷۸) بیشک میں نے اپنا رُخ یکسو ہو کر

لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٧٩﴾ وَ

اس ذات کی طرف کر لیا جس نے آسمانوں اور زمین کوبنایا ہے اور میں اہل شرک میں سے نہیں ہوں۔(۷۹) تو

حَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ؕ وَلَآ اَخَافُ

اُن کی قوم اُن سے جھگڑنے لگی ۔تو کہا کہ اللہ کے بارے میں مجھ سے جھگڑتے ہوحالانکہ وہ مجھے ہدایت دے چکاہے جن کے ساتھ

مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْئًا ؕ وَسِعَ رَبِّيْ كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ

تم شرک کرتے ہو مجھے اُن کا خوف نہیں مگر یہ کہ میرا رب کوئی چیز چاہے۔ میرے رب نے اپنے علم سے ہر چیز کو گھیرا ہوا ہے

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کوموٹا رکھنا ● قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخْفَا: نون ساکن اورتنوین اورمیم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کوخیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَكَيْفَ اَخَافُ مَاۤ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ

کیا تم اس سے نصیحت حاصل نہیں کرتے۔(۸۰)اور میں کیوں خوف کھاؤں جب کہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ

اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَیُّ الْفَرِيْقَيْنِ

اللہ کے ساتھ شریک بناتے ہو جبکہ اس نے تم پر کوئی دلیل نازل نہیں کی۔ ان دونوں فریقین میں سے

اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٨١﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْۤا وقف لازم

امن کا مستحق کون ہے۔ اگر تم جانتے ہو۔(۸۱) جو لوگ ایمان لائے اور اپنے ایمان میں

اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٨٢﴾ وَتِلْكَ ع ٩ ١٢ ١٥

ظلم یعنی شرک کو نہیں ملایا وہی لوگ امن میں ہیں اور وہی ہدایت یافتہ ہیں۔ (۸۲) اور یہ ہماری

حُجَّتُنَاۤ اٰتَيْنٰهَاۤ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ اِنَّ

دلیل ہے جو ہم نے حضرت ابراہیمؑ کو ان کی قوم پر دی ہم جس کے چاہیں درجات بلند کرتے ہیں۔ بیشک

رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿٨٣﴾ وَوَهَبْنَا لَهٗۤ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ

تمہارا رب حکمت والا علم والا ہے۔ (۸۳)اور ہم نے اُنہیں حضرت اسحاقؑ اور حضرت یعقوب عطا فرمائے۔جن کو ہدایت دی

وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ

اور اُن سے پہلے حضرت نوحؑ کو ہدایت دی اور ان کی اولاد میں سے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان اور حضرت ایوب اور حضرت یوسف

وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٤﴾ وَزَكَرِيَّا

اور حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہم السلام کو بھی ہدایت دی اور ہم احسان کرنے والوں کو ایسی ہی جزا دیتے ہیں۔ (۸۴)اور حضرت زکریا

وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ

اور حضرت یحییٰ اورحضرت عیسیٰ اور حضرت الیاس علیہم السلام تمام مقربین میں سے ہیں۔(۸۵)اورحضرت اسماعیل اور حضرت یسع

وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَ

اور حضرت یونس اور حضرت لوط علیہم السلام کو ہم نے اُن کو اُن کے دور میں تمام جہانوں پر فضیلت دی۔(۸۶)اور اُن کے آباؤ اجداد

ذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٨٧﴾

اور اولاد اور بھائیوں میں ہم نے چن لیا اُن کو اور اُنہیں صراط مستقیم کی طرف ہدایت دی۔(۸۷)

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا

یہ اللہ کی ہدایت ہے اور وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے ہدایت دے دیتا ہے۔ اور اگر وہ شرک کرتے

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۞ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۞ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر، پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٨٨﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ

تو جو وہ عمل کرتے تھے ضائع ہو جاتے ۔(۸۸) یہی وہ لوگ ہیں جنھیں ہم نے کتاب

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا

وحکمت اور نبوت عطا کی پھر اگر یہ کافر اِن باتوں سے انکار کریں تو ہم نے اِن پر ایسی قوم تیار کررکھی ہے جو

لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ

اس کا انکار نہ کریں گے۔ (۸۹) یہی وہ لوگ ہیں جنھیں اللہ نے ہدایت دی اُن کی ہدایت کی پیروی کرو۔

اقْتَدِهْ ۭ قُلْ لَّآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٠﴾ ع ١٠ ٨ ١٢

فرما دو کہ میں اس پرتم سے کچھ صِلہ نہیں مانگتا۔ یہ تو دنیا والوں کے لیے نصیحت ہے۔ (۹۰)

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ

اور اللہ کی قدر کرنے کا جس طرح حق تھا اس طرح قدر نہ کی جب اُنہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی بشر پر وحی نازل

شَيْءٍ ۭ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ

نہیں کی ۔ فرمایئے کہ جو کتاب حضرت موسیٰ(علیہ السلام) لے کر آئے تھے اُسے کِس نے نازل کیا تھا جو لوگوں کے لیے

هُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ

نور اور ہدایت تھی جسے تم نے مختلف اوراق بنا رکھا ہے۔ تھوڑی ظاہر کرتے ہو اور زیادہ چھپالیتے ہو۔

وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَاۗؤُكُمْ ۭ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِيْ

اور تمھیں وہ سکھایا جو تم نہ جانتے تھے اور نہ تمہارے باپ دادا جانتے تھے۔ کہہ دو یہ اللہ کی طرف سے تھی،پھر

خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿٩١﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِيْ

اُنہیں بیہودگی میں کھیلتا ہوا چھوڑ دو۔(۹۱)اور یہ کتاب برکت والی ہے جسے ہم نے اُتارا ہے ، جو اُن کے

بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

پاس موجود ہے اس کی تصدیق کرتی ہے تاکہ آپ اہلِ مکہ اور اس کے اردگرد بسنے والوں کوڈرائیں۔ اورجو آخرت پر ایمان لاتے ہیں

بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَمَنْ

وہی اِس پر ایمان رکھتے ہیں اور وہ اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔(۹۲) اور اس سے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ

بڑھ کر کون ظلم کرسکتا ہے جو اللہ پر جھوٹی افترا باندھے یا یہ کہے کہ میری طرف وحی کی گئی ہے حالانکہ اس کی

اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّ مَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ

طرف وحی نہ کی گئی اور جو کہے کہ جس طرح کی کتاب اللہ نے نازل کی ہے میں بھی بنا سکتا ہوں۔ اور کاش تم اُن لوگوں کو

الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا

جنھوں نے ظلم کیا موت کی سختیوں کے وقت دیکھو، اور فرشتے ان کی طرف ہاتھ بڑھا رہے ہوں،اپنی جانیں

اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى

ہمارے حوالے کردو۔ آج تمھیں ذلت کاعذاب دیا جائے گا اِس کی وجہ یہ ہے کہ تم اللہ پر ناحق

اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٩٣﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

باتیں کہتے تھے اور تم اُس کی آیتوں سے تکبر کیا کرتے تھے۔(۹۳) اور تحقیق تم ہمارے پاس

فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ تَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ

اکیلے آئے جیسا کہ تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا گیا تھا اور جو ہم نے عطا کیا اُسے اپنے پیچھے چھوڑ آئے۔ اورہم

وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ

تمہارے ساتھ ان سفارشیوں کو نہیں دیکھتے جن کو تم اپنے شریک خیال کیا کرتے تھے۔

لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿٩٤﴾ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ ع ١١ ١٧

بیشک اُن سے تمہارے رشتے منقطع ہوگئے اور جن پر تمھیں بھروسہ تھا وہ سب جاتا رہا۔ (۹۴) بیشک اللہ دانے

الْحَبِّ وَالنَّوٰى ؕ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ؕ

اور گٹھلی کو پھاڑتا ہے اور زندہ سے مردہ کردیتا ہے اور مردہ سے زندہ نکالتا ہے۔

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿٩٥﴾ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا

یہ ہے اللہ کی شان پس تم کہاں بھٹکتے پھر رہے ہو۔(۹۵)صبح نکالتا ہے اور رات کو آرام دیتا ہے

وَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٩٦﴾ وَهُوَ

اور سورج اور چاند حساب کے لیے بنا دیے ہیں۔ یہ مقرر شدہ انداز ہے غالب ہے علم والا ہے۔(۹۶)بیشک

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ

وہی ہے جس نے ستاروں کوتمھیں راہ دکھلانے کے لیے بنایا ہے۔ ان سے خشکی اور سمندر کی تاریکی میں راہ ملتا ہے۔

قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿٩٧﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ

جاننے والی قوم کے لیے ہم نے وضاحت سے آیتوں کو بیان کر دیا ہے۔(۹۷) اور وہی ہے جس نے تمھیں ایک واحد

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ ... تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّ مُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ
جان سے بنایا پھر یہاں قرار اور سپرد ہونے کی جگہ ہے۔ بلاشبہ سمجھنے والی قوم کے لیے ہم نے آیتوں کو کھول کر
يَّفْقَهُوْنَ ﴿٩٨﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ
بیان کر دیا ہے۔ (۹۸) اور وہی ہے جو آسمانوں سے پانی نازل کرتا ہے۔ پھر ہم اس سے ہر طرح کی نباتات
كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَ
نکالتے ہیں پھر ہم اس میں سے سبزہ اُگا دیتے ہیں۔جس سے ہم اُوپر نیچے چڑھے ہوئے دانے نکالتے ہیں
مِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّ جَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ
اور کھجور کے گابھوں سے لدے ہوئے گچھے اور انگوروں کے باغ اور زیتون
وَّ الزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ
اور انار کے باغ بھی ایک دوسرے سے مشابہ اور غیر مشابہ ہوتے ہیں۔ درخت کے پھل جب وہ پھل لائے
اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٩٩﴾ وَجَعَلُوْا
اور اس کے پکنے کو دیکھو۔ بلاشبہ یہ ایمان لانے والی قوم کے لیے نشانیاں ہیں۔ (۹۹) اور اُنہوں نے
لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ
جنوں کو اللہ کا شریک بنالیاحالانکہ اسی نے ان کو پیدا کیا، اور بغیر علم کے اس کے لیے بیٹے اور بیٹیاں بنالیں۔
ع ١٢ ٦ ١٨ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿١٠٠﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى
وہ پاک ہے اور بلند ہے جیسا کہ اُنہوں نے سوچا ہے۔(۱۰۰) آسمانوں اورزمین کا بنانے والاہے۔ اس کے
يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ
ہاں اولاد کیسے ہوسکتی ہے جبکہ اس کی بیوی نہیں اور اسی نے ہرچیز کو پیدا کیا ہے اوروہی
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٠١﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ
ہر چیز کوجاننے والا ہے۔ (۱۰۱) یہ ہے اللہ جوتمہارا رب ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ، ہرچیز کاخالق ہے
شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿١٠٢﴾ لَا تُدْرِكُهُ
پس اسی کی عبادت کرو، اوروہ ہر چیز کا کارساز ہے۔ (۱۰۲) نگاہیں اس کا ادراک نہیں
الْاَبْصَارُ ز وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿١٠٣﴾ قَدْ
کر سکتیں۔ اور وہ نگاہوں کا احاطہ کر سکتا ہے۔ اور وہ لطیف ہے خبر والا ہے۔ (۱۰۳) بیشک

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَ مَنْ عَمِیَ

تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے نشانیاں آئیں پس جس نے دیکھ لیا تو وہ اس کے لیے ہے اور جو اندھا رہا

فَعَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿١٠٤﴾ وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَ

تو اس کا بُرا ہوا۔اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں۔(۱۰۴) اور ہم اسی طرح دُہرا کر اپنی آیتیں بیان

لِيَقُوْلُوْا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿١٠٥﴾ اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ

کرتے ہیں تاکہ وہ کہیں کہ خوب آپ نے پڑھایا ہے تاکہ جاننے والی قوم پر واضح ہو جائے۔(۱۰۵) جو آپ کے رب کی طرف

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٦﴾ وَ

سے وحی کی گئی ہے اس کی اتباع کرو، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اور مشرکوں سے دُور رہو۔(۱۰۶) اور

لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ۭ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ

اگر اللہ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے۔ اور ہم نے تمہیں ان پر حفاظت کرنے والا نہیں کیا۔ اور نہ تم

عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿١٠٧﴾ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

اُن پر وکیل ہو۔ (۱۰۷) اور جنہیں وہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں اُنہیں بُرا نہ کہو تاکہ وہ

اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠

اللہ کی بے ادبی علم کے نہ ہونے اور زیادتی کی بنا پر نہ کریں۔اسی طرح ایک اُمّت کے عمل ہم نے ان کے سامنے مزین کر دیے۔

ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٨﴾ وَ

پھر اُنہوں نے اپنے رب کی طرف لوٹنا ہے تو جو وہ کرتے تھے وہ اس سے باخبر کردے گا۔ (۱۰۸) اور

اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ

یہ اللہ کی بڑی سخت قسمیں کھاتے ہیں اگر ان کے پاس کوئی نشانی آئے تو وہ ضرور اس پر ایمان لے آئیں۔

بِهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ

فرما دو کہ نشانیاں تو سب اللہ کے پاس ہیں اور تمہیں کیا معلوم ہے کہ ان کے پاس نشانیاں آ بھی جائیں

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠٩﴾ وَ نُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَ اَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ

تو پھر بھی ایمان نہ لائیں گے۔ (۱۰۹) اور ہم ان کے دلوں اور آنکھوں کو پھیر دیں گے جیسا کہ یہ پہلی مرتبہ اس

يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿١١٠﴾ ع ١٣ ١٠ ١٩

پر یعنی قرآن پر ایمان نہ لائے اور اُنہیں چھوڑ دیتے ہیں کہ وہ اپنی سرکشی میں سرگرداں رہیں۔(۱۱۰)

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
● مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

وَ لَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَاۤ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَ كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَ حَشَرْنَا

اور اگر ہم اُن پر فرشتے اُتارتے اور مُردے باتیں کرتے اور تمام چیزوں کو

عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْۤا اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ

اُن کی خدمت میں لا کر موجود کردیتے تو پھر بھی وہ ایمان نہ لانے والے تھے سوائے ان کے جنھیں اللہ چاہتا ہے

اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿١١١﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا

ان کی اکثریت نادانوں کی ہے۔(١١١) اور اسی طرح شیطان صفت انسانوں اور جنوں کو نبی

شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ

کا دشمن بنا دیا ان میں سے بعض لوگ دھوکہ دینے کے لیے خفیہ باتیں دوسروں کو بتا دیتے تھے

الْقَوْلِ غُرُوْرًا ؕ وَ لَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا

اگر تمہارا رب چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے اور وہ جو افتراء باندھتے ہیں اُسے چھوڑ

يَفْتَرُوْنَ ﴿١١٢﴾ وَ لِتَصْغٰۤى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

دیجیے۔(١١٢) وہ یہ اس لیے کرتے تھے کہ جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے

بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿١١٣﴾ اَفَغَيْرَ

اُن کے دل ان کی طرف متوجہ ہو جائیں اور وہ پسند کرنے لگ جائیں اور جو گناہ وہ کرتے تھے وہی کرنے لگیں۔(١١٣) کیا میں اللہ

اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ

کے سوا کسی اور کا حکم تلاش کروں اور وہی ہے جس نے تم پر تفصیل کے ساتھ کتاب نازل کی ہے

وَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ

اور جن کو ہم نے کتاب دی ہے وہ جانتے ہیں کہ تمہارے رب کی طرف سے یہ قرآن حق کے

بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿١١٤﴾ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا

ساتھ اُتارا گیا ہے تو(اے سننے والے)شک کرنے والوں میں سے نہ ہوجانا۔ (١١٤) اور آپ کے رب کا کلام سچائی

وَّ عَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١١٥﴾ وَ اِنْ

اور عدل میں مکمل ہے۔اس کی باتوں کو کوئی تبدیل کرنے والا نہیں، اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے ۔(١١٥) اور

تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ

(اے سننے والے) اگر تو اس زمین کے اکثرلوگوں کی اطاعت کرے گا تو وہ تمہیں اللہ کی راہ سے بہکا دیں گے۔ یہ کہ

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

مدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ

وہ گمان کی پیروی کرتے ہیں اور یہ کہ وہ خیالی باتیں کرنے والے ہیں۔(۱۱۶) بیشک آپ کا رب خوب

اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَكُلُوْا

جانتا ہے کہ اس کی راہ سے کون بھٹکا ہوا ہے اور وہ اُنہیں بھی جانتا ہے جو ہدایت پر ہیں۔(۱۱۷) جس پر

مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَمَا

اللہ کا نام لیا گیا ہو اس میں سے کھاؤ اگر تم اُس کی آیتوں پر ایمان لانے والے ہو۔ (۱۱۸) اور

لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ

تمہیں کیا ہوا کہ جس پر اللہ کا نام لیا گیاہے کہ تم اسے نہ کھاؤ اور جو کچھ تم پر حرام کیا گیا ہے وہ تفصیل

مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ

سے بیان ہو چکا ہے مگر جب تمہیں کچھ مجبوری ہو توضرورت کے مطابق استعمال کرسکتے ہو اور بیشک بہت سے لاعلمی کے باعث

بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

اپنی خواہشوں کی وجہ سے گمراہ کرتے ہیں۔ بیشک تمہارا رب حد سے بڑھنے والوں کو جانتا ہے۔ (۱۱۹)

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ

ظاہری اور پوشیدہ گناہوں کو ترک کر دو۔ بیشک جو لوگ گناہ کماتے ہیں

سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ

عنقریب اُن کیے گئے گناہوں کی سزا پائیں گے۔(۱۲۰) اور ذبح کے وقت جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو

اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى

تو اسے مت کھاؤ اور بیشک یہ فسق ہے۔ اور بیشک شیاطین اپنے دوستوں کے دلوں میں

اَوْلِيٰٓئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع ۱۴ ۱۱ ۱

یہ بات ڈالتے ہیں کہ وہ تم سے جھگڑا کریں۔ اور اگر تم اُن کی اطاعت کروگے توتم شرک کرنے والوں سے ہوجاؤگے۔(۱۲۱)

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِى

کیا جو پہلے مُردہ تھا توہم نے اسے زندہ کیاپھر اس کے لیے روشنی کردی جس کے ذریعے سے

النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِى الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ

وہ لوگوں میں چلتا ہے کیاوہ اس شخص جیسا ہو سکتا ہے جو ایسے اندھیروں میں پڑا ہو جہاں سے وہ نکل نہ سکے اسی طرح

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَدّ ،، - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٢﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِيْ كُلِّ

کافروں کے لیے مزین کردیا جوعمل وہ کرتے تھے ۔(۱۲۲) اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں بڑے لوگوں کو

قَرْيَةٍ اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ

مجرم بنادیا تاکہ وہ اس میں مکر وفریب کرلیں۔ اور جو مکر وفریب کرتے ہیں اس کا نقصان انہی کو ہے

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٢٣﴾ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى

اور اُنہیں شعور نہیں ہے۔(۱۲۳) اور جب ان کے پاس کوئی نشانی آتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم ہرگز

وقف لازم
وقف منزل

نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ

ایمان نہ لائیں گے جب تک ہمیں اسی طرح کا ملے جو اللہ کے رسولوں کو ملتا ہے۔اللہ بہتر جانتاہے جہاں وہ اپنی

رِسَالَتَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ

رسالت عنایت کرتا ہے عنقریب جرم کرنے والوں کو اللہ کی طرف سے ذلت اور شدید عذاب ملے گا

شَدِيْدٌۢ بِمَا كَانُوْا يَمْكُرُوْنَ ﴿١٢٤﴾ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ

اس لیے کہ وہ مکر و فریب کرتے تھے۔(۱۲۴) اور جسے اللہ ہدایت کی راہ دینا چاہتا ہے تو اس کا سینہ

صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا

اسلام کے لیے کھول دیتا ہے۔ اور جسے چاہتا ہے کہ گمراہ رہے تو اس کاسینہ گھٹا ہوا کردیتا ہے

حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ

گویا کہ وہ آسمان پر چڑھ رہا ہو۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر عذاب بھیجتا ہے

عَلَى الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢٥﴾ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ

جو ایمان نہیں لاتے۔(۱۲۵) اور یہ آپ کے رب کی طرف سے صراط مستقیم ہے۔ نصیحت

فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿١٢٦﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ

قبول کرنے والی قوم کے لیے ہم نے تفصیلی دلیلیں بیان کردی ہیں۔(۱۲۶) اُن کے رب کی طرف سے اس کے ہاں

وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٧﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ

سلامتی کا گھر ہے اور وہی اُن کا دوست ہے، یہ سب کچھ اُن کے اعمال کی وجہ سے ہے۔ (۱۲۷) اورجس دن اُن سب کو جمع کرے گا

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ

کہے گا اے جنوں کے گروہ تم نے بہت سے انسانوں کو گمراہ کیاہے۔ تو انسانوں میں سے اُن کے دوست کہیں گے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بے ہو) کی آواز کوخیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
"مَدّ" ،، تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّ بَلَغْنَاۤ اَجَلَنَا الَّذِیْۤ

کہ اے ہمارے رب ہم نے ایک دوسرے سے فائدہ اُٹھایا اور آخر اس معیاد کو پہنچ گئے ہیں

اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ

جو تو نے ہمارے لیے مقرر کی تھی۔ اللہ کہے گا کہ تمہارا ٹھکانا آگ ہے اس میں ہمیشہ رہو مگر جو اللہ چاہے۔

اِنَّ رَبَّكَ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ﴿۱۲۸﴾ وَ كَذٰلِكَ نُوَلِّیْ بَعْضَ الظّٰلِمِیْنَ

بیشک آپ کا رب حکمت والا علم والاہے۔ (۱۲۸) اور یونہی ہم بعض ظالموں کو بعض لوگوں پر

بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اَلَمْ ع ١٥ ٨ ٢

مسلط کردیتے ہیں یہ اِن کے کسب کا نتیجہ ہے۔ (۱۲۹) اے جنوں اور انسانوں کے گروہ

یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْكُمْ اٰیٰتِیْ وَ یُنْذِرُوْنَكُمْ

کیا تمہارے پاس ہمارے رسول نہ آئے تھے جوتم پر میری آیتیں پڑھتے تھے اور تمہیں اس دن کی ملاقات سے

لِقَآءَ یَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰۤى اَنْفُسِنَا وَ غَرَّتْهُمُ الْحَیٰوةُ

ڈراتے تھے۔ کہیں گے کہ ہاں ہماری جانیں اس پر گواہ ہیں اور اُنہیں دنیا کی زندگی

الدُّنْیَا وَ شَهِدُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِیْنَ ﴿۱۳۰﴾ ذٰلِكَ

نے فریب میں مبتلا کررکھا تھا اور وہ اپنے اوپر گواہی دیں گے کہ بیشک وہ کافر تھے۔(۱۳۰) اس وجہ سے

اَنْ لَّمْ یَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ اَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾

ایسا نہیں ہے کہ تمہارا رب بستیوں کو ظلم کے باعث ہلاک کرڈالے جبکہ وہاں کے رہنے والے بے خبر ہوں۔ (۱۳۱)

وَ لِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَ مَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

اور جوعمل کرتے ہیں اس کے لحاظ سے ہر ایک کے لیے درجے ہیں۔ اورجو کام وہ کرتے ہیں تمہارا رب اس بے خبر نہیں ہے۔(۱۳۲)

وَ رَبُّكَ الْغَنِیُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ یَّشَاْ یُذْهِبْكُمْ وَ یَسْتَخْلِفْ مِنْۢ

اور تمہارا رب غنی ہے ، رحمت والا ہے اگر چاہے تو تمہیں لے جائے اورتمہارے بعد جن لوگوں کو

بَعْدِكُمْ مَّا یَشَآءُ كَمَاۤ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّیَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِیْنَ ﴿۱۳۳﴾ؕ اِنَّ مَا

چاہے تمہاری جگہ پر لے آئے جیسا کہ تمہیں بھی دوسری قوم کی اولاد سے آباد کیا ہے۔(۱۳۳) بیشک جو

تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّ مَاۤ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِیْنَ ﴿۱۳۴﴾ قُلْ یٰقَوْمِ اعْمَلُوْا

وعدہ تم سے کیا گیا ہے وہ آنے والا ہے اور تم اسے عاجز نہیں کرسکتے۔(۱۳۴) فرما دیجیے اے میری قوم!

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ

تم اپنی جگہ پر عمل کیے جاؤ بیشک میں اپنا عمل کیے جاتا ہوں۔ عنقریب تمہیں علم ہوجائے گا کہ آخرت کا گھر کس کے لیے

عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿١٣٥﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ

اچھا ہے۔ بیشک ظالموں کے لیے فلاح نہیں ہے۔(۱۳۵) ان لوگوں نے فصلوں اور مویشیوں سے

مِنَ الْحَرْثِ وَ الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَ

اللہ تعالیٰ کے لیے حصہ مقرر کررکھا ہے اپنے ناقص خیال کے مطابق کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے لیے اور

هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ

یہ ہمارے شرکاء کے لئے ہے۔ تو جو حصہ ان کے شرکاء کا ہے تو وہ اللہ کو نہیں پہنچتا اور

مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿١٣٦﴾

جو اللہ کے لیے ہو تو وہ ان کے شریکوں کو پہنچ جاتا ہے، یہ کیسا برا فیصلہ ہے۔(۱۳۶)

وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ

اور اسی طرح بہت سے مشرکین کے لیے ان کے شریکوں نے اپنی اولاد کو قتل کردینا دلکش بنا رکھا ہے

لِيُرْدُوْهُمْ وَ لِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا

تاکہ اُنہیں برباد کردیں اور ان کے دین کو ان پر مشتبہ بنا دیں۔ اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ایسا نہ کرتے

فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ مَا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٧﴾ وَ قَالُوْا هٰذِهٖٓ اَنْعَامٌ وَّ

اور جو لوگ افتراء باندھتے ہیں اُنہیں چھوڑ دیجیے۔ (۱۳۷) اور وہ کہتے ہیں کہ یہ جانور اور

حَرْثٌ حِجْرٌ ۖ لَّا يَطْعَمُهَآ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَاَنْعَامٌ حُرِّمَتْ

لہلہاتی کھیتی ہے، اسے اس شخص کے سوا کوئی نہ کھائے جسے ہم چاہیں یہ اُن کا گمان ہے اور بعض مویشی ایسے ہیں

ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ

کہ ان پر سواری اور بوجھ لادنا منع کردیا ہے اور کچھ جانور ایسے ہیں جن پر ذبح کے وقت اللہ کا نام نہیں لیتے یہ سب اس پر افتراء ہے۔

سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿١٣٨﴾ وَقَالُوْا مَا فِىْ بُطُوْنِ هٰذِهِ

عنقریب اُنہیں افتراء باندھنے کی سزا دی جائے گی۔(۱۳۸) اور یہ بھی کہتے ہیں کہ مویشیوں کے پیٹ میں جو بچہ ہے

الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ

وہ صرف ہمارے مردوں کے لیے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے۔ اور اگر وہ بچہ مُردہ ہو

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

"مَدّ" - تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ۭ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ

تو پھر وہ سب اس کے کھانے میں شریک ہو سکتے ہیں۔ عنقریب ان کے کہنے کی اُنہیں سزا دے گا۔ بیشک وہ حکمت والا

عَلِيْمٌ ﴿١٣٩﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْٓا اَوْلَادَهُمْ سَفَهًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ

علم والاہے۔ (۱۳۹) جن لوگوں نے اپنی اولاد کوعلم کے بغیر بے وقوفی سے قتل کیا اور جو رزق اُنہیں

وَّحَرَّمُوْا مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ۭ قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا

دیا تھا اللہ پر افترا ءباندھ کراسے اپنے اُوپر حرام ٹھہرا لیا۔ بیشک وہ گمراہ ہو گئے

مُهْتَدِيْنَ ﴿١٤٠﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ ع ١٦ ١١ ٣

اور ہدایت پانے والے نہ تھے۔(۱۴۰) اور وہی ہے جس نے چھپروں چڑھے ہوئے باغات اور کچھ بغیر چڑھے ہوئے پیدا کیے ہیں

وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا

اور کھجوریں اورکھیتیاں جو کھانے میں مختلف ہیں اور زیتون اور انار بعض باتوں میں آپس میں مشابہ ہیں

وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ

اور غیر مشابہ بھی ہیں۔جب یہ پھل دیں تو ان کے پھل کھاؤ اور جس دن پھل توڑے جائیں تو

حَصَادِهٖ ڮ وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٤١﴾ وَمِنَ الْاَنْعَامِ

ان کا حق ادا کرو۔اور ضائع نہ کرو۔ بیشک اللہ تعالیٰ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ (۱۴۱) مویشیوں میں سے کچھ

حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۭ كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ

بوجھ اُٹھانے والے ہیں اوربعض زمین پر لٹا کر ذبح کرنے والے ہیں۔اللہ نے جو رزق تمہیں دیا ہے اسے کھاؤ اور شیطان کے قدموں کی

الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٤٢﴾ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ

پیروی نہ کرو۔ بیشک وہ تمہارا کُھلا دُشمن ہے۔(۱۴۲) چوپائے آٹھ نر اور مادہ ہیں دو بھیڑوں میں سے

اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ

اور دو بکریوں میں سے آپ پُوچھیے کہ کیا دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں

اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ نَبِّـُٔـوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ

مادہ یاوہ بچے جو بھیڑوں اور بکریوں کے پیٹ میں ہیں۔ اگر تم سچے ہو تو مجھے علم کی

صٰدِقِيْنَ ﴿١٤٣﴾ وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ

بنا پر خبر دو۔ (۱۴۳) اور اسی طرح ایک جوڑا اُونٹوں سے اور ایک جوڑا گائے سے۔ ان سے پوچھو

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ ،، تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

ءٰۤالذَّكَرَيۡنِ حَرَّمَ اَمِ الۡاُنۡثَيَيۡنِ اَمَّا اشۡتَمَلَتۡ عَلَيۡهِ اَرۡحَامُ

کہ کیا اللہ نے ان کے نر یا مادہ حرام کیے ہیں یا وہ بچے جو اونٹنیوں اور گائے کے پیٹ میں

الۡاُنۡثَيَيۡنِ ؕ اَمۡ كُنۡتُمۡ شُهَدَآءَ اِذۡ وَصّٰٮكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنۡ اَظۡلَمُ

ہیں۔ کیا تم اس وقت حاضر تھے جس وقت اللہ نے تمہیں اس بات کا حکم دیا تھا ۔ اس شخص سے زیادہ

مِمَّنِ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيۡرِ عِلۡمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹا بہتان باندھے علم کے بغیر لوگوں کو گمراہ کرے۔ بیشک اللہ

لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ ۝١٤٤ قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِىۡ مَاۤ اُوۡحِىَ اِلَىَّ ع

ظالموں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔(۱۴۴) آپ فرما دیجیے کہ جو میری طرف وحی کی گئی ہے

مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطۡعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنۡ يَّكُوۡنَ مَيۡتَةً اَوۡ دَمًا مَّسۡفُوۡحًا

میں اس میں یہ بات نہیں پاتا کہ کسی کھانے والے پر کوئی چیز حرام نہیں سوائے اس کے کہ جانور مردہ ہو یا خون جو بہہ رہا ہو

اَوۡ لَحۡمَ خِنۡزِيۡرٍ فَاِنَّهٗ رِجۡسٌ اَوۡ فِسۡقًا اُهِلَّ لِغَيۡرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ

یا سُور کا گوشت، یہ سب ناپاک ہیں یا کوئی فسق ہو کہ اللہ کے نام کے سوا کسی اور کے نام پر ذبح کیا گیا

اضۡطُرَّ غَيۡرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝١٤٥ وَعَلَى

ہو پھر اگر کوئی مجبوری میں نافرمانی اور حد سے بڑھے بغیر کھالے تو تمہارا رب درگزر کرنے والا رحم والا ہے۔ (۱۴۵) اور

الَّذِيۡنَ هَادُوۡا حَرَّمۡنَا كُلَّ ذِىۡ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الۡبَقَرِ وَالۡغَنَمِ

یہودیوں پر ہم نے سب ناخن والے جانور حرام کر دیئے اور ان پر گائے اور بکری کی چربی

حَرَّمۡنَا عَلَيۡهِمۡ شُحُوۡمَهُمَاۤ اِلَّا مَا حَمَلَتۡ ظُهُوۡرُهُمَاۤ اَوِ الۡحَوَايَاۤ

حرام کردی سوائے اس کے جو اُن کی پیٹھ پر لگی ہو یا آنتوں سے لگی ہو یا ہڈی سے

اَوۡ مَا اخۡتَلَطَ بِعَظۡمٍ ؕ ذٰلِكَ جَزَيۡنٰهُمۡ بِبَغۡيِهِمۡ ۖ وَاِنَّا لَصٰدِقُوۡنَ ۝١٤٦

لگی رہ جائے۔ یہ ہم نے ان کی سرکشی کے باعث اُنہیں سزا دی اور بیشک ہم سچے ہیں۔(۱۴۶)

فَاِنۡ كَذَّبُوۡكَ فَقُلْ رَّبُّكُمۡ ذُوۡ رَحۡمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاۡسُهٗ

اب اگر وہ تمہیں جھٹلائیں تو فرما دیجیے کہ تمہارے رب کی رحمت بڑی وسیع ہے۔ اور مجرموں کی قوم سے اس کا عذاب

عَنِ الۡقَوۡمِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ۝١٤٧ سَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡا لَوۡ شَآءَ اللّٰهُ

پھیرا نہیں جاسکتا۔(۱۴۷) عنقریب شرک کرنے والے کہیں گے اگر اللہ چاہتا تو ہم شرک نہ کرتے

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
مدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَاۗؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۭ كَذٰلِكَ كَذَّبَ

اور نہ ہمارے آباؤاجداد شرک کرتے اور نہ کسی چیز کو حرام قرار دیتے۔ اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے تھے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰي ذَاقُوْا بَاْسَنَا ۭ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ

اُنہوں نے جھٹلایا تھا حتیٰ کہ ان پر عذاب آگیا۔ آپ کہہ دیجیے کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے

عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ۭ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا

جو ہمارے سامنے نکال کرلے آؤ۔ تم تو صرف گمان کی پیروی کررہے ہو اور تم خیال آرائی

تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَاۗءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

کرنے والے ہو۔(۱۴۸) فرما دو کہ اللہ کی حجت غالب ہے۔ اگر وہ چاہتا تو سب کو ہدایت فرما دیتا۔ (۱۴۹)

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاۗءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ

کہہ دیجیے کہ اپنے اِن گواہوں کو لاؤ جو گواہی دیں کہ اللہ ہی نے اِن چیزوں کو حرام کیا ہے پھر اگر وہ گواہی دیں

فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

تو اے سننے والے! اُن کے ساتھ گواہی نہ دینا (اے مخاطب) اور نہ ان کی خواہشوں کی پیروی کرنا جو ہماری آیتوں کو

بِاٰيٰتِنَا وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ ع ۱۸/٦ ۵

جھٹلاتے ہیں اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور دوسروں کو اپنے رب کے برابر ٹھہراتے ہیں۔(۱۵۰)

قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـــًٔـا وَّ

آپ فرمایئے کہ آؤ میں تمہیں وہ چیزیں سناتا ہوں جوتمہارے رب نے تم پرحرام کی ہیں یہ کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ بنانا

بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ

اور والدین کے ساتھ احسان کرنا۔ اور غربت کے ڈر کے باعث اپنی اولاد کو قتل نہ کرنا ہم

نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا

اُنہیں اور تمہیں رزق دیتے ہیں۔ اور بے حیائی کے ظاہراً اور پوشیدہ کاموں کے پاس نہ جانا۔

بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ ذٰلِكُمْ

اور کسی شخص کو قتل نہ کرنا جسے اللہ نے حرام قرار دیا ہے بشرطیکہ اگر حق کے ساتھ ہو۔ یہ باتیں ہیں

وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا

جن کی تمہیں وصیت کی گئی ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔(۱۵۱) اور یتیم کے مال کے قریب نہ جانا مگر ایسے طریقے

غُنّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

● مدّ: تین الف کے برابر - پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی یَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَ اَوْفُوا الْكَیْلَ وَ الْمِیْزَانَ

سے جو احسن ہو یہاں تک کہ وہ جوان ہو جائے اور ماپ تول میں پورا انصاف کرو ۔ ہم کسی کو

بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَ

اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ اور جب بات کہو تو انصاف سے کہو خواہ

لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰی ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

وہ تمہارا رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو، اور جب اللہ سے وعدہ کرو تو پورا کرو۔ یہ تمہیں تاکید کر دی ہے تاکہ اس سے تم

تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٢﴾ وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا

نصیحت قبول کرو۔(۱۵۲) اور بیشک یہ میرا راستہ سیدھا ہے پس اس کی اتباع کرو۔ اور دوسرے راستوں پر

السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِیْلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ

نہ چلو کہ تم اس کی راہ سے علیحدہ نہ ہو جاؤ۔ اس نے اُن کا تمہیں حکم دیا ہے تاکہ تم

تَتَّقُوْنَ ﴿١٥٣﴾ ثُمَّ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَی الَّذِیْۤ اَحْسَنَ

متقی بن جاؤ۔ (۱۵۳) پھر ہم نے حضرت موسیٰ کو کتاب دی تھی تاکہ نیکوں پر اپنا احسان مکمل کردیں اور اس میں

وَ تَفْصِیْلًا لِّكُلِّ شَیْءٍ وَّ هُدًی وَّ رَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ

ہر چیز کی تفصیل ہے اور ہدایت ہے اور رحمت ہے تاکہ لوگ اپنے رب کی ملاقات

یُؤْمِنُوْنَ ﴿١٥٤﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَ اتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ ع ١٩ ٢ ٦

پر ایمان لائیں۔(۱۵۴) اور یہ برکت والی کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے پس اس کی اتباع کرو اور اللہ سے ڈرو

تُرْحَمُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَنْ تَقُوْلُوْۤا اِنَّمَاۤ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰی طَآىِٕفَتَیْنِ مِنْ

تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔(۱۵۵) یہ نہ کہو کہ بیشک کتاب تو ہم سے پہلے دو گروہوں کو دی گئی تھی۔

قَبْلِنَا ۠ وَاِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِیْنَ ﴿١٥٦﴾ اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّاۤ

اور ہم اس کے پڑھنے اور پڑھانے سے بے خبر تھے۔(۱۵۶) یا یہ کہو کہ اگر ہم پر کتاب

اُنْزِلَ عَلَیْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّاۤ اَهْدٰی مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَیِّنَةٌ

نازل کی گئی ہوتی تو ہم ان سے زیادہ ہدایت پانے والے ہوتے۔ تو تمہارے رب کی طرف

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ هُدًی وَّ رَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِ

سےتمہارے پاس روشن دلیل اور ہدایت اور رحمت آئی ۔تو اُس سے زیادہ ظالم کون ہوگا جو اللہ کی آیتوں کی تکذیب کرے

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ؕ سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا

اور ان سے منہ موڑے عنقریب ہم سزا دیں گے جو لوگ ہماری آیتوں سے منہ موڑتے ہیں،

سُوْٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ

اس منہ موڑنے کی وجہ سے اُنہیں بُرا عذاب دیاجائےگا۔ (۱۵۷) وہ کس کے انتظار میں ہیں یہ کہ اُن

تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِىَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِىَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ؕ يَوْمَ

کے پاس فرشتے آئیں یا تمہارا رب خود آئے یا آپ کے رب کی طرف سے کوئی نشانی آئے۔ جس دن

يَاْتِىْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ

تمہارے رب کی نشانی آجائے گی تو اس وقت کسی شخص کا ایمان لانا مفید نہ ہوگا

اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِىْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ

جو اس سے پہلے ایمان نہ لایا تھا یا جس نے اپنے ایمان میں بھلائی نہ کمائی۔ آپ فرمادیں

انْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ

تم انتظار کرو ہم بھی انتظار کرتے ہیں۔ (۱۵۸) بیشک جنھوں نے اپنے دین میں تفرقہ ڈالا اور

كَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِىْ شَىْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى

کئی گروہ بن گئے آپ کا اُن سے کوئی تعلق نہیں۔ اُن کا معاملہ اللہ

اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ

کے حوالے ہے پھر جووہ کرتے تھے اس سے تمہیں باخبر کردے گا۔(۱۵۹) جو کوئی ایک نیکی لائے گا

فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا

تو اس کے لیے اس کی مثل دس نیکیاں ہیں۔اور جو کوئی ایک برائی کرے گا تو اسے ایک برائی ہی

مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ قُلْ اِنَّنِىْ هَدٰىنِىْ رَبِّىْٓ اِلٰى

کی سزا ملے گی اور اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ (۱۶۰) فرما دیجیے کہ بیشک میرے رب نے مجھے

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَ

صراط مستقیم کی طرف ہدایت دے دی ہے ملت ابراہیمؑ کے مستحکم دین کی طرف جو حنیف تھے اور

مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ قُلْ اِنَّ صَلَاتِىْ وَنُسُكِىْ وَ

وہ مشرکین میں سے نہ تھے۔(۱۶۱) آپ فرمائیے کہ بیشک میری نماز اور میری قربانی اور

غُنَّة: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِيم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَة: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

● اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

● مَدّ: تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

مَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَ

میرا جینا اور میرا مرنا اللہ کے لیے ہے جوتمام جہانوں کا رب ہے۔ (۱۶۲) اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور

بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ

مجھے یہی حکم ہے کہ میں سب سے پہلے مسلمان ہوں۔(۱۶۳) فرما دیجیے کہ کیا

اَبْغِیْ رَبًّا وَّ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَیْءٍ ؕ وَ لَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ

میں اللہ کے سوا کسی اور رب کو تلاش کروں اور وہی ہر چیز کا رب ہے۔ اور ہر شخص جو کرے گا وہ

اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَ لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی ۚ ثُمَّ اِلٰی رَبِّكُمْ

اسی کے لیے ہے۔ اور کوئی بوجھ اُٹھانے والا کسی دوسرے کابوجھ نہ اُٹھائے گا پھر تم نے اپنے رب کی

مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَ هُوَ

طرف لوٹ کرجانا ہے تو وہ بتا دے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ (۱۶۴) اور وہی ہے

الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَ رَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ

جس نے تمھیں زمین میں اپنا خلیفہ بنایا۔ اور بعض کو بعض لوگوں پر بلند کر کے درجات دیے

دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِیْ مَاۤ اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖؗ

تاکہ جوکچھ اس نے دیا ہے اس میں آزمائش کرے۔ بیشک تمھارا رب جلد عذاب دینے والا ہے

ع النصف ۲۰ ۷

وَ اِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾ ع

اور بیشک وہ بخشنے والا رحم فرمانے والا ہے۔(۱۶۵)

سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ ۷ مَكِّيَّةٌ ۳۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰيَاتُهَا ۲۰۶ رُكُوْعَاتُهَا ۲۴

سورۃ الاعراف مکی ہے — اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے — اس میں ۲۰۶ آیات اور ۲۴ رکوع ہیں۔

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾ ج كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِیْ صَدْرِكَ حَرَجٌ

الف، لام، میم، صاد۔(۱) اے محبوب! یہ کتاب آپ پر نازل کی گئی ہے۔ اس سے تمھارے دل

مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَ ذِكْرٰی لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾ اِتَّبِعُوْا مَاۤ اُنْزِلَ

میں رکاوٹ نہ ہو، تاکہ آپ اس سے ڈرائیں اور ایمان والوں کے لیے نصیحت ہے ۔(۲) لوگو!تمہارے رب کی طرف سے

اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ؕ قَلِيْلًا مَّا

جو تم پر نازل ہوا ہے اس پر چلو اور اس کے سوا دوسرے سرپرستوں کی پیروی نہ کرو۔ تم کم ہی نصیحت

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا — قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا — تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
اِخْفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا — کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے
مَدّ ،،۔ تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

تَذَكَّرُوْنَ ۝٣ وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ

قبول کرتے ہو۔(۳) اور کتنی بستیاں تھیں جنھیں ہم نے ہلاک کردیا اُن پر ہمارا عذاب رات کو آیا یا دوپہر کو

هُمْ قَآئِلُوْنَ ۝٤ فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ اِلَّآ اَنْ

جب کہ وہ سوتے تھے۔ (۴) جب اُن پر ہمارا عذاب آیا تو اس کے سوا اُن کی پکار اور کچھ نہ تھی کہ اُنھوں نے کہا

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝٥ فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ

کہ ہم ظالموں میں سے تھے۔ (۵) ہم ان سے ضرور پوچھیں گے جن کے پاس رسول بھیجے گئے

وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۝٦ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا

اور مرسلین سے بھی پوچھیں گے۔(۶) پھر ہم اپنے علم سے ان کے حالات بیان کردیں گے۔ اور ہم

غَآئِبِيْنَ ۝٧ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ۣالْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ

اُن سے غائب نہ تھے۔(۷) اور اُس دن اعمال کا وزن ہونا برحق ہے پس جن کے اعمال کا وزن بھاری ہوگا

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٨ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ

تو وہ فلاح پانے والے ہوں گے۔(۸) اور جن کے وزن کے پلڑے ہلکے ہوں گے تو وہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝٩ وَ

جنھوں نے خود کو خسارے میں ڈالا کیونکہ وہ ہماری آیتوں کے ساتھ ظلم کرتے تھے۔(۹) اور

لَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا

بیشک ہم نے تمھیں زمین میں آباد کردیا اور اس میں تمہارے لیے ذرائع معاش بنا دیے مگر تم میں سے کم ہی

مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝١٠ ع وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا ع ۱ ۸

شکر کرتے ہیں۔ (۱۰) اور بیشک ہم نے تمہاری تخلیق کی پھر تمہاری صورت بنائی پھر ہم نے

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ

فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو۔ تواُنھوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے نہ کیا۔ کیونکہ وہ سجدہ کرنے والوں میں

السّٰجِدِيْنَ ۝١١ قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ

سے نہ تھا۔ (۱۱) اسے کہا کہ سجدہ کرنے سے تمھیں کس چیز نے روکا جبکہ میں نے تمھیں حکم دیا تھا۔ تو اس نے کہا کہ میں

مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِىْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝١٢ قَالَ فَاهْبِطْ

اس سے بہتر ہوں کیونکہ میں آگ سے پیدا ہوا ہوں اور اس کو مٹی سے بنایا گیاہے۔ (۱۲) فرمایا تو یہاں سے

غُنَّه: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مَدّ: تین الف کے برابر۔ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تَفْخِيْم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قَلْقَلَه: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ
اُتر جا تیرے لیے یہ نہ تھا کہ تو یہاں تکبر کرے پس نکل جا بیشک تو ذلیلوں
الصّٰغِرِيْنَ ﴿١٣﴾ قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٤﴾ قَالَ اِنَّكَ
میں سے ہے۔(۱۳) بولا کہ مجھے لوگوں کے دوبارہ اُٹھائے جانے تک مہلت دے۔(۱۴) اللہ نے کہا بیشک تجھے
مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿١٥﴾ قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ
مہلت دے دی گئی۔(۱۵) شیطان نے کہا کہ جس طرح تونے مجھے بے راہ کیا ہے اسی طرح میں تیرے سیدھے
الْمُسْتَقِيْمَ ﴿١٦﴾ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ
راستے پر اُنہیں گمراہ کرنے کے لیے بیٹھوں گا۔ (۱۶) میں اُنہیں بہکانے کے لئے اُن کے آگے اوراُن کے
وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ﴿١٧﴾
پیچھے اور اُن کے دائیں اور اُن کے بائیں سے آؤں گا۔ اور تو اُن میں سے اکثر کو شکر گزار نہ پائے گا۔(۱۷)
قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ
اللہ نے کہا کہ اے رد کیے گئے اور راندھے ہوئے یہاں سے نکل جا۔جو اُن میں سے تیری پیروی کریں گے تجھ سمیت
جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٨﴾ وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ
ان سے جہنم کو بھردوں گا۔ (۱۸) اے آدم! تو اور تیری بیوی دونوں جنت میں رہو
فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا
جہاں سے چاہو کھاؤ اور اس درخت کے قریب نہ جانا ورنہ تم حد سے بڑھنے والوں
مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا
سے ہوجاؤ گے۔(۱۹) تو شیطان نے اُن کے دلوں میں وسوسہ ڈالا تاکہ اُن کی شرم گاہیں
وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهٰكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ
جو اُن سے چھپی ہوئی تھیں اُن کے سامنے کھول دے اور کہنے لگا کہ تمہارے رب نے تمہیں اس درخت سے
الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَ
منع کیا ہے کہ کہیں تم فرشتے نہ بن جاؤ یا ہمیشہ جینے والے نہ ہوجاؤ۔(۲۰) اور
قَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢١﴾ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا
ان دونوں سے قسم کھا کرکہا کہ بیشک میں تمہارا خیر خواہ ہوں۔(۲۱) تو اس طرح اُن کو فریب میں پھنسا لیا۔تو پھر

غُنّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ۔ تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ۔ قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
مدّ: ۔۔ تین الف کے برابر ـ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا

جب اُنہوں نے وہ درخت چکھ لیا تو اُن کی شرمگاہیں کھل گئیں تو وہ اُن پر جنت کے پتے

مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ اَلَمْ اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا

چپٹانے لگ گئے۔ تو ان کے رب نے اُنہیں کہا کہ کیا میں نے تمہیں اس درخت سے

الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَاۤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾ قَالَا

منع نہ کیا تھا اور کہا نہ تھا کہ شیطان تمہارا کھلا دُشمن ہے۔(۲۲) دونوں نے کہا

رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا ٚ سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

اے ہمارے رب ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ۔ اور اگر تو ہماری بخشش نہ کرے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم نقصان

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمْ فِى

اُٹھانے والوں میں سے ہوجائیں گے۔(۲۳) اللہ نے فرمایا اُتر جاؤ کیونکہ تم ایک دوسرے کے دُشمن ہوگئے ہو۔ اورتمہارے لیے زمین

الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَ

مقررہ مدت تک قرار اور سامان زندگی ہے۔(۲۴) فرمایا کہ وہیں تمہیں زندہ رہنا ہے اور

فِيْهَا تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع يٰبَنِىْۤ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ ع ۲ ۱۵ ۹

وہیں مرنا ہے اوراسی سے اُٹھائے جاؤ گے۔ (۲۵) اے آدم کی اولاد ہم نے تم پر لباس نازل کیا ہے

لِبَاسًا يُّوَارِىْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ

جس سے شرمگاہیں ڈھانپ سکتے ہو اور اس میں آرائش بھی ہے اور تقویٰ کا لباس سب سے بہتر ہے۔

ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِىْۤ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ

یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں ہے تاکہ وہ نصیحت قبول کریں۔(۲۶) اے آدم کی اولاد! شیطان کہیں

الشَّيْطٰنُ كَمَاۤ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا

تمہیں فتنے میں مبتلا نہ کر دے جیسا کہ تمہارے ماں باپ کوجنت سے نکلوا دیا اور اُن سے اُن کا لباس اُتروا دیا تاکہ

لِيُرِيَهُمَا سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ

شرم کی جگہیں نظر آئیں۔ بیشک وہ اور اُس کا کنبہ تمہیں اس جگہ سے دیکھتا ہے جہاں سے تم اُنہیں نہیں

اِنَّا جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَاۤءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾ وَاِذَا فَعَلُوْا

دیکھ سکتے۔ بیشک ہم نے شیطانوں کو اُن کا دوست بنا دیا جو ایمان نہیں لاتے۔(۲۷) اورجب کوئی

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بّ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ

بے حیائی کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو ایسا ہی کرتے پایا ہے اوراللہ نے ہمیں اس کا حکم دیا ہے۔تو آپ فرمادیں

اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾

کہ اللہ بے حیائی کا حکم نہیں دیتا۔ کیا تم اللہ کے بارے میں وہ بات کہتے ہو جس کا تمہیں علم نہیں ہے۔(۲۸)

قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۫ وَ اَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ

آپ کہہ دیں کہ اللہ نے مجھے انصاف کا حکم دیا ہے ۔ اور ہر نماز کے وقت اپنے چہرے کو قبلہ کی طرف سیدھا رکھا کرو

وَّ ادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۬ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾ؕ

اپنے دین میں اخلاص کے ساتھ اسی کو پکارو جس طرح اس نے پیدا کیا ہے اسی طرح تم لوٹو گے۔(۲۹)

فَرِيْقًا هَدٰى وَ فَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا

ایک فریق نے ہدایت پائی اور ایک فریق پرگمراہی ثابت ہوئی کیونکہ اُنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر

الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾

شیطانوں کو اپنا دوست بنا لیا تھا اور وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہدایت پر ہیں۔(۳۰)

يٰبَنِيْۤ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا

اے آدم کی اولاد ہر نماز کے لیے خود کو سنوار لیا کرو۔ اور کھاؤ اور پیو

وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ع قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ ع ۳ ۲۶ ۱۰

اور اِسراف نہ کرو۔ بیشک وہ اِسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ (۳۱) فرما دیجیے کہ اپنے بندوں کے لیے جوزینت

الَّتِيْۤ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ

اس نے بنائی ہے اور رزق میں سے پاکیزہ چیزیں کس نے حرام کی ہیں۔ آپ فرمائیے کہ یہ چیزیں

اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

دنیا کی زندگی میں بھی ایمان والوں کے لیے ہیں قیامت کے دن تو خاص کرانہی کا حصہ ہے۔ہم اسی طرح علم رکھنے والی

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾ قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا

قوم کے لیے تفصیل سے اپنی آیتیں بیان کرتے ہیں۔(۳۲) آپ فرمائیے کہ بیشک میرے رب نے بے حیائی کی ظاہری

ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَ اَنْ تُشْرِكُوْا

اور پوشیدہ باتوں کو اور گناہ کو اور ناحق زیادتی کرنے کو حرام کر دیا ہے اور اس کو بھی یہ کہ تم اللہ

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا
اِخفا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا
"مَدّ" ۔ تین الف کے برابر — پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے
تفخیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا
قلقلہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا
کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا

کے ساتھ شرک کرو جس کے لیے کوئی دلیل نازل نہیں ہوئی،اور یہ کہ اللہ پروہ بات کہو جو تم

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ

نہیں جانتے۔ (۳۳) اور ہر اُمت کے لیے ایک وقت مقرر ہے پس جب مقررہ وقت آجائے تو ایک لمحہ نہ

سَاعَةً وَّ لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

وہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ وہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔ (۳۴) اے اولاد آدم! اگر تم میں سےتمہارے پاس میرے رسول آئیں

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

جو تم پر میری آیتیں بیان کریں تو اُنہیں مانو تو جس نے تقویٰ اختیار کیا اور اصلاح کرلی تو اُن پر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ

کوئی خوف نہیں اورنہ وہ غمزدہ ہوں گے۔ (۳۵) اور جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور اُن سے تکبر کیا تو وہی لوگ

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى

آگ والے ہیں۔ وہ اِس میں ہمیشہ رہیں گے۔(۳۶) کون زیادہ ظالم ہے جس نے اللہ پر جھوٹی

عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ

افتراء باندھی یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا۔ اُنہیں اُن کا حصہ جو لکھا جاچکا ہے مِل جائے گا۔

الْكِتٰبِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ

جب ان کی جان نکالنے کے لیے ہمارے بھیجے ہوئے ان کے پاس آئیں گے تو کہیں گے کہ اللہ کے سوا

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَ شَهِدُوْا عَلٰٓى

جنھیں تم پکارتے تھے کہاں ہیں۔ وہ کہیں گے کہ وہ ہم سے دُور ہو گئے ہیں

اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ

اور اپنی جانوں پر خود ہی گواہی دیں گے کہ بیشک وہ کافر تھے۔ (۳۷) اللہ اُن سے کہے گا کہ جنوں اور انسانوں کی جو اُمتیں پہلے

مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ۭ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ

ہو چکی ہیں تم بھی ان کے ساتھ آگ میں داخل ہو جاؤ تو جو گروہ پہلے داخل ہوگا وہ دوسرے پرلعنت کرے گا۔

اُخْتَهَا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا

یہاں تک کہ جب سب اس میں داخل ہو جائیں گے تو بعد میں آنے والے پہلے آنے والوں کے بارے میں کہیں گے کہ اے ہمارے رب

غُنَّہ: نون مشدد اور میم مشدد کی آواز کو ایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (ب ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا

کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز اُلٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کر کے پڑھیں گے

مَدّ: تین الف کے برابر ~ پانچ الف کے برابر لمبا کر کے پڑھنا واجب ہے

هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۬ قَالَ لِكُلٍّ
انہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا تو اُن کو آگ سے دُگنا عذاب دے، اللہ کہے گا کہ ہر ایک
ضِعْفٌ وَّ لٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿٣٨﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ
کے لیے دُگنا عذاب ہے لیکن تم نہیں جانتے۔ (۳۸) پہلی اُمتیں بعد والی اُمتوں سے کہیں گی کہ تم کو ہم پر کوئی
لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿٣٩﴾ ۴ ع ۸ ۱۱
فضلیت نہیں ہے پس جو کچھ کسب کیا کرتے تھے اس وجہ سے عذاب کا مزہ چکھو۔(۳۹)
اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ
بیشک جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور ان سے سرکشی کی ان کے لئے آسمان کے دروازے نہ کھولے
السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ
جائیں گے اوروہ اس وقت تک جنت میں داخل نہ ہوں گے جب تک اُونٹ سُوئی کے ناکے میں داخل نہ ہو۔
وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٤٠﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ
اور ہم مجرموں کو اس طرح کا بدلہ دیتے ہیں۔(۴۰) ان کے لیے جہنم کا بچھونا اور ان کے لیے
فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اسی کا اوڑھنا ہوگا۔ اور یہ ظالموں کی جزا ہے۔ (۴۱) اور جولوگ ایمان لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۡ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
اور اُنہوں نے نیک عمل کیے ہم کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے ۔ وہ لوگ
الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ
جنتی ہیں۔ وہ اِس میں ہمیشہ رہیں گے۔ (۴۲) اور ہم اُن کے سینوں سے کدورت کو نِکال دیں گے۔
غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
اُن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ اوروہ کہیں گے ساری تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے
هَدٰىنَا لِهٰذَا ۗ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ
ہمیں اس کی راہ دکھلائی۔ اگر وہ ہمیں ہدایت نہ دیتا تو ہم ہدایت نہ پا سکتے تھے۔ بیشک ہمارے ربّ
رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا
کے رسُول حق کے ساتھ آئے۔ اور منادی کردی جائے گی یہی وہ جنت ہے جس کا تمہیں وارث بنا دیا گیا۔

الثلثة

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ

اس وجہ سے کہ تم نیک عمل کرتے تھے۔(۴۳) اور جنت والے دوزخ والوں کو آوازیں دیں گے کہ جو وعدہ ہمارے

وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ

رب نے ہم سے کیا تھا ہم نے اسے سچ پایا ہے جو وعدہ تمہارے رب نے تمہارے ساتھ کیا تھا

حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى

کیا تم نے بھی اسے سچ پایا، وہ کہیں گے ہاں، تو پھر ایک اعلان کرنے والا اُن کے درمیان اعلان کرے گا یہ کہ

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ ۙ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ

ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔(۴۴) جو لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکتے اور اس میں عیب تلاش کرتے

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ ۘ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ وقف لازم باختلاف

اور وہی آخرت کا انکار کرتے تھے۔(۴۵) اور دونوں کے درمیان حجاب ہے جسے اعراف کہتے ہیں

رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّاۢ بِسِيْمٰىهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ

اِس اعراف پر کچھ مرد ہوں گے جوسب کو اُن کی علامتوں سے جانتے ہوں گے۔ اور وہ جنت والوں کو آواز دیں گے کہ

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۟ قف لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ

تم پرسلامتی ہو۔ وہ ابھی جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے اور وہ اُمید رکھتے ہوں گے۔(۴۶)اور جب اُن کی نظریں

اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ

اہل دوزخ کی طرف اُٹھیں گی تو وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں ظالم قوم میں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ ع وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰىهُمْ ع ۵ ۸ ۱۲

شامل نہ کر۔ (۴۷) اور اعراف والے اُن لوگوں کو پکاریں گے جنھیں وہ علامتوں سے پہچانتے ہوں گے

قَالُوْا مَاۤ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ اَهٰۤؤُلَآءِ

اور کہیں گے کہ تمہارے گروہ نے تمہیں نہ فائدہ پہنچایا او رنہ تمہارا تکبر کام آیا۔ (۴۸) کیا یہ وہی مومن ہیں

الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ

کہ جن کے بارے میں تم قسمیں اُٹھایا کرتے تھے کہ اللہ اپنی رحمت سے اُنہیں کچھ نہیں دے گا۔ مومنو! جنت میں داخل

عَلَيْكُمْ وَلَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ

ہو جاؤ تم پر کوئی خوف نہیں اور نہ تم غمزدہ ہوگے۔ (۴۹) اور دوزخ والے اصحاب جنت کو

غُنَّہ: نون مشدّد اور میم مشدّد کی آواز کوایک الف کے برابر لمبا کرنا ● تَفْخِیم: حروف کو پُر یعنی آواز کو موٹا رکھنا ● قَلْقَلَہ: ساکن حرف کو ہلا کر پڑھنا

اِخْفَا: نون ساکن اور تنوین اور میم ساکن جس کے بعد (بؔ ہو) کی آواز کو خیشوم (ناک) میں چھپا کر پڑھنا ● کھڑا زبر الف کی آواز کھڑی زیر یا کی آواز الٹا پیش واؤ کی آواز دیتے ہیں۔ ان سب کو ایک الف کے برابر لمبا کرکے پڑھیں گے

● "مَدّ" ۔۔تین الف کے برابر ۔ پانچ الف کے برابر لمبا کرکے پڑھنا واجب ہے

الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْۤا

آوازیں دیں گے کہ ہم پر کچھ پانی اورجو رزق اللہ نے تمہیں دیا ہے پھینکو تو وہ کہیں گے

اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۵۰﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا

کہ بیشک اللہ نے یہ دونوں چیزیں کافروں پر حرام کردی ہیں۔ (۵۰) جنھوں نے اپنے دین کو لہوولعب

وَّ لَعِبًا وَّ غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ

بنا لیا تھا اور دنیا کی زندگی میں وہ فریب میں مبتلا ہوگئے تھے توجس طرح اُنہوں نے اُس دن کی ملاقات کوبھلا دیا تھا

يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ

اسی طرح آج ہم اُنہیں بھولے ہیں اور جس طرح یہ لوگ ہماری آیتوں کا انکار کیا کرتے تھے۔(۵۱) اور بیشک ہم اُن کے پاس

بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّ رَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

ایک کتاب لے آئے جس میں ایمان والی قوم کے لیے علم ہدایت اور رحمت کو تفصیل سے بیان کردیا گیا ہے۔(۵۲)

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

کاہے کاانتظار ہے کہ اس کتاب کابیان کردہ انجام سامنے آئے جس دن انجام سامنے آئے گا تو کہہ اُٹھیں گے

نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ

کہ ہم اسے پہلے بھلا بیٹھے تھے کہ بیشک ہمارے رب کے رسول حق کے ساتھ آئے۔ کیا ہماری شفاعت کرنے والے

شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ

سفارشی ہیں یا ہمیں واپس بھیج دیاجائے تاکہ پہلے عملوں کی جگہ پر اچھے عمل کرکے

قَدْ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ اِنَّ ع ٦ ١٤

آئیں۔ یقیناً اُنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان کیا اور وہ ان سے جاتا رہا جو وہ افتراء باندھتے تھے۔(۵۳) بیشک

رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ

تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر

اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ

عرش پر جلوہ گر ہوگیا۔ رات کو دن سے بدلتا ہے اور پھر دن کو رات کے پیچھے دوڑاتا ہے۔

وَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ

